مفروضہ پر مبنی نقصانات کا ذکر کر کے اس بل کے محرکین اور تائید کرنے والے پورے اراکین سینٹ کے جذبات کو مجروح کیا ہے اور انہیں اس بل کی تائید سے دست بردار ہونے کی ترغیب دی ہے۔ تو دوسری طرف مجوزہ نویں ترمیمی بل کے بارے میں اس معاہدہ کو بھی مجروح کیا ہے جو جناب وزیر اعظم صاحب کی قیادت میں مذکورہ وزراء اور سینٹ کے معزز ارکان کے درمیان طے ہوا ہے کیونکہ نویں ترمیمی بل میں آئین کی شق (سی) (ا)۔

جناب حسن اے شیخ پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

مولانا سمیع الحق : جناب اس پر بھی پوائنٹ آف آرڈر ہو سکتا ہے؟

**Mr. Hasan A. Shaikh :** Point of order, Sir, there must be some privilege of a member of the Senate. If the honourable Minister now, says that this is not feasible and when the Bill comes before the House, he may or may not say that. So, at this stage it does not involve any question of privilege of the honourable Member.

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! یہ روایت تو غلط ہے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین! مولانا سمیع الحق شریعت بل کے mover ہیں اور ان کا یہ حق ہے کہ وہ اس کی protection کے لئے یہاں بات کریں۔ کابینہ کا کام ہاؤس کے فیصلے کو implement کرنا ہے ہاؤس پر اثر انداز ہونا نہیں، اور پہلے سے ایک بل کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں کو مسموم کرنا یہ کیبنٹ کے فرائض میں شامل نہیں ہے۔ اس لئے میں حسن اے شیخ کے پوائنٹ کی وضاحت کر رہا ہوں کہ ان کا پرو یلج اس میں بہت زیادہ involve ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ، مولانا صاحب۔

مولانا سمیع الحق : اس کے پڑھنے سے پہلے میں آپ سے اسکی ذرا وضاحت چاہتا ہوں۔ آیا کسی تحریک استحقاق یا تحریک التواء کے متن سنانے کے دوران کوئی ممبر پوائنٹ آف آرڈر اٹھا سکتا ہے یہ ذرا آپ واضح کریں۔ آپ جب تک اس پر رولنگ نہیں دیں گے تو میں آگے نہیں بڑھو نگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : دراصل آپ رولنگ کے متعلق فرما رہے ہیں۔ پوائنٹ آف آرڈر اس ہاؤس میں غلط طریقے سے ہمیشہ استعمال کیا گیا ہے۔ پوائنٹ آف آرڈر کے

متعلق یہاں ایک غلط روش چل پڑی ہے جو بھی کسی نے کوئی بات کرنی ہو' تو وہ پوائنٹ آف آرڈر کا سہارا لیکر ہمیشہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ سختی سے پوائنٹ آف آرڈر کے متعلق کہیں' تو اگر جناب شیخ صاحب کا نہیں تھا تو حضرت مولانا صاحب کا بھی نہیں تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ اس طرح گستاخی ہوتی ہے اگر رولز کو انفورس کیا جائے۔ فاضل اراکین خود بخود اس پر نظر فرمائیں۔ فرمایئے

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! کیونکہ نویں ترمیمی بل میں شق کی ۲۰۳(سی) کا تعلق بھی مالی معاملات میں شرعی عدالت کے دائرہ اختیار کو محدود کرنے والی شق کو حذف کرنے سے ہے لہٰذا جناب والا! اس طرح پیشگی خطرات اور خدشات کے اظہار سے ارکان اور عوام کو غلط راستہ پر ڈالنے کی سعی کی گئی ہے اور نظام شریعت کا ملک وملت کے لئے نقصان دہ ہونے کا صریحاً اظہار کیا گیا ہے۔ اس لئے ازراہ کرم اس معاملہ کو زیر غور لایا جائے۔ جناب چیئرمین صاحب! جیسا کہ ہمارے فاضل دوست مولانا کوثر نیازی صاحب نے مختصراً فرمایا کہ اس بل کے محرک کے لئے ایسی کوئی بھی بات انتہائی تشویش کی بات ہے جو اس سطح پر کی جائے خصوصاً حکومتی حلقوں کی طرف سے آئندہ چند روز میں زیر غور آنے والے بل پر اثر انداز ہونا۔ تو اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ اقتصادی اور معاشی خطرات کو سامنے لا کر اور اپنے مفروضات پر مبنی ایک چیز کو پوری کابینہ کے سامنے لا کر وزیر اعظم صاحب کے سامنے اظہار کیا ہے کہ شریعت بل کی کوئی دفعہ اگر آئے گی تو اس ملک کو ۱۰ ارب روپے کا نقصان ہو گا۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جناب وزیر محترم کے یہ خدشات بالکل غلط ہیں' قرآن وحدیث اللہ اور اس کے رسول کا اعلان تو یہ ہے کہ جہاں شریعت آ جائے وہاں اللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں کی برکتیں آسمانوں اور زمینوں کے دروازے کھول کر اس ملک پر برساتا ہے۔

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ ایک طرف تو وزیر صاحب اعلان کر رہے ہیں کہ ملک کا سارا معاشی نظام شریعت کے مطابق ہو گیا ہے اور سودی نظام بالکل ختم ہو گیا ہے وہ سارے اس نظام' یعنی بینکنگ وغیرہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ غیر سودی ہے۔ اسلامی بنکاری یہاں رائج ہو چکی ہے۔ اس صورت میں شریعت بل کی کوئی بات آتی ہے تو وہ کس طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ اسلام میں بھی ٹیکسوں کا اپنا ایک نظام ہے۔ اسلام میں یہ نہیں ہے کہ خزانہ بالکل خالی ہو جائے۔

بہر حال اس نکتے پر میں بعد میں کسی وقت بات کرونگا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جناب وزیر صاحب نے پوری کابینہ میں ایک بات کی اور وزیر اعظم صاحب کو اور سب لوگوں کو خطرات میں ڈال دیا۔ ایسے ہی حضرات جو مشورے دیتے ہیں' شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار ہوتے ہیں انہوں نے پچھلے آٹھ سال میں جناب صدر صاحب کے مخلصانہ عزائم کے باوجود اس سمت میں آگے قدم بڑھانے کا موقع نہیں دیا۔ وہ چاروں طرف سے ان کو ایسے گھیراؤ میں لے لیتے ہیں کہ جہاں شریعت کی بات آتی ہے وہ مفروضات پر مبنی ایسے خطرات ان کے سامنے کر دیتے ہیں کہ وہ متاثر ہو جاتے ہیں۔ اس طرح اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی اور بہت سے ارکان کے دلوں میں خواہ مخواہ یہ کھٹکا آیا ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اس بل کے لئے ہماری جو جدوجہد' جو سعی ہے تمام ارکان سینٹ کی' وہ مجروح ہوتی ہے۔ پھر نویں ترمیمی بل کا تعلق بھی اسی شق سے ہے۔ ۲۰۳ (سی) کے ذریعے ہم اسے حذف کرا کے مالی معاملات اور معیشت اور نظام معیشت کے بارے میں شریعت کی بالادستی چاہتے ہیں۔ تو ان کے یہ جو خطرات ہیں یہ براہ راست شریعت بل کے بارے میں ہیں اور بالواسطہ نویں ترمیمی بل کے بارے میں ہیں۔ جبکہ انہوں نے ہمارے ساتھ معاہدہ کیا ہے اور ہمارے ساتھ agree کر چکے ہیں کہ ۲۰۳ شق میں ترمیم کی جائے۔ اور اس ٹیم کے سربراہ وزیر اعظم صاحب کے ساتھ' ڈاکٹر محبوب الحق صاحب تھے۔ میں سمجھتا ہوں انہوں نے اس معاہدے کو بھی لازماً مجروح کیا ہے۔ اور آگے چل کر وہ نویں ترمیمی بل میں ہمارے ساتھ کیا تعاون کریں گے۔ جبکہ وہ قوم کو یہ تاثر دے رہے ہیں کہ دس ارب روپے سالانہ کا نقصان ہو گا۔ اس لحاظ سے جناب چیئرمین! آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ اس استحقاق کے مسئلے کو زیر غور لایا جائے۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: جناب وزیر عدل وانصاف صاحب

<u>جناب اقبال احمد خان</u>: جناب والا! ابھی ایڈمسبلٹی کی بات ہے۔ تقریریں تو بعد میں کیجئے جب ایڈمسبل ہو جائے گی۔ تو مجھے عرض کرنے دیجئے کیا یہ ایڈمسبل بھی ہے یا نہیں ہے۔ ابھی جناب چیئرمین نے ارشاد فرمایا تھا جو ممبر چاہے پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہو کر بات کر دے لیکن وہ قواعد کے مطابق نہیں ہے۔ اس لئے جہاں تک قواعد کی بات ہے جہاں ہم ڈسپلن کی بات کرتے ہیں ہمیں قواعد کا بھی خیال کرنا چاہئے۔ یونہی ہر چیز پر بات کرنا قواعد کے مطابق تو نہیں ہوتا۔ لیکن اگر چیئرمین صاحب اجازت دے دیں تو میں کچھ نہیں عرض کر سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین فرمایئے!

جناب اقبال احمد خان : جناب والا یہ Privilege motion ناقابل قبول ہے۔ اسمیں ایک تو دو تین واقعات کا ذکر کیا ہوا ہے یہ Specific matter کے متعلق ہے ہی نہیں۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ کیبنٹ کی Proceeding ہمیشہ Secret ہوتی ہے اسلیئے وہاں کی بحث کا یہاں اظہار نہیں ہو سکتا۔ ایک اخبار نے اپنی طرف سے خبر دے دی اور اس سے یہ کہنا کہ استحقاق اس لئے مجروح ہوا ہے کیونکہ وہ بل اس معزز ایوان کے اندر زیر بحث آنا ہے۔ اس ایوان کے اندر ہر معزز رکن کو پورا پورا حق ہے کہ وہ اس بل پر جس Angle سے چاہیں اظہار کر سکتے ہیں کہ ابھی وہ بل یہاں نہیں آیا اور یہ کہنا کہ اس بل کے متعلق کیبنٹ میں کوئی بات ہوئی ہے یہ قبل از وقت بات ہے اور کوئی مناسب بات بھی نہیں۔ اسی موشن میں معزز رکن نے کہا کہ وزیر اعظم نے نویں ترمیم کے متعلق کوئی بات کی ہوئی ہے اور نویں ترمیم بل کا حاصل بھی یہی ہے جو انکے کہنے کے مطابق شریعت بل کا ہے۔ میں ویسے معزز رکن کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ کل ہی جناب وزیر اعظم صاحب نے ان تمام معزز سینٹر صاحبان کو 9th Amendment Bill پر discussion کیلیئے دعوت دی ہے جو آج شام کو تقریباً پونے چار بجے ان سے مل رہے ہیں۔

اسلیئے اس موقع پر یہ خدشات بالکل بے بنیاد ہیں کہ کوئی حکومت کی طرف سے کسی طریقے سے influence کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ وہ بل کو پاس نہ کریں ممبران سینٹ و قومی اسمبلی مکمل با اختیار ہیں، صاحب فکر ہیں وہ کیسے influence ہونگے۔ ان کو اس ملک کے بہترین مفاد اور شریعت کے نفاذ کیلیئے ہمہ تن اللہ کی خوشنودی کے لئے کام کرنا ہو گا۔ تو گزارش ہے کہ موشن ناقابل قبول ہے۔ چونکہ اس بناء پر وزیر اعظم صاحب آج آپکو مل رہے ہیں اسلیئے وہاں بات ہو سکتی ہے اور وہ نواں ترمیمی بل اسی سیشن میں پیش ہو رہا ہے۔ لہٰذا قبل از وقت خطرات کا اظہار کرنا مناسب نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ بل یہاں آئیگا سب اظہار خیال کریں گے اور یہ بل اس ایوان کے بعد قومی اسمبلی میں بھی جائے گا۔ تو ان سے ادب سے گزارش ہے کہ وہ اس موشن پر زور نہ دیں۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! میں اقبال احمد صاحب کی اس بات کی تائید کرتا ہوں میرا موقف یہ نہیں ہے کہ حکومت اپنے وعدے سے روگردانی کر رہی ہے یا شریعت بل یا آئینی ترمیمی بل نہیں پیش ہو رہا ہے۔ میرا یقین ہے کہ انشاء اللہ وہ یہ پیش کریں گے - جیسے

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

اقبال احمد خان نے قبل از وقت بے جا خدشات کا اظہار نہ کرنے کے لئے کہا ہے یہی جملہ میں ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ پیش ہونے سے پہلے کابینہ میں ایک معزز وزیر نے قبل از وقت بے جا خدشات کا اظہار کیوں کیا۔ میں یہ تحریک استحقاق واپس نہیں لیتا۔ کابینہ میں ایسی باتیں ہوں کہ ملک بھوکوں مر جائیگا۔ یہ چیز استحقاق کے خلاف ہے۔ اقبال صاحب ہی اس کا جواب دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں اس پر یہی گزارش کرونگا کہ آپ کا جواباً شکریہ ادا کروں۔ یہ مسئلہ آ گیا۔ آپکا اعتراض ہو گیا۔ مولانا مان گئے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : نہیں جی میں نہیں مانا۔

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین ! آپکی وساطت سے خان اقبال احمد خان صاحب کی خدمت میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ کیبنٹ کی پروسیڈنگز کے بارے میں کسی اخبار میں ایسی اہم خبر چھپ جائے اور حکومت اسکی تردید بھی نہ کرے تو اس سے حکومت کی کارکردگی کی کوئی اچھی تصویر نہیں بنتی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آئندہ تردید کروائیں گے۔ ہاں تو حضرت ! آگے بڑھیں درست ہے ؟

مولانا سمیع الحق : حضرت ! مسترد کر دیجئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپکا ارشاد ہے کہ مسترد کر دوں۔

مولانا سمیع الحق : مجھے اقبال احمد خان کی تقریر سے اطمینان نہیں ہوا۔

**Mr. Deputy Chairman :** Privilege Motion is ruled out of order.

ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۴۷ اور نمبر ۴۸ اکٹھا ہی ہیں۔ نمبر ۴۷ مولانا کوثر نیازی صاحب۔

## ADJOURNMENT MOTIONS

### Breach of Right of Freedom of Movement.

مولانا کوثر نیازی جناب چیئرمین ! میں اپنی تحریک التواء کو سہ بارہ پڑھتا ہوں۔ ایک خبر کے مطابق ایم آر ڈی کے ممتاز راہنماؤں نوابزادہ نصر اللہ خان، عبدالولی خان، مسٹر غوث بخش بزنجو اور مولانا فضل الرحمان کو سندھ میں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہے۔ نوابزادہ صاحب

اور بزنجو صاحب کراچی پہنچ چکے تھے انہیں واپس بھیج دیا گیا ہے ' ائر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان پر بھی ایسی پابندی لگ چکی ہے ' یہ صورتحال ملکی امن وامان ' استحکام اور بحالی جمہوریت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے مترادف ہے ۔

میں تجویز کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس صورتحال پر بحث کی جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ۔ سومرو صاحب ! آپ بھی پڑھ لیں ۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** This House do nowadjourn to discuss a matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the breach of the basic principles of a federation of provinces which ensures freedom of movement by its nationals within the various provinces comprising the federation without obtaining any permission or visas for such visits to any of the federation provinces, and which breach has occassioned by the restrictions imposed on political leaders of Baluchistan and NWFP from visiting Karachi for a period of three months. The said ban has been imposed recently on Mr. Ghousbuksh Bizenjo, Mr. Abdul Wali Khan, Mr. Aftab Ahmed Sherpao, Mr. Ghulam Ahmed Bilour and Mr. Abdul Khaliq Khan. Such restrictions have caused serious public resentment and are detrimental to the integrity and solidarity of the federal structure of Pakistan, which it is the duty of the Federal Government to protect.

Sir, I wish to explain as to how it is admissible because I feel that the objection the learned Minister may raise is that it is a provincial subject and the provincial government have imposed these restrictions. To clarify that part, in advance, I would like to say that as I have worded my resolution, it would appear that it is the basic principle of every federation that its nationals can move about freely and which freedom of movement, even in our Constitution, is ensured within the limits of federation of Pakistan without obtaining any visas because visa is just a permission of entry for going into the respective provinces and which is thereby the responsibility of the Federal Government to ensure the freedom of movement of its nationals and, therefore, this protection falls within the purview and the responsibilities of the Federal Government. I would just explain this to answer the objection which I anticipate though of course my learned Minister for Interior

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

is a very good politician, very open hearted and very cool, I am sure, he himself would not be approving these restrictions. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Interior Minister.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Minister for Interior) :** Sir, I greatly respect the views expressed by the honourable Senator, my colleague in the House and, as my very learned and most intelligent Senator has already given the reasons why I will be standing to say the very words he has fore-stalled me. Sir, the point is that I entirely agree with the honourable member that within the federation there should be no ban on the movement of Pakistanis moving from one province to another province. I entirely agree with these views, Sir. The point comes when a Provincial Government fears that if such and such a person enters their province, they fear that there would be law and order problems, they fear that there may be agitations.

So, in this case, I can assure the honourable members that the Centre has nothing to do with it. The ban has been imposed by the Provincial Government for the reasons best known to them. I believe Sir, that in this House and even outside the country people talk of confederations, people talk that the powers given to the provinces are not enough and the Centre should have only one or two or three subjects and it has nothing to do with other matters. Personally, Sir, I do not subscribe to that. We are all Pakistanis and I honestly and sincerely believe that there should be a strong Centre and who knows that my very beloved member be the Prime Minister of this country, if it is democracy, we do not know who will be in power tomorrow and who may be out of power. Sir, I shall certainly convey the feelings of the honourable members to the Provincial Government of Sind with the same force with which they have expressed them here. But at the moment Sir, it is a provincial subject and I would ask my honourable friends not to press it because it does not lie within the purview of the Central Government. Thank you, Sir.

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u> : مولانا صاحب! ارشاد فرمایئے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! وزیر داخلہ صاحب نے حسب توقع بڑے لبرل خیالات کا اظہار کیا ہے کیونکہ وہ خود سیاست دان ہیں مگر انہوں نے اسی رول کا حوالہ دیا ہے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔ صورت حال جناب والا یہ ہے کہ صوبوں میں وزراء اعلیٰ نامزد ہیں، انہیں گورنر نامزد کرتے ہیں اور گورنروں کو صدر صاحب نامزد کرتے ہیں۔ اسلئے اصل جو منبع اور سرچشمہ طاقت کا ہے وہ مرکز ہی کے پاس ہے۔ اس لئے ان کا یہ کہنا کہ صوبے کے اندر احکام از خود جاری ہو جاتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح بات نہیں ہے۔ پراونشل اٹانومی بالکل معطل ہے۔ پراونشل اٹانومی ابھی تک سامنے نہیں آئی اور اس وقت تک سامنے نہیں آئے گی جب تک اسمبلیاں وزراء اعلیٰ منتخب نہیں کریں گی۔ اس لئے یہ مسئلہ پوری طرح مرکزی حکومت کا کیا دھرا ہے۔ اور فاضل وزیر داخلہ کو یہ یقین دہانی کرانی چاہئے کہ مرکزی حکومت یہ ہدایات جاری کرے گی اور یہ ڈائریکٹو دے گی کہ Provincial Co-ordination Council کی جو میٹنگ ہوگی اس میں یہ پالیسی طے کی جائے گی کہ ایک صوبے کے سیاست دان کو دوسرے صوبے میں داخل ہونے سے نہیں روکا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب احمد میاں سومرو!

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** I had already forestalled the objection that would be raised and I was not strong but I wanted to point out that this thing must be stopped. You are going to shatter the foundations of Pakistan, if you stop people going from one province to another province. Please for God's sake, realise what are you doing. You are now entering into a new era of democracy where you will not have the cover of Martial Law, you have to run the Government and you are competent to run the Government. You have all the capabilities. I know my Minister for Interior is very experienced person and I have full faith in him. But if he tries to be so helpless in such important matters where a visa is to be got by a national of one province to go to another. If the Minister for Interior and the Federal Government is going to be so helpless then, I think, it will be, of course, very easy to run the provinces in a way that no body from one province is allowed to go to another province; put in international barriers in each province and, I think, that will be a very easy way for them to run the government, if they are afraid of using normal laws. Please, for

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

God's sake, I will appeal to you and, I think, this whole Senate will appeal to you to please stop this visa system within the country, in the interest of the country.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** Sir, I assure, Maulana Sahib, that I wish what he had said was correct. The real facts are that there is no doubt that the Governments are nominated, there is no doubt that the Chief Ministers have been nominated but the Chief Ministers have got the vote of confidence from the Assemblies and, today, they are the leaders of the majority party in their respective provinces. I further, assure the honourable members that the Central Government does not interfere in the affairs of the provinces which are run by them independently and absolutely in accordance with their own policies. You see, Sir, would it be possible for the Central Government to tell a province to do a certain act and then if something happens, the province would turn around and say that they have done this under your command or under your coercion. Sir, there were two ways available to the Provincial Government, one way was that probably due to the extension of courtesy to the political leaders to tell them not to enter the provinces. The other would have been that if they had entered the provinces they would have been taken into custody. So, it is upto the provinces, but I assure the honourable members that the views expressed by them would be conveyed and, probably, the Provincial Governments are fully aware of their actions but all I can say is that let us not compel the provinces into taking action which they consider is not in their interest.

**Mir Yousuf Ali Khan :** Point of order, Sir, my point is that as per the remarks of the Minister for Interior I find in my humble view some contradictions in his statement. In the first place, the honourable Minister said that he was talking about confederation and that the provinces wanted all the powers and that they wanted to take power from the Centre. On the other hand, for entering from one province to another province he gives the powers to the provinces. Either he should agree for its consideration or he should say O.K. we are in the Centre and you cannot stop one man going to another province.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** It is a matter of principle. I would rather say let it be on record because the future would show that this was very important motion that I had given. History will say that and I hope the House will admit this and you will admit this that it affects the very basis of Pakistan.

**Mr. Deputy Chairman :** Ruled out of order.

## SMUGGLING OF GHEE TO INDIA AND BENGLADESH.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۸۵ کو روزنامہ جنگ لاہور میں یہ خبر نمایاں طور پر شائع ہوئی ہے کہ قیمت میں نمایاں فرق کے باعث پاکستانی گھی بھارت اور بنگلہ دیش کو سمگل کیا جارہا ہے ۔ پاکستان میں ۱۶ کلو گھی کی قیمت ۲۱۳ روپے اور بھارت میں ۳۱۵ روپے ہے اور بنگلہ دیش میں ۶۵۰ روپے ہے ۔ یہ سمگلنگ قیمت میں نمایاں فرق کی وجہ سے ہے جس سے پاکستانی معیشت کو کافی نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اگر گھی کی صنعت کو ڈی ریگولیٹ کر دیا جائے تو حکومت پاکستان کو ہر سال دو ارب روپے کے اضافی اخراجات کی بچت ہوگی ایوان اس پر غور کرے ۔ جناب والا ! اسی طرح کراچی کی ایسوسی ایشن نے اس بات پر مکمل قرار داد پاس کی ہے کہ وہ سمگلنگ اتنے فرق کی وجہ سے ہے کیونکہ بھارت میں ۳۱۵ روپے اور بنگلہ دیش میں ۶۵۰ روپے قیمت ہے ۔ حکومت پاکستان کو ہر سال دو ارب روپے کے اضافی اخراجات کی بچت ہوگی ۔ اس کے علاوہ پبلک سیکٹر گھی انڈسٹری میں ہونے والی بدعنوانیوں کو ختم کیا جاسکے گا ۔ حکومت سویابین آئل اور پام آئل کی در آمد کر کے اسے نجی شعبے کو منتقل کر دے اور تمام پرائس کنٹرول ختم کر دیئے جائیں ۔ اگر پرائس کنٹرول ختم کر دئے جائیں تو گھی کی قیمت میں ایک روپے سے ڈیڑھ روپے کا اضافہ ہو گا اور حکومت ۲ ارب روپے کے اضافی بوجھ سے بچ جائے گی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : محترم وزیر تجارت ۔

جناب سلیم سیف اللہ خان ۔ Thank you [illegible]r. Chairman.

سب سے پہلے تو میں یہ عرض کروں گا کہ فاضل رکن نے کچھ پالیسی کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ دوسرا وہ بھی فرمارہے ہیں کہ انڈیا میں گھی کی بہت زیادہ قیمتیں ہیں اور بنگلہ دیش

[Salim Saif Ullah Khan]

میں بھی زیادہ ہیں اور پاکستان میں کم ہیں اور اس وجہ سے سمگلنگ ہو رہی ہے اب معلوم نہیں کہ فاضل رکن کیا چاہتے ہیں کہ پاکستان میں بھی ہم گھی کی قیمتیں اس سطح پر لے جائیں کہ جو انڈیا میں ہیں تاکہ سمگلنگ ختم ہو جائے۔ حکومت پاکستان کی پالیسی اس وقت یہ ہے کہ چونکہ یہ basic necessity ہے اس لئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ عوام کو مناسب قیمتوں پر مہیا کی جائے ۔ جہاں تک ڈی ریگولیشن کا تعلق ہے اور فاضل رکن نے کچھ اخبارات کا بھی حوالہ دیا ہے اس سلسلے میں ایک ڈی ریگولیشن کمیٹی قائم کی جا چکی ہے اور انہوں نے اپنا کام تقریباً ختم بھی کر دیا ہے اور ان کی رپورٹ حکومت تک پہنچ چکی ہے ۔ جس میں انہوں نے ڈی ریگولیشن کے متعلق چند سفارشات پیش کی ہیں ۔ یہ رپورٹ اب کابینہ کے زیر غور ہے اور انشاءاللہ اس پر امید ہے کہ جلد ہی کوئی فیصلہ ہو جائے گا۔ مجھے امید ہے کہ اس وضاحت کے بعد فاضل رکن اسے پریس نہیں کریں گے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ہم تو چاہتے ہیں کہ سمگلنگ بند ہو جائے ۔ تو جہاں تک قیمتوں کی بات ہے ہم چاہتے ہیں کہ قیمتیں اس سے بھی کم ہوں اور کیونکہ غریب معاشرہ اس وقت جس حالت سے گزر رہا ہے اگر کوئی ایک ہزار روپے بھی لیتا ہے تو وہ بمشکل ۱۵ دن گذارتا ہے ۔ تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس میں ارزانی ہو اور سرحدی بارڈر پر کڑی نگرانی رکھی جائے کہ یہ ہمارا جو مال ہے وہ باہر نہ جائے اور سمگلنگ کے لئے روک تھام صحیح طور پر ہو ۔ یہ نہ ہو کہ صرف کاغذات پر صرف ہو بلکہ اس پر عملدرآمد کی بھی ضرورت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ وہ انہوں نے فرما دیا ہے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل ۔ اس پر میرا اعتماد ہے کیوں کہ وزیر محترم نے فرما دیا ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ پریس نہیں کیا گیا۔ تحریک التوا نمبر ۶۱ محمد طارق چوہدری، نمبر ۶۷

## ENHANCEMENT OF CUSTOMS DUTY ON CEMENT

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب ! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا موجودہ اجلاس ملتوی کر کے فوری اور قومی نوعیت کے حامل مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے۔

روزنامہ جنگ کے یکم نومبر ۱۹۸۵ کے اداریہ میں لکھا ہے کہ حکومت در آمدی سیمنٹ پر دو سو روپے فی ٹن کسٹمز ڈیوٹی کا اضافہ کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ چونکہ پاکستان ابھی سیمنٹ کی پیداوار میں خود کفیل نہیں ہوا جبکہ تعمیری ضروریات میں بے پناہ اضافہ کی وجہ سے سیمنٹ کی مانگ بڑھتی جا رہی ہے۔ ان حالات میں در آمدی سیمنٹ کی قیمت میں اضافہ سے پیداواری سیمنٹ کی (جن کی قیمتوں میں بمشکل توازن اور استحکام پیدا ہوا ہے) قیمتیں بھی بڑھ جائیں گی اور صارفین ایک بار پھر مشکلات سے دوچار ہو جائیں گے اس لئے اس معاملہ کو زیر غور لایا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : چونکہ وزیر متعلقہ تشریف نہیں رکھتے اس لئے اس کو دوبارہ لے لیا جائے گا۔

جناب اسلام الدین شیخ : جناب اس کا تعلق وزارت پیداوار سے نہیں ہے۔ اس کا تعلق وزارت خزانہ سے ہے۔ امپورٹ اور ایکسپورٹ ڈیوٹی فنانس منسٹری لگاتی ہے۔

مولانا سمیع الحق : جناب والا! وزیر پیداوار نے کہا تھا کہ میں اس کے متعلق تفصیلاً بتاؤں گا کیوں کہ پیداواری سیمنٹ پر اثرات پڑیں گے کہ اس کے نرخ پھر بڑھ جائیں گے جو اسکی قیمتوں میں استحکام پیدا ہوا ہے وہ خراب ہو جائے گا تو اسکا تعلق مقامی پیداواری سیمنٹ سے ہے۔

جناب اسلام الدین شیخ : جناب والا! آپ کی اجازت سے عرض کروں گا کہ اصل میں تو یہ وزارت خزانہ سے تعلق رکھتا ہے لیکن ان کا خدشہ ہے ان کا سوال ہے کہ امپورٹ ڈیوٹی لگانے سے جو مقامی پیداواری سیمنٹ ہے اس کی قیمت بڑھ جائے گی۔ اصل میں ان کا سوال یہ ہے لیکن وہ technically طور پر وزارت خزانہ کے پاس چلا گیا ہے۔ میں ان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ در آمدی ڈیوٹی ہم نے اس لئے لگائی ہے کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ مقامی پیداواری سیمنٹ کی قیمت پر۔ کیونکہ جو در آمدی سیمنٹ ہے اس کی قیمت بین الاقوامی مارکیٹ میں کم ہے اور جو مقامی طور پر بنا ہوا سیمنٹ ہے اس کی قیمت پہلے ایک سٹینڈرڈ پر ہے۔ جب سے ہم نے اس کو ڈی ریگولیٹ کیا ہے اس وقت سے قیمتیں بڑھی نہیں بلکہ سب جگہ پر قیمتوں میں کچھ کمی ہو گئی ہے اور اس کی ڈیوٹی کے بڑھنے سے وہ ہماری جو لوکل مینوفیکچرنگ ہے اس کی قیمت نہیں بڑھے گی۔ اس لئے deficiency جو ہے وہ بہت کم ہے اور کم سیمنٹ در آمد کرنا پڑتا ہے۔

جبکہ جو بڑی مقدار ہے وہ ہمارے ہاں خود تیار ہوتی ہے ۔ تو میں فاضل ممبر کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس کے لگنے سے مقامی سیمنٹ کی قیمتوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ شکریہ ۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! یہ بالکل واضح ہے کہ در آمدی سیمنٹ کا ریٹ اس وقت کم ہے ۔ جب دو سو روپے ڈیوٹی اس پر اور لگ جائے گی تو اس کے ریٹ بہت بڑھ جائیں گے ۔ تو لازماً اس سیمنٹ کا جو ریٹ ہے یہ بھی بڑھے گا ۔ یہ تو ظاہری بات ہے کہ جب ۲ سو روپے اس پر بڑھ جائیں گے تو اس کا ریٹ بہت بڑھ جائے گا ۔ تقریباً بارہ ساڑھے بارہ ہزار ٹن وہ بڑھے گا تو لازماً ریٹ بڑھیں گے ۔ میرا خیال تو یہ ہے کہ اس جواب سے تو بات ختم نہیں ہو سکتی ۔

جناب اسلام الدین شیخ : جناب انہوں نے جن خدشات کا اظہار کیا ہے میں نے پہلے ہی اس کا ذکر کیا ہے کہ جو قیمتیں اب ہیں ان قیمتوں پر کوئی فرق نہیں پڑے گا اور جو ہماری صنعت ہے اس کو بھی تحفظ دینے کے لئے ضروری ہے کہ ہم در آمد کو کم سے کم کریں ۔ اور سیمنٹ کی جو در آمد ہے وہ میں نے کہا ہے کہ بڑی کم مقدار میں ہم در آمد کر رہے ہیں ۔ تین لاکھ ٹن صرف امپورٹ کرنے کی گنجائش ہے اور وہی ہم نے در آمد کرنا ہے اور وہ بھی پرائیویٹ سیکٹر کرے گا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے خدشات درست نہیں ہیں ۔ دوسرے یہ ہے کہ ابھی سلیم صاحب نے مجھے فرمایا ہے کہ وہ ڈیوٹی ابھی اس پر نہیں لگ رہی ہے جو دو سو روپے ٹن کا اضافہ ہے ۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ پریس نہ کریں ۔

جناب سلیم سیف اللہ خان : جناب چیئرمین ! آپ کی اجازت سے میں ان کی تسلی کے لئے عرض کروں گا کہ حال ہی میں جو بجٹ پیش کیا گیا تھا جون میں اس میں سیمنٹ پر در آمدی ڈیوٹی لگائی تھی ۔ میرے خیال میں دو یا اڑھائی یا تین سو روپے فی ٹن کا اضافہ کیا گیا تھا اور اس وقت سے شاید ساڑھے پانچ سو روپے فی ٹن امپورٹ ڈیوٹی پہلے ہی سیمنٹ پر ہے ۔ یہ جو سیمنٹ بنانے والے کارخانے ہیں ان کی طرف سے ایک تجویز آئی تھی کہ چونکہ در آمدی سیمنٹ بہت کم ریٹ پر باہر سے آ رہا ہے اور ان کے منافع میں کمی کا رجحان ہے تو اس لئے امپورٹ ڈیوٹی کو کچھ بڑھایا جائے ۔ اور اخباروں میں بھی آ تا رہا ہے کہ دو سو روپے یا سو روپے بڑھانے کا کوئی حکومت کا ارادہ نہیں ہے ۔ Import duty مجھے امید ہے کہ اس واضح تسلی کے بعد فاضل رکن اسے پریس نہیں کریں گے ۔

LEGISLATIVE BUSINESS

مولانا سمیع الحق : ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ! اڈجرنمنٹ موشنز ختم ہوئے۔ لیجلسٹو بزنس ' جناب محترم پروفیسر خورشید احمد صاحب!

## POLITICAL PARTIES (AMENDMENT) BILL, 1985.

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس بل پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا اور اس امر پر بھی آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے میری سہولت کے مطابق مجھے آج کے دن بولنے کی دعوت دی۔ جناب والا! آج ۱۶ دسمبر ہے۔ وہ تاریخ جو ہر پاکستانی کے لئے بڑے کرب و اضطراب کا پیغام اپنے اندر رکھتی ہے۔ یہ وہ دن ہے۔ جب فال آف ڈھاکہ کا سانحہ ہوا ' یہ وہ دن ہے جب قائد اعظم کا پاکستان دو حصوں میں بٹا ' اور ہم اپنے اس حصے سے جس میں آبادی کی اکثریت تھی ' محروم ہو گئے۔ جناب والا! یہ دن تاریخ سے سبق سیکھنے کا دن ہے۔ بلا شبہ مشرقی پاکستان میں foreign intervention ہوا ' بلا شبہ دشمن قوتیں اپنی سازشوں میں کامیاب رہیں۔ لیکن ہمیں یہ بات نہ بھولنا چاہئے کہ اس سانحے کی خاصی ذمہ داری خود ہمارے اوپر ہے ہماری قیادت کے اوپر ہے پوری قوم پر ہے اور اگر ہم نے اس سے صحیح سبق نہ سیکھا ' تو تاریخ یہ بتاتی ہے کہ جو افراد اس سے سبق نہیں سیکھتے وہ بار بار ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ ۱۶ دسمبر ہمیں یاد دلاتی ہے کہ سیاسی عمل کو اگر اپنے صحیح خطوط پر اگر فطری انداز میں کام کرنے کا موقعہ نہ دیا جائے تو اس کے بڑے خطرناک نتائج رونما ہوتے ہیں۔ ۷۰ء کے انتخابات کے نتائج کو قبول نہ کرنا ' عوام نے جو فیصلہ بھی کیا تھا اسے فرسٹریٹ کرنا یہ وہ چیز تھی جو بالآخر اس عظیم سانحہ پر منتج ہوئی۔ ہم نے اپنی قوم اور اپنے عوام پر اعتماد نہیں کیا ' اور اقتدار کو چند ہاتھوں میں اس طرح مرکوز کر دیا کہ احتساب کا عمل ختم ہو گیا۔ تو جناب والا! میں آج ان تمام باتوں کو اس لئے یاد کر رہا ہوں کہ ہم تاریخ سے کچھ سبق سیکھیں ' اور جو ہم فیصلے کرنے ہم جا رہے ہیں اس میں ان غلطیوں کا اعادہ نہ کریں جن کی بناء پر ۳۷ سال سے ہم پر زخم پر زخم لگ رہے ہیں۔

جناب والا! میں پوری دیانت کے ساتھ یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اس ایوان میں اگر اختلاف رائے کا اظہار کر رہے ہیں تو وہ کسی سرکاری یا غیر سرکاری کی تقسیم کی بنیاد پر

نہیں، بلاشبہ ہم حکومت میں شریک نہیں ہیں، لیکن یہ ایوان محض سرکاری اور غیر سرکاری میں منقسم نہیں ہمیں ہر مسئلے کے اوپر دلیل کی روشنی میں غور کرنا ہے۔ اور اس پہلو سے غور کرنا ہے کہ کیا چیز ہمارے ایمان، ہمارے دین، ہمارے ملک، ہماری ملت، ہمارے مستقبل کے لئے مفید ہے۔ اس معاملے میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے اور انسانوں کے درمیان اختلاف رائے رحمت کا باعث ہے اگر اسے معقول حدود کے اندر رکھا جائے۔ جناب والا! میں پوری دردمندی کے ساتھ اپنے ان تمام بھائیوں سے جن پر اس وقت اس ملک کے نظام کو چلانے کی ذمہ داری ہے یہ اپیل کرونگا، یہ درخواست کرونگا کہ خدارا! یہاں جو باتیں کہی جا رہی ہیں ان کے اوپر سنجیدگی سے غور کیجئے۔ دلیل کا جواب دلیل سے دیجئے آپ نے دیکھا ہے کہ اس ایوان میں مختلف ارکان نے بڑی محنت کر کے اپنے نقطہ نظر کو دلائل کے ساتھ پیش کیا، حتیٰ کہ ہمارے وہ بھائی بھی آپ جنہیں سرکاری بینچوں سے متعلق کہہ سکتے ہیں انہوں نے بھی اس بل کے بارے میں بڑے معقول انداز میں بڑے سنجیدہ سوالات اٹھائے ہیں، اعتراضات اٹھائے ہیں۔ اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم ان دلائل اور اعتراضات پر غور کریں۔ اگر ان کا جواب آپ کے پاس ہے تو آیئے اور جواب دیجئے ہمیں مطمئن کیجئے، اگر آپ ہمیں مطمئن کر دیں گے تو ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ لیکن اگر آپ دلیل کا جواب خاموشی سے، ایک معنی خیز مسکراہٹ سے نظرانداز کر کے دنیا چاہئیں گے تو حقیقت یہ ہے اس سے کبھی بھی لوگ نہ مطمئن ہو سکتے ہیں اور نہ کوئی حقیقی اعتماد اس ایوان میں پیدا ہو سکتا ہے اس لئے میری درخواست یہ ہوگی کہ دلیل کا جواب دلیل سے دیجئے۔ ورنہ بہرحال ہم اپنا فرض ادا کرتے رہیں گے۔ اور مجھے شعر کا سہارا لینا پڑیگا۔

اک طرز تغافل ہے جو ہوان کو مبارک،
اک عرض تمنا ہے جو ہم کرتے رہیں گے۔

جناب والا! آپ مجھے اجازت دیں کہ میں بالکل صاف الفاظ میں اس بات کا بھی اظہار کروں کہ میں اس بل سے مایوس ہوا ہوں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جو توقعات پچھلے سات مہینوں کی کوشش کی بناء پر پیدا ہوئی تھیں ہم اس سے یہ امید رکھتے تھے کہ حکومت ایک نیا قانون سیاسی جماعتوں کے بارے میں لائے گی۔ آپ کو یاد ہو گا کہ نیشنل اسمبلی میں ایک ۲۹ رکنی کمیٹی

بنائی گئی ' اور اس کمیٹی نے تین اصول مرتب کیئے جن کی بنیاد پر اس نے تسلیم کیا کہ سیاسی پارٹیوں کے قانون کی صورت گری کی جائے۔ اس کے بعد سینٹ کی کمیٹی نے کام کیا ' اور اس نے تجویز پیش کی کہ ان بنیادی گائیڈ لائن کی روشنی میں ایک نیا قانون لایا جائے۔ ہم اسی بات کی توقع رکھتے تھے کہ اس سات مہینے میں جو کام ہوتا رہا ہے۔ اس کے نتیجے کے طور پر حکومت ایک نیا قانونی مسودہ لائے گی تا کہ تمام پہلوؤں کو سامنے رکھ کر سیاسی زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی جاسکے۔ لیکن ہوا کیا اس پوری ایکسر سائز کے بعد۔ میرے علم میں کم از کم یہ بات نہیں ہے کہ اس ایوان نے سینٹ کمیٹی کی رپورٹ کو رد کیا ہو۔ میں اس پوری بحث میں شریک رہا ہوں جو سینٹ کمیٹی کی اس رپورٹ پر اس ایوان میں ہوئی۔ آپ رپورٹ نکلوا کر دیکھ لیجیئے بحیثیت مجموعی تمام مقررین نے سینٹ کمیٹی کی خدمات کو سراہا تھا ' ان کی تائید کی تھی ' اسے مزید امپروو کرنے کے لئے مشورے دیئے تھے اور اس بات کا بھی اظہار کیا تھا ' گو قومی اسمبلی کی رپورٹ میں بھی اصل مسئلے پر روشنی ڈالی گئی ہے لیکن سینٹ کی کمیٹی اس سے کہیں آگے بڑھ گئی ہے۔ اس نے مسئلے کے حل کا زیادہ بہتر راستہ نکالا ہے۔ جناب والا! اگر اس ایوان نے اس رپورٹ کو رد نہیں کیا ' تو فطری اور منطقی تقاضا تھا کہ جو قانون آئے وہ اس رپورٹ کے مطابق ہو ' یا کم از کم اس ایوان کو مطمئن کیا جائے۔ ہم کیوں سینٹ کی رپورٹ سے ہٹ کر کوئی راستہ اختیار کر رہے ہیں۔

میں آپ کو یاد دلاؤنگا کہ سینٹ کی رپورٹ میں یہ بات کہی گئی تھی کہ ایک نیا قانون سیاسی جماعتوں کے لئے مرتب کیا جائے اور ان اصولوں اور بنیادوں پر کیا جائے۔ سینٹ یہ چاہتا تھا کہ سیاسی پارٹیوں کے قانون کے ساتھ جو روایت لگی ہوئی ہے وہ کوئی قابل فخر بات نہیں۔ ۱۹۶۲ء سے ۱۹۸۵ء تک جو ترامیم اسمیں کی گئی ہیں اسکی بناء پر جو مسخ شدہ شکل ہمارے سامنے ہے سینٹ یہ چاہتا ہے کہ ہم اس سے discontinuity کا اظہار کریں اور اسکے مقابلے میں جہاں تک حقیقی ضرورت ہے سیاسی جماعتوں کو بنانے اور انکو manage کرنے کے لئے انکو ہم قانون کی شکل میں لے آئیں۔ لیکن اس راستے سے ہٹ کر دوسرا راستہ اختیار کیا گیا ہے لیکن اسکا کوئی معقول justification نہیں دیا گیا۔ اس ایوان کو مطمئن نہیں کیا گیا کہ ماضی میں جو کام کیا گیا ہے ہم اس سے ہٹ کر کے یہ راستہ کیوں اختیار کر رہے ہیں۔ یہی وہ چیز تھی جسکی بناء پر میں نے

کہا تھا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کھودا پہاڑ اور نکلی چوہیا۔ بظاہر یہ چوہیا بہت چھوٹی سی ہے لیکن نتیجے کے طور پر پوری body politics کو مسموم کر سکتی ہے۔ جناب والا! میں عرض کرونگا کہ تیز نشتر کے ساتھ شریانوں کو کیسے کاٹا جاتا ہے۔ جناب والا! میں عرض کرونگا کہ تیز نشتر کے ساتھ شریانوں کو کیسے کاٹا جاتا ہے۔

ان گزارشات کے بعد اب بل کے بنیادی اصولوں پر بات کرونگا۔ جہاں تک انکی دوسری تفاصیل اور مختلف الفاظ ہیں وہ second reading میں لئے جائیں گے۔ میری نگاہ میں جو میرے بھائی جاوید جبار صاحب نے اصولوں کا frame work بنایا تھا بحیثیت مجموعی میں اس سے اتفاق کرتا ہوں۔ لیکن میرا فارمولیشن ان سے تھوڑا سا مختلف ہو گا۔

میں سمجھتا ہوں کہ پہلا اصول جو اس بل سے ہمارے سامنے آتا ہے وہ یہ ہے کہ سیاسی جماعتیں سیاسی عمل کیلئے ضروری ہیں اور ملک کیلئے ناگزیر ہیں جیسے ملک مارشل لاء سے سول دور کی طرف آگے بڑھے، پیش قدمی کرے تو اس نئے دور کے محافظ و نگہبان کی حیثیت سے سیاسی جماعتوں کا وجود میں آنا ضروری ہے۔ حکومت قابل مبارک باد ہے اس بات پر کہ حکومت نے اس بل کو لا کر یہ بات واضح کر دی کہ اس معاملے میں حکومت اور اس سے اختلاف کرنے والوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ گو یہ ایوان غیر سیاسی جماعتوں کی بنیاد پر وجود میں آیا ہے۔ لیکن یہ اس ایوان کا حق ہے کہ یہ مجبوریاں اور جن considerations کے ساتھ وجود میں آیا ہے ہمیشہ انہی کو پیش نظر نہ رکھے۔ اور آگے کے لئے جن چیزوں کو صحیح سمجھتا ہے انکی طرف پیش قدمی کرے۔ اس بل میں پہلا اصول یہ سامنے آتا ہے کہ سیاسی جماعتیں ضروری ہیں انکو قائم ہونا چاہئے وہ سیاسی عمل کو مستحکم کرنے کیلئے ناگزیر ہیں اور یہ چیز بڑی مناسب و قابل قدر ہے البتہ اس کے دو پہلو ایسے ہیں جو واضح ہو جانے چاہئیں۔ پہلی چیز یہ کہ پچھلے دنوں ہمارے ملک میں یہ بحث ایک خاص انداز میں اٹھائی گئی کہ اسلام میں سیاسی جماعتیں نہیں ہیں۔ اور اس بحث کی آواز، بازگشت قومی اسمبلی کی اس بحث میں بھی سنی گئی جو آٹھویں ترمیم منظور کرنے کے بعد منعقد ہوا۔ اس بنا پر حکومت کی طرف سے یہ بل آجانا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت نے اس نقطہ نظر کو رد کر دیا ہے۔ اس ایوان اور قومی اسمبلی نے اس بل کو منظور کر کے یہ establish کر دیا ہے کہ قومی اسمبلی یہ چاہتی ہے کہ سیاسی پارٹیاں یہاں قائم ہوں اور ایوان اور آئندہ کا جو دور ہے وہ سیاسی پارٹیوں کی بنیاد پر ہی کام کرے۔ اب سینٹ بھی اسی حقیقت کا اعادہ کر رہا ہے۔

جناب والا! میرے محترم رکن مولانا کوثر نیازی صاحب نے اسکے بارے میں اسلام کی اصل پوزیشن کو واضح کیا ہے، اور بحیثیت مجموعی مجھے ان سے اتفاق ہے۔ چند جزوی چیزوں سے مجھے علمی طور پر کچھ اختلاف ہے لیکن یہ موقع ان میں جانے کا نہیں البتہ میں اس پہلو سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

پہلی چیز یہ کہ سیاسی جماعتیں دور جدید میں پائی جاتی ہیں اسلام کے ابتدائی دور میں نہ تھیں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ سیاسی گروہ، سیاسی آراء، سیاسی انجمنیں اور سیاسی مقاصد کیلئے collective efforts یہ تمام ہمیں اس دور میں نظر آتی ہیں اور یہی وہ elements ہیں جن سے آگے چل کر سیاسی جماعتیں وجود میں آئیں۔ اسلام نے کہیں سیاسی جماعتوں کے اوپر پابندی نہیں لگائی۔ کوئی ایسا حکم واضح موجود نہیں ہے جس میں اسکی نفی کی گئی ہو، اس کے برعکس قرآن پاک میں کم از کم ایک آیت موجود ہے جس میں کہا گیا ہے (عربی)

تم میں سے ایک امت، ایک گروہ ایسا ہو کہ جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے۔ یہ ایک منظم گروہ کی طرف اشارہ کرتا ہے رتکمہ منکم کا اشارہ مسلمانوں کی طرف ہے۔ مسلمان صرف ایک جماعت، گروہ اور ایک community ہے لیکن کہا جا رہا ہے کہ تم میں سے ایک گروہ ایسا ہو جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے۔ جسکے صاف معنی یہ ہیں کہ اس امت کے اندر ایسے گروہ، ایسی جماعتیں ہو سکتی ہیں بلکہ ہونی چاہئیں جو خیر کی طرف بلائیں جو برائیوں سے روکنے والی ہوں جو نیکیوں کی تلقین کرنے والی ہوں۔ تو یہ بالکل واضح اشارہ موجود ہے جسکی موجودگی میں کہنا کہ وہ جماعتیں جو اسلامی نظریئے کی وفادار ہیں جو اس ملک کی وفادار ہیں جو خیر کی طرف بلانے والی ہیں جو معروف کا حکم دینے والی ہیں بدی سے روکنے والی ہیں ان کیلئے گنجائش نہیں۔ صحیح نہیں ہے۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے اگر آپ پچھلے سو سال میں مسلمان دنیا پر نگاہ ڈالیں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ عملاً ایک اجماعی کیفیت مسلمانوں میں پیدا ہوئی اور وہ یہ ہے کہ انہوں نے پارلیمانی نظام کا تجربہ کیا ہے ہم اس نظام کا تجربہ ۱۹۸۵ء میں نہیں کر رہے بلکہ آج سے تقریباً ۱۳۰ سال سے پہلے ترکی میں پارلیمنٹ قائم ہوئی مصر افغانستان اور ایران میں قائم ہوئیں اور سیاسی سرگرمیاں خود برصغیر میں ہوتی رہیں۔ ان تمام ممالک کے اندر مختلف جماعتیں بنیں منظم کوششیں ہوئی ہیں۔ انتخابات ہوئے ہیں۔ اور آپ دیکھیں گے کہ ملت اسلامیہ کے گل سرسبز، بہترین مفکر، علماء نے حصہ لیا۔ اسکے اندر جمال الدین افغانی، برصغیر کے اندر شیخ الہند

مولانا محمود الحسن نے جناب مولانا حسین احمد مدنی صاحب ' جناب مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب نے سیاسی جماعتوں میں حصہ لیا ہے جماعتیں بنائی ہیں جدوجہد کی ہے اور دینی بنیاد کے اوپر ایک نہیں سینکڑوں جماعتیں عالم اسلام کے اندر وجود میں آئی ہیں۔

۱۹۵۱ء میں پاکستان کے ۳۱ علماء نے پہلی مرتبہ اسلامی ریاست کے بائیس بنیادی اصول مرتب کئے اور یہ ۲۲ بنیادی اصول وہ پہلا consensus ہے جو contemporary world میں مسلمان علماء کے درمیان ہوا ہے۔ اور اسمیں جن مختلف حقوق کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے ایک freedon of association ہے resolution کا آرٹیکل نمبر ۷ جو انکا متفقہ ہے اسمیں کہا گیا ہے کہ فریڈم آف ایسوسی ایشن ایک بنیادی حق ہے اور لازمی اور یہ تمام انسانوں کو ہر معاشرے کے اندر حاصل ہونا چاہئے۔

جناب والا! اسی طریقے سے الازہر نے ایک ماڈل اسلامی آئین تقریباً ۱۵ سال پہلے بنایا۔ الازہر کا یہ پہلا ڈاکومنٹ ہے جو سیاسی صورت حال کے بارے میں کوئی مثبت چیز لاتا ہے اس کا آرٹیکل ۲۹ جو ہے وہ یہ کہتا ہے۔

> "Relegious and intellectual beliefs, freedom to work and to express opinions orally, in writing or otherwise, to form associations and unions and to join them. Enjoyment of individual freedom of movement and assembly are our natural fundamental rights and shall be guaranteed by the state within the limits prescribed by the Shariah."

اس سے ہم آگے بھی نکلنا چاہتے ہیں لیکن شریعت کی حدود کے اندر رہتے ہوئے۔ اسلامی جماعت' جماعتوں کو بنانے کے حق کے بارے میں 'اسلام کی جو معتبر تعبیر اس دور میں ہوئی ہے ' یہ اس کا ایک لازمی حصہ ہے۔ اسی طرح میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ماڈل اسلامک Constitution پورے عالم نے بنایا تھا جس کا اعلان 'اسی ملک میں 'اسی شہر میں 'اسی ایوان میں ہوا تھا۔ اس کا آرٹیکل ۱۸ یہ کہتا ہے:

"Citizens have a right to assemble and to form groups, organizations and associations, political, cultural, scientific, social and others, as long as their programmes and activities are consistent with the provisions of the Shariah."

تو دراصل میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وہ مسئلہ ہے جس پر Contemporary مسلم ورلڈ کے اندر' جہاں تک اہل علم کا تعلق ہے خواہ آپ ان کے اعمال کو دیکھیں' خواہ آپ ان کے افکار کو دیکھیں "تقریباً" کنسینسز پایا جاتا ہے۔ "تقریباً" اسلئے کہہ رہا ہوں کہ بلاشبہ کچھ افراد ایسے ہیں جنہوں نے اس رائے سے اختلاف بھی کیا ہے لیکن میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ خواہ وہ انصاری کمیشن ہو' خواہ وہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل ہو' دونوں نے سیاسی پارٹیوں کے بارے میں جو بات کہی ہے وہ متفق علیہ نہیں ہے۔ دونوں میں اہم note of dissent موجود ہیں۔ اور یہ بات بھی آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ انصاری کمیشن علماء پر مشتمل نہیں تھا۔ اسے آپ authentic Islamic Opinion نہیں کہہ سکتے۔ وہ بہرحال اچھے لوگ تھے۔ ہم ان کی رائے کا احترام کرتے ہیں۔ لیکن وہ رائے جو انہوں نے ظاہر کی ہے' وہ ایک گروپ کی رائے ہے وہ بھی متفقہ رائے نہیں ہے۔ اس لئے اس بناء پر جناب والا! میں عرض کروں گا کہ پولیٹیکل پارٹی ایکٹ جس شکل میں بھی آیا ہے' اس کے نیشنل اسمبلی سے پاس ہو جانے' اور سینٹ میں آجانے سے' یہ اصول ثابت ہوتا ہے کہ سیاسی جماعتیں ہمارے لئے ضروری ہیں۔

جناب والا! میں جلدی سے تین چار نکات کے بارے میں اور بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سیاسی جماعتیں آج کے دور میں دراصل چھ بڑے فنگشنز انجام دے رہی ہیں اور ان کا کوئی متبادل' میرے علم کی حد تک' پولیٹیکل پراسس کے اندر موجود نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک زمانہ وہ تھا کہ جب ایک خاندان کی حکمرانی ہوتی تھی' ایک قبیلے کی حکمرانی ہوتی تھی یا ایک گروہ کی حکمرانی ہوتی تھی اور اس صورت میں یہ تین باتیں بڑی جانی بوجھی تھیں کہ پولیٹکل continuity کیسے ہو' stability کیسے قائم کی جائے' ایک بادشاہ اگر مرتا تھا تو اس کی لائن آف سلیکشن موجود ہوتی تھی۔ لیکن جب پولیٹیکل بیس وسیع ہوا اور عوام کا پارٹیسی پیشن سیاسی عمل کا حصہ بن گیا اور اصل اقتدار کس کے پاس جائے' اس کا فیصلہ عوام کی مرضی

سے ہونا تھا تو پھر اس بات کی ضرورت تھی کہ کوئی لنک ہو ' کوئی ذریعہ ہو جس سے معلوم کیا جا سکے کہ عوام کیا چاہتے ہیں اور کس طرح عوام کا اقتدار سے ایک ربط قائم ہو سکتا ہے۔ یہ ربط نہ اب کوئی خاندان قائم کر سکتا ہے اور نہ کوئی tribe قائم کر سکتا ہے نہ کوئی فیملی قائم کر سکتی ہے، اور نہ کوئی کلاس قائم کر سکتی ہے اس کا اصل راستہ دراصل پولیٹکل پارٹیز ہی ہیں۔ آج کا جو سیاسی عمل ہے اس کے لئے ناگزیر ہے کہ یہ لنک موجود ہو۔

جناب والا! دراصل سیاسی پارٹیاں ایک پروگرام کی بنیاد پر ایک مینی فیسٹو اور ایک دعوت کی بنیاد پر لوگوں کو جمع کرتی ہیں۔ یہ ہمارے لئے بہت بڑا مسئلہ ہے اور آپ نے ان انتخابات میں دیکھا ہے کہ جب سیاسی جماعتیں نہیں ہوتیں' تو کس طرح برادری' ذاتی مفادات 'لوکل ایشو' سامنے آتے ہیں جب کہ اس ملک کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے اور یہ بات میں جناب والا! آپ کے سامنے بڑے اصرار کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں ریجنل سیاست کو' علاقیت پرستی کو اگر کوئی چیز ختم کر سکتی ہے اور اپنی حدود کے اندر لا سکتی ہے تو وہ سیاسی جماعتیں ہیں۔ وہ سیاسی جماعتیں جو ملک گیر پیمانے پر کام کریں' جو اصول کی بنیاد پر کام کریں' جو اپنے پروگرام کی بنیاد پر کام کریں جنہیں عوام کو ملک کے ہر حصے میں face کرنا ہو۔ جس پارٹی کو بیک وقت سندھ میں اور سرحد میں' پنجاب میں اور بلوچستان میں عوام کو face کرنا ہے وہ کہیں بھی ایسا علاقائی رنگ نہیں اختیار کر سکتی جو انصاف کی حدود سے ہٹا ہوا ہو جو کہ قومی سطح پر depend نہ کرتا ہو۔ تو جناب والا! ہمارے لئے تو قومی استحکام' سولیڈیریٹی اور اینٹگرٹی کے لئے ناگزیر ہے کہ ایسی جماعتیں ہوں اور یہ کام جماعتیں ہی کر سکتی ہیں کوئی ادارہ یہ کام نہیں کر سکتا ہے۔

تیسرا معروف فنکشن' یا وظیفہ جو سیاسی جماعتیں سرانجام دیتی ہیں وہ ہے

selection of acceptability to elections

چوتھی چیز continuity of accountability ہے۔ وہ افراد جو محض ایک independent یا ایک فرد کی حیثیت سے الیکٹ ہو کر آ گئے حقیقت یہ ہے کہ ان کی accountability محدود ہے ان کی ذات تک' لیکن جو افراد ایک سیاسی پارٹی کی بنیاد پر الیکٹ ہو کر آتے ہیں وہ افراد زندہ نہ رہیں یا کوئی اور واقعہ پیش آ جائے تب بھی اس جماعت کی accountability باقی رہتی ہے اور یہ وہ بات ہے جس کی بنیاد پر سیاست میں accountability یا احتساب کا نظام قائم رہتا ہے اور یہ مستحکم ہوتا ہے۔

جناب والا! اس کے علاوہ ایک اور بڑی اہم چیز یہ ہے کہ موجودہ جمہوری دور میں اگر میجارٹی پارٹی کسی وقت ناکام ہو جاتی ہے حکومت چلانے میں تو یہ معروف روایت ہے کہ پھر جو اپوزیشن ہوتی ہے اسے دعوت دی جاتی ہے اقتدار سنبھالنے کی خواہ اپوزیشن میجارٹی میں ہو یا منیارٹی میں اور آپ کو معلوم ہے کہ دنیا میں بیسویں مثالیں ایسی ہیں جب کہ بڑی اہم منیارٹی گورنمنٹس بھی بنی ہیں اور انہوں نے بڑے ہی غیر معمولی حالات کا مقابلہ کیا ہے۔ مثلاً میکڈونلڈ نے انگلستان کے اندر ' منیارٹی گورنمنٹ کے ذریعے سے گریٹ ڈپریشن کی کرائسز کو فیس کیا۔ تو ایک چیلنج آف لیڈرشپ کا بڑا معروف طریقہ ہے اگر یہ نہ ہو تو پھر گورنمنٹ کے فیل ہونے کے بعد بہت بڑا خلا پیدا ہوتا ہے۔ تو اس بناء پر 'میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پولیٹیکل پارٹیز 'اس دور کی 'سیاسی عمل کی 'ایک ناگزیر ضرورت ہے اور اس اصول کو اور اس بل کے ذریعے سے affirm کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد جو غیر سیاسی انتخاب 'غیر سیاسی 'ایوان اور غیر جماعتی ایوان کی جو بحث چل پڑی ہے' اسے ختم ہو جانا چاہئے۔

جناب والا! دوسری بنیادی بات جو میں اس قانون کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دراصل اس ترمیمی بل کا ایک پس منظر ہے اور اسے سمجھنے کے لئے ہمیں یہ دیکھنا پڑے گا کہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کم از کم تین مراحل سے گذر کر وہاں تک پہنچا ہے جہاں آج ہم اس پر غور کر رہے ہیں۔ سب سے پہلے یہ ۱۹۶۲ میں بنا' سیاسی جماعتیں اس سے پہلے بھی موجود تھیں لیکن سیاسی جماعتوں کو کوئی لگام دینے اور ان کو manage کرنے کی کوئی ضرورت اس سے پہلے محسوس نہیں کی گئی۔ وہ خاص فضا تھی جس میں کنونشن مسلم لیگ وجود میں آرہی تھی اور اس بات کی ضرورت تھی کہ لوگوں کو قابو میں کیا جائے۔ اس پس منظر میں ۱۹۶۲ میں یہ قانون بنا۔ لیکن اس کے باوجود آپ دیکھیں گے کہ چار بنیادی باتیں سامنے آئیں پہلی چیز یہ ہے کہ یہ پہلی کوشش ہے قانون کے ذریعے سرگرمیوں کو ریگولیٹ کرنے کی۔ اس میں کیا جائز سیاسی activities ہیں اور کیا ناجائز سیاسی activities ہیں اس کی نشاندہی کی گئی ہے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ جماعتوں پر چند شرائط لگائی گئی ہیں۔ کہ ان کو ایسا ایسا ہونا چاہئے تیسری چیز یہ کہ جماعتوں کو کالعدم کرنے کا اس میں پروویژن فراہم کیا گیا ہے لیکن

اس بات کو emphasise کرنا چاہتا ہوں کہ ساری خامیوں کے باوجود بھی اس قانون کے اندر ہے کہ حکومت کسی پارٹی کو کالعدم قرار نہیں دے سکتی۔ اگر کالعدم قرار دینا چاہتی ہے تو اس کے لئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دے گی اور پارٹی اس وقت کالعدم ہو گی جب سپریم کورٹ فیصلہ دے دے اور یہ فیصلہ گزٹ ہو جائے۔

چوتھی چیز with drawal کی تھی کہ ایک پارٹی کو آدمی چھوڑ نہیں سکتا۔ جناب والا! ۱۹۷۴ میں اس میں میجر امنڈمنٹ ہوئی۔ جو دونوں amendments ہوئیں وہ ایک حیثیت سے غلط ڈائریکشن میں تھیں۔ پہلی چیز یہ کہ ڈیزولیشن کا طریقہ بدلا گیا جس میں حکومت کو یہ اختیار دیا گیا کہ حکومت ڈیزالو کر سکتی ہے۔ یہ اقدام حکومت کا ایفکیٹو ہو جائے گا البتہ اسکے بعد پارٹی کیلئے یہ موقع تھا کہ سپریم کورٹ میں اپیل کر سکتی ہے۔ یہ ایک retrogressive step تھا اسکے نتیجے میں حکومت کا اختیار' حکومت کا کنٹرول سیاسی جماعت پر بڑھا misuse کے امکانات بڑھے اور جو عدل کے بنیادی تقاضے' کہ آپ اس وقت تک کسی کو سزا نہ دیں جب تک کہ مجرم ثابت نہ ہو جائے اسے violate کیا گیا ہے۔ دوسری چیز یہ ہوئی کہ اسکے ساتھ ساتھ بہت سی سزائیں بھی Prescribe کی گئیں کہ جو ایسا کرے گا اس کیلئے یہ سزا ہے وغیرہ وغیرہ۔

دوسری بنیادی چیز یہ تھی کہ آرٹیکل ۸ (۲) میں جو withdrawal پر پابندی تھی اسے اٹھالیا گیا اور جیسا کہ اس معزز ایوان میں میرے بڑے قابل احترام دوست محمد علی صاحب نے کل فرمایا کہ یہ ایک خاص سیاسی فضا میں سیاسی فائدہ اٹھانے کے لئے کیا گیا۔ جناب والا! ۱۹۶۲ میں بھی اور ۱۹۷۴ میں بھی اس قانون کو برسراقتدار پارٹی نے استعمال کیا اپنے مخصوص مقاصد کے لئے۔ ایک نے کنونشن مسلم لیگ کو مستحکم رکھنے کے لئے اور دوسری نے اس کو جو اختیارات حاصل نہیں تھے کی بنا پر لوگوں کو اپنی پارٹی میں لانے کے لئے۔ پھر اس کے بعد ۱۹۷۹ میں اس میں میجر ترامیم کی گئیں اور ترامیم کا یہ سلسلہ فروری ۱۹۸۵ تک جاری رہا۔ یہ عجیب بات ہے کہ سیاسی جماعتیں کالعدم۔ سیاسی activity ختم' لیکن Political Parties Act میں برابر ترامیم ہو رہی ہیں اور ان ترامیم کے ذریعے سے کبھی کسی کو کوالیفائی کیا جا رہا ہے الیکشن میں حصہ لینے کے لئے' کبھی کسی کو qualify کیا جا رہا ہے۔ یہ سارا سیاسی کھیل یہاں کھیلا جاتا رہا اور اسی قانون کے سہارے کھیلا جاتا رہا۔

توجناب والا! یہ جو پس منظر میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ Political Parties Act کے ساتھ کوئی اچھی یادیں وابستہ نہیں ہیں۔ ۱۹۶۲ میں بھی ۱۹۷۴ میں بھی اور ۱۹۷۹ اور اس کے بعد بھی۔ ہر برسر اقتدار گروہ نے اسے اپنے مقاصد کے لئے اپنے مخصوص مقاصد کیلئے قوم کا نام لے کر کے ' اسلام کا نام لے کر کے National Solidarity کا نام لے کر اسے استعمال کیا۔ اس پس منظر میں اب جو کچھ کیا جارہا ہے بظاہر وہ یہ تین چار کلاز ہیں جو ترمیمی بل کی شکل میں ہمارے سامنے آئے ہیں لیکن فی الحقیقت اس ترمیم کے ساتھ ۱۹۶۲ کے سیاسی پارٹیوں کے قانون کو جیسا کہ وہ آج تک amend ہوا ہے بحال کیا جارہا ہے۔ یہ صرف defection clause کو داخل کرنا نہیں یہ دراصل پورے قانون کو بحال کرنا ہے۔ اور اگر پورا قانون بحال نہ ہو تو defection clause نہیں رہ سکتی۔ اس لئے در اصل پورے قانون کو اس سینٹ کو اپنے سامنے رکھنا پڑے گا۔ اور یہی وجہ تھی کہ ہم یہ بات کہتے تھے کہ اصل ضرورت نیا قانون لانے کی تھی تاکہ پورے قانون میں جو خرابیاں ہیں جو اس کے اندر زیادتیاں کی گئی ہیں قانون کو misuse کرنے کے لئے جو چور دروازے رکھے گئے ہیں ان کو بند کیا جائے۔ ہم اس بات کے مخالف نہیں کہ سیاسی سرگرمیوں کے لئے کوئی معقول ضابطہ بنایا جائے۔ فی الحقیقت سیاسی عمل اپنا corrective خود ہے اور یہی اس نظام کی خوبی ہے کہ اس میں ایک self correcting mechanism ہے۔ بار بار آپکو عوام کے سامنے جانا پڑتا ہے۔ بار بار آپ کو حساب دینا پڑتا ہے اور اس طرح اس میں اصلاحات تھیں۔ لیکن اخلاق اور روایات کے ساتھ ساتھ اگر کہیں قانون کی بھی ضرورت ہے تو اصولاً ہم اسکی مخالفت نہیں کر رہے۔ لیکن ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اسکو معقول ہونا چاہئے۔ اسکو انصاف پر مبنی ہونا چاہئے' اس میں اسکو ایسا ہونا چاہئے کہ کسی کے حقوق کو پامال نہ کیا جاسکے اور اس میں ایسے چور دروازے نہیں ہونے چاہئیں جسکی بناء پر حکومت اسے misuse کرے۔ جناب والا! میں آپ کو اس وقت کی یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کنونشن لیگ کو باقی رکھنے کے لئے جس قانون کو بنایا گیا تھا کنونشن مسلم لیگ اسکے سہارے کچھ دنوں چلتی رہی لیکن جب سیاسی فضا بدل گئی تو وہ قانون کتاب قانون پر موجود تھا لیکن کنونشن مسلم لیگ کو کوئی نہ بچاسکا اور ایک آدھ فرد کا defection نہیں وہ پوری کی پوری پارٹی جو ہے ہوا میں تحلیل ہو گئی۔

جناب والا! سیاست میں سب سے اہم چیز سیاسی عمل ہے محض قانون سے اس کو روکا

نہیں جاسکتا اور قانون سے اس کو ریگولیٹ کر کے کوئی خاص سمتوں میں ڈالنے کی کوشش کی گئی تو اس کے بڑے خراب نتائج اور اثرات بھی رونما ہو سکتے ہیں جن کی بابت میں چاہتا ہوں کہ ہم ہر وقت آپ سب کو متنبہ کر دیں۔ جناب والا! اصولی طور پر میری نگاہ میں سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن غیر ضروری ہے لیکن اگر رجسٹریشن کو ضروری سمجھا جائے تو پھر اس کو لازمی ہونا چاہئے۔ یعنی یہ کہ الیکشن کمیشن پابند ہو کہ اس بات کا کہ جو پارٹی بھی اپنے آپ کو رجسٹر کرانا چاہے اس کو رجسٹر کر لیا جائے۔ دوسرے الفاظ میں یہ صرف ایک ضابطے کی کارروائی ہو گی۔ اس لئے ہو گی کہ وہاں رہنما جمع ہو سکیں اسلئے ہو گی کہ management اور administration زیادہ بہتر ہو سکے۔ اس لئے نہیں ہو گی کہ جماعتوں کو penalise کیا جائے۔ اس وقت جو قانون ہے اس کے اندر اس بات کا پورا پورا خطرہ موجود ہے کہ اس قانون کو misuse کیا جائے گا۔ کچھ خاص پارٹیوں کو سیاسی عمل سے باہر رکھنے کے لئے اور یہ کبھی بھی صحت مند نہیں ہو سکتا۔ سب کو سیاسی عمل میں شریک ہونے دیجئے آخری فیصلہ عوام کریں گے۔ اگر آج ہماری نگاہ میں فرض کیجئے ان سے غلطی بھی ہوئی ہے جمہوریت نام ہی اس بات کا ہے کہ اس کے باوجود ہم اپنی کوشش جاری رکھیں گے اور کل انہیں اپنا ہم نوا بنانے کی کوشش کریں گے۔

جناب والا! اس قانون میں دوسری بڑی خرابی یہ ہے کہ عدالت کو dissolution کا اختیار نہیں دیا گیا بلکہ ایک سیاسی جماعت جو بر سر اقتدار ہو جب چاہے اپنی مرضی سے ایک دوسری پارٹی کو dissolve کر سکتی ہے اس کے سارے assets confiscate کر سکتی ہے اور اس کے بعد پھر یہ معاملہ عدالت میں جائے گا۔ یہ ترتیب غلط ہے۔ اگر کوئی پارٹی اخلاق، قانون دستور اسلام کے منافی کام کرتی ہے تو بلاشبہ وہ قانون سے بالا نہیں ہے لیکن طریقہ اس کا یہ ہے کہ عدالت میں چیلنج کیجئے عدالت میں اپنا حق ثابت کیجئے اگر خدانخواستہ کوئی پارٹی ایسا کام کر رہی ہے کہ جو فوری نقصان پہنچا سکتا ہے تو آپ حکم امتناعی لے لیجئے کہ جب تک فیصلہ نہ ہو جائے اس وقت تک اس کی activities کو روک دیا جائے۔ لیکن محض ایک سیاسی جماعت دوسری سیاسی جماعت کے بارے میں یہ فیصلہ کرے یہ اختیار دینا، انصاف کے خلاف ہے، اسلام کے خلاف ہے، عقل کے خلاف ہے۔

جناب والا! الیکشن کمیشن کو بھی اس میں involve کیا جا رہا ہے جس کے بارے میں بعد میں بھی کچھ عرض کروں گا دوسرا اصول، جو اس قانون سے اخذ ہوتا ہے وہ ہے قانون کے

ذریعے political management اور میں نے اس بارے میں آپ کی خدمت میں یہ بات عرض کی ہے کہ کچھ حالات کے اندر اس کی اجازت ہو سکتی ہے لیکن یہ کام کچھ متعین اصولوں، انصاف کی اقدار اور مہذب دنیا نے جن چیزوں کو برسہا برس کی محنت سے حاصل کیا ان تجربات کی روشنی میں ہونا چاہئے۔ تیسرا اصول جناب والا! جو مرکزی نکتہ ہے اس قانون کا وہ یہ ہے کہ سیاسی جماعت سے defection یا withdrawal کو روکا جا رہا ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اس طرح political stability قائم کرنے کی امید ظاہر کی جا رہی ہے۔ جناب والا! میں صاف الفاظ میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے اصولاً، اخلاقاً اس امر پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں کہ ایک شخص جو کسی سیاسی پارٹی کے ٹکٹ پر اس کے نمائندے کے طور پر منتخب ہوا ہو اگر وہ اپنی پارٹی بدلتا ہے اپنی وفاداری بدلتا ہے تو اسے دوبارہ عوام کے سامنے جانا چاہئے۔ اور mandate لینا چاہئے لیکن یہ ایک اخلاقی ذمہ داری ہے یہ ایک سیاسی ذمہ داری ہے اس کی محافظت روایات کے ذریعے ہونی چاہئے اگر اسے آپ قانون کی شکل دے دیں گے جیسا کہ دی جا رہی ہے تو اس میں خیر کم اور شر زیادہ ہے۔ اس کے ذریعے سے سیاسی استحکام تو آپ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ جس طرح میرے محترم بھائی اور ہم نشیں خضر صاحب نے کل کہا تھا کہ اس قسم کے قوانین سے political stability حاصل نہیں ہوتی میں اس کی پوری پوری تائید کرتا ہوں لیکن ساتھ ہی میں اس بات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے اندر اس بات کا امکان موجود ہے کہ اسے misuse کیا جائے اپنے دوسرے ساتھیوں کو terrorise کرنے کے لئے ان کو مجبور کرنے کے لئے انہیں کچھ خاص مقاصد کے لئے استعمال کرنے کے لئے ان کی آزادی کو محدود کرنے کے لئے اور بدقسمتی سے ہماری ملک میں اور دوسرے developing countries میں ایسی چیزیں ہوتی رہی ہیں۔ اس کی بناء پر یہ خطرہ ہمیں حقیقی خطرہ نظر آتا ہے اور اس بناء پر ہم آپ کے توسط سے اس ایوان کو اور خصوصیت سے حکومت کو متوجہ کرنا چاہتے ہیں کہ خدارا کوئی ایسا ہتھیار کسی بھی حکومت کے ہاتھ میں نہ دیجئے۔ آج آپ یہاں ہیں کل ہو سکتا ہے کہ آپ یہاں نہ ہوں۔ جسے ایوان کے معزز ارکان کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہو یہاں یہ بات بار بار کہی گئی ہے کہ برطانیہ میں اس بات کی روایت ہے کہ اگر ایک فرد پارٹی کو چھوڑتا ہے تو وہ مستعفی ہو کر دوبارہ الیکشن لڑتا ہے اور بار بار یہ چیز ہوئی لیکن میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ حال ہی میں ایک اہم مثال ایسی بھی ہے کہ جہاں اس پر عمل نہیں ہوا اور جب سوشل ڈیموکریٹک پارٹی بنی تو اس

میں سترہ افراد لیبر پارٹی سے اور دو افراد conservative سے آئے۔ اور ان پارلیمنٹ کے ممبروں نے استعفیٰ نہیں دیا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ ایک پروگرام کی بنیاد پر آئے تھے اور اس پروگرام کو پورا کرنے کے لئے انہوں نے ایک نئی شکل اختیار کی تو جناب والا! میں پورے ادب کے ساتھ یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اصل چیز یہاں روایات کی ترقی ہے روایات کا استحکام ہے قانون کے ذریعے آپ یہ کام نہیں کر سکیں گے۔ اور قانون کے ذریعے آپ نے جو کام کرنے کی کوشش کی ہے مجھے کہنے دیجئے کہ وہ بڑا خام اور بڑا confused ہے۔

سب سے پہلی بات آپ یہ دیکھئے کینڈیڈیٹ اور نامنی، ایک پارٹی کے کینڈیڈیٹ اور نامنی میں کیا فرق ہے اگر آپ اردو ترجمہ دیکھیں تو کینڈیڈیٹ کا ترجمہ کیا گیا ہے "رکن" اور نامنی کا "نامزد"۔ defection کے بارے میں، میں جتنی بھی جستجو کر سکا اس کی روشنی میں جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا یہ لفظ دراصل ایک Latin لفظ defectus سے نکلا ہے جس کے اصل معنی لاطینی زبان میں desert یا فیل کرنے کے ہیں اور اس کے چار مزید معنی بیان کیے گئے ہیں default, want, imperfection, disqualification اور انگلش زبان میں چیمبرز ڈکشنری میں اس کے معنی failure, a falling away from duty, revolt. آکسفورڈ ڈکشنری میں falling away, allegiance, to leave a party, religion or duty پارٹی، رلیجن اور ڈیوٹی اسے desertion کے یہ معنی ہیں جو ہمیں ڈکشنری میں ملتے ہیں۔ میں قانون کی ڈکشنری کو consult کیا لیکن وہاں یہ لفظ اپنے سیاسی معنی میں استعمال نہیں ہوا، وہاں یہ mainly not one check کے ضمن میں استعمال ہوا ہے۔ تو اس لئے میں نے ان کو یہاں لانے کی کوشش نہیں کی۔ جناب والا! آپ اس سے ملاحظہ فرمائیں گے کہ یہ لفظ محض failure کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہ لفظ imperfection کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے۔ یہ falling from allegiance, to leave, ~~failing~~ falling away from duty یعنی یہ ایسی غیر متعین ایسی flexible, چیز ہے جسے کسی بھی معنی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ذرا کسی نے آپ کے خلاف آواز اٹھائی آپ اسے misuse کر سکتے ہیں۔ تو جناب والا! میں چاہوں گا کہ ہم یہ خطرناک کھیل نہ کھیلیں، اگر ہم یہ الفاظ لاتے ہیں تو ان کو صحیح صحیح define کریں

ورنہ ہم یہ الفاظ نہ لائیں۔

پھر میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ defection اور withdrawal کا ذکر تو ہے لیکن اگر پارٹی ڈسپلن کی کسی بھی وجہ سے خلاف ورزی کی بناء پر کسی فرد کو Party expel کرتی ہے وہ کہتا ہے کہ میں پارٹی کو نہیں چھوڑتا ورنہ میں defect کر رہا ہوں۔ نہ میں withdrawal لیکن پارٹی یہ کہتی ہے کہ ہم نے تجھے expel کر دیا ہے۔ آپ اسے کس خانے میں رکھیں گے۔ جناب والا! فرض کیجئے اگر پارلیمنٹ میں ایک پارٹی میں conflict ہو جاتا ہے ۵۰ آدمی ہیں اس میں ۳۰ ایک طرف چلے جاتے ہیں اور ۲۰ ایک طرف چلے جاتے ہیں۔ کیا آپ ۳۰ کو یہ حق دیں گے کہ وہ اس کا سہارا لیکر اس اسپرٹ کو موثر نہ ہونے دے۔ باقی ۲۰ افراد کو اسمبلی اور سینٹ کی ممبر شپ سے محروم کر دیں گے۔ فرض کیجئے دو پارٹیاں آپس میں merge کرتی ہیں۔ merge ہونے والی پارٹی کے کچھ افراد خود کہتے ہیں کہ ہم تو اپنی اصل پارٹی کے وفادار ہیں۔ ہم merge ہونے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ آپ defection کو کہاں trace کریں گے۔

جناب والا! پورے ادب کے ساتھ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ لفظ withdrawal بڑا خطرناک ہے۔ یہ بھی پارلیمانی روایت کا ایک حصہ ہے کہ ایک فرد جب سینٹ کا چیئرمین یا اسمبلی کا سپیکر منتخب ہوتا ہے اس کے بعد عملاً وہ اپنی پارٹی سے withdraw کر لیتا ہے۔ پھر وہ پارٹی کی میٹنگوں میں بھی نہیں جاتا۔ پھر وہ پارٹی کا ڈسپلن فالو نہیں کرتا۔ وہ اس ایوان کے حقوق کے لئے غیر جانبدار ہو جاتا ہے۔ اگر اس withdrawalship کا سہارا لیکر سپیکر اور چیئرمین ' یا ڈپٹی سپیکر اور ڈپٹی چیئرمین ' کو سزا دینے کی کوئی پارٹی کوشش کرے تو کم از کم قانون کے اندر کوئی گنجائش نہیں ہے جس سے وہ پروٹیکٹ ہو۔ آپ دیکھیں کہ ۵۸ امنڈمنٹ جو انڈیا نے کیا ہے اور جس میں پہلی مرتبہ ہندوستان میں یہ چیز لائی گئی کہ پارٹی چینج کرنے کے اوپر اسمبلی کی رکنیت سے محروم کر دیا جائے۔ تو وہاں انہوں نے ان ساری باتوں کو ملحوظ رکھا ' انہوں نے اس قانون میں شیڈول ۱۰ کے اندر split ' merger سپیکر کا معاملہ ' چیئرمین کا معاملہ راجیہ سبھا ان تمام مسائل کو انہوں نے لیا ہے۔

جناب والا! قانون سازی کے اندر ان ساری باتوں کو ملحوظ رکھنا چاہئے لیکن آپ مجھے

[Prof. Khurshid Ahmed]

اجازت دیں اگر میں پورے ادب سے یہ بات کہوں اور یہ کسی فرد پر ہدف تنقید نہیں ہے۔ میں وزیر عدل کا بھی بڑا احترام کرتا ہوں' اٹارنی جنرل کا بھی اور ان کی پوری ٹیم کا' لیکن جناب والا! ہمارے ملک میں قانون سازی بڑی سہل انگاری کے ساتھ ہوتی ہے اور جو متعلقہ معاملات ہیں ان سب پر غور نہیں کیا جاتا اور بروقت بھی نہیں کیا جاتا' اور متوجہ کرنے کے بعد بھی نہیں کیا جاتا اور وعدہ فردا پر بالعموم ٹرخا دیا جاتا ہے۔ میں پوری دل سوزی کے ساتھ یہ بات عرض کر رہا ہوں کہ ہم کسی کی ٹوپی نہیں اچھالنا چاہتے' خدارا جو قانون بنایئے' محنت سے بنایئے' توجہ سے بنایئے' اس میں ایسے جھول نہ چھوڑیئے' جس کو misuse کیا جا سکے۔ یہی ہماری درخواست ہے۔ اگر آپ یہ کریں گے تو ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

جناب والا! اس قانون میں فرد کا یہ بنیادی حق ہے کہ وہ withdraw کرے اور اگر یہ کہا جائے کہ وہ withdraw ہو رہا ہے تو withdraw ہوتے ہی یا defect ہوتے ہی وہ ممبر نہیں رہے گا۔ کوئی پروسس پروائڈ نہیں کیا گیا ہے ایک شخص سے کوئی سوال پوچھا جائے گا پارٹی کوئی احتساب کریگی' پارٹی لیڈر کوئی سوال کریگا' اسے اپنے آپ کو defend کرنے کا' کوئی موقع دے گا' آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ اسلام کا بنیادی اصول ہے' یہ جمہوریت کا بنیادی اصول ہے اور فیڈرل شریعت کورٹ نے ایک نہیں ایک درجن قوانین کو اسلام کے منافی قرار دیا ہے۔ اور یہی ایوان ان میں سے کم از کم چھ قوانین کو تبدیل کر چکا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ نے یہ بات کہی ہے۔ کہ جس شخص کو اپنے آپ کو defend کئے بغیر اس کے خلاف کوئی اقدام ہو رہا ہے تو یہ اسلام کے خلاف ہے۔ بلا شبہ ایک provision موجود ہے کہ اگر وہ شخص الیکشن کمیشن کے پاس اپنے کیس کو لے جانا چاہے تو وہ لے جا سکتا ہے لیکن یہ تو دوسرا اسٹیج ہے۔ پہلا اسٹیج تو یہ ہے کہ آپ اُسے اس کی رکنیت اسمبلی یا سینٹ سے محروم کر دیں گے۔ اصل فیصلہ یہاں ہونا چاہئے اور یہ اقدام بھی اس کو اپنے آپ کو defend کرنے کا موقع دیئے بغیر نہیں ہونا چاہئے۔ یہاں کوئی ایسی گنجائش اس قانون کے اندر نہیں ہے۔

پھر آپ دیکھئے کہ پارٹی لیڈر کی جو پوزیشن ہے وہ بڑی ہی خطرناک ہے۔ ہر فرد اپنا ایک وجود رکھتا ہے۔ اس کی ایک عزت نفس ہے۔ بلا شبہ ہم پارٹی میں آتے ہیں اور مل کر چلنا چاہتے ہیں۔ پارٹی ڈسپلن بھی بڑی اہم چیز ہے۔ لیکن پارٹی لیڈر کو یہ اختیار دینا کہ dispute کی شکل میں صرف وہ اس مسئلے کو اسمبلی میں لے جا سکتا ہے یہ میری نظر میں بڑا خطرناک ہے۔

جناب والا! یہ تیسرا اصول تھا جس کے بارے میں میں نے اپنی گذارشات پیش کیں۔

چوتھا اصول الیکشن کمیشن کا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے کو بھی سہل انگاری کے ساتھ نہ لیا جائے۔ الیکشن کمیشن ایک بڑا ہی مقدس ایک بڑا ہی اہم ادارہ ہے۔ اور الیکشن کمیشن بڑے متعین اور محدود مقاصد کے لئے دستور نے قائم کیا ہے۔ وہ مقاصد کیا ہیں۔ آرٹیکل ۲۱۸ میں اس بات کو کہا گیا ہے۔

> "It shall be the duty of the Election Commission constituted in relation to an election to organize and conduct the election and to make such arrangements as are necessary to ensure that the election is conducted honestly, justly, fairly and in accordance with law, and that corrupt practices are guarded against".

جناب والا! الیکشن کمیشن کا صرف اور صرف یہ کام ہے۔ الیکشن کمیشن judiciary نہیں ہے چاہے اس کے افراد judiciary سے لئے ہیں، الیکشن کمیشن کوئی عام administrative ادارہ بھی نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن جو ہے وہ کوئی conscience keeper of the political system نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن صرف متعین مقاصد کے لئے دستور کے تحت وجود میں آتا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ان قوانین میں جس میں ۶۲ء کا قانون بھی ہے اس سے آگے چل کر ۷۹ء کا قانون بھی ہے اور خاص طور سے اب جو نیا رول الیکشن کمیشن کو دیا جا رہا ہے وہ یہ ہے کہ وہ یہ بات بھی متعین کرے کہ کون شخص کسی پارٹی کو چھوڑ گیا ہے یا نہیں۔ جناب والا! پارٹیوں کے تصادم پارٹیوں کے اندرونی اختلافات' پارٹیوں اور پارٹیوں کے درمیان معاملات یہ وہ سیاسی معاملات ہیں جن کو سیاسی عمل کے ذریعے طے ہونا چاہئے۔ اور اگر کوئی ایسا نازک مقام آجاتا ہے جہاں مقدمے بازی کی ضرورت پیش آئے۔ پھر سپریم کورٹ کی عدالت ایسا ادارہ ہے۔ الیکشن کمیشن کو اس میں involve کرنے کا معنی یہ ہے کہ آپ الیکشن کمیشن کو پارٹی پولیٹکس کے اندر یعنی انٹر پارٹی بھی اور انٹرا پارٹیز میں بھی شریک کر رہے ہیں اور جب یہ کام ہو جائے گا تو مجھے کہنے کی اجازت دیجئے کہ اس کے بعد الیکشن کمیشن کی غیر جانبداری باقی نہیں رہے گی۔

پھر تمام سیاسی جماعتیں اس پر اعتماد نہیں کر سکیں گی کہ وہ fairly, honestly اصول کے مطابق انتخابات کروا سکتا ہے۔ اگر مجھے یہ احساس ہو کہ میرے نکالے جانے میں الیکشن

[Prof. Khurshid Ahmed]

کمیشن شریک ہے اور یہ فلاں پارٹی کے لیڈر سے مل گیا ہے۔ تو پھر مجھے بتلائیے کہ میں کیسے اعتماد کرونگا کہ یہ الیکشن کمیشن ملک میں صحیح انتخابات کرواسکتا ہے۔

جناب والا! میں پورے ادب سے عرض کرونگا کہ ان اداروں کو تباہ نہ کیجئے ان کو خراب نہ کیجئے اگر آپ اس کیلئے راستہ چاہتے ہیں تو دو طریقے ہیں یا آپ ایک اسپیشل جوڈیشل باڈی بنا دیجئے جو ایسے معاملات کو ڈیل کر سکے یا آپ سپریم کورٹ کو اختیار دیجئے اگر اس معاملے میں خلاء پیدا ہو تو سپریم کورٹ تعین کرے گی کہ آیا رکنیت ختم ہوئی ہے یا نہیں ہوئی۔ لیکن الیکشن کمیشن کو اسکے بیچ میں رکھنے سے یہ الیکشن کمیشن کے ساتھ ' الیکشن کے سسٹم کے ساتھ اس ملک میں جمہوریت کے مستقبل کے ساتھ غداری ہے خدارا! اس سے احتراز کیجئے۔

جناب والا! پانچواں اور آخری اصول جس پر کہ یہ قانون بنتے رہے وہ یہ ہے کہ اسکے جو رولز آف بزنس ہیں انہیں بنانے کا اختیار مکمل فیڈرل گورنمنٹ کو دیا ہے میری نگاہ میں یہ بہت ہی بڑا خطرناک کھیل ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ قانون کا احیاء ان رولز اور ریگولیشن کے مطابق ہوتا ہے۔ اگر رولز ریگولیشن بنانے میں کچھ ایسی چیزیں رکھ دی جائیں جو ایک پارٹی کے favour میں ہوں اور دوسری پارٹیز کے خلاف جاتی ہوں۔ تو یہ اصول انصاف کے خلاف ہے اور یہ صورتحال سیاسی ارتقاء کیلئے سم قاتل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسلئے میں یہ عرض کرونگا کہ رولز بلاشبہ بنانے ضروری ہیں۔ لیکن یہ رولز پارلیمینٹ میں بننے چاہئیں۔ یہ رولز open debates کے ذریعے بننے چاہئیں۔ بلاشبہ اگر حکومت ڈرافٹ لائے اسکے بعد ایوان کے سارے ارکان اس پر بحث کریں اور جانیں کہ کیا رولز بنائے جا رہے ہیں۔ اگر ضرورت محسوس کریں تو public opinion معلوم کریں۔ اگر کوئی چیز اس میں اسلام کے خلاف ہو تو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل سے رجوع کیا جائے تب یہ رولز بنائے جائیں۔ پھر پوری قوم کو ان رولز پر اعتماد ہو گا اور تمام پولیٹکل پارٹیز اپنے لئے رولز کو مفید سمجھیں گی۔ لیکن اسکا arbitrary اختیار صرف ایک پارٹی کو دے دیا جائے تو وہی ہو گا جو ۶۲ء میں اور پھر ۷۴ء میں کیا گیا۔ اسطرح آپ سیاسی عمل کو ترقی میں ڈھالیں گے اسکو پارلیمینٹ کو دے دیجئے اگر کوئی رکاوٹ ہے تو پھر اسکو کم از کم سینٹ کو دے دیجئے سینٹ سے کم از کم formally گورنمنٹ نہیں بنتی اسطرح سینٹ پر اعتماد کیا جا سکتا ہے کہ وہ اسے پارٹی سیاست سے بالاتر سمجھ کر غور کریگی بلکہ قومی مفاد سے غور کرے گی۔ اسلئے رولز کے بنانے کا اختیار اول تو پوری پارلیمینٹ کو ہو ' یا کم از کم سینٹ

کو تا کہ open debate کے بعد رولز بن سکیں میں اسے حکومت کے اختیار میں دینے کو صحیح نہیں سمجھتا۔

آخر میں یہ عرض ہے کہ ایک لحاظ سے یہ قانون نامکمل بھی ہے اسلئے کہ جن وجوہ سے آپکا سیاسی پارٹی ایکٹ ۱۹۷۹ء جو اس وقت لاگو نہیں ہے۔ اس میں تین چار مارشل لاء آرڈرز اور ریگولیشنز حائل ہو رہے ہیں مارشل لاء آرڈرز ۲۰' ۲۴' ۴۸' اور ۱۸۱ ہے جب تک ساتھ ساتھ انکو اٹھانے کی بات نہ کی جائے اسوقت تک سیاسی پارٹی ایکٹ میں ترمیم صحیح نہیں ہو گی۔ اسلئے اسے مکمل کرنے کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ اسکے ساتھ ساتھ ان مارشل لاء آرڈرز اور ریگولیشنز کو repeal کیا جائے بیک وقت کیا جائے تا کہ وہ ختم ہوں اور پولیٹکل پارٹیز ایکٹ بحال ہو۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس وقت ہم اس بل کی حدود سے آگے نہیں بڑھ سکتے ہیں تو میں اس approach سے اتفاق نہیں کرتا ہمارے پاس اب بھی وقت ہے ہم پولٹیکل پارٹیز ایکٹ کو recast یا revise کر سکتے ہیں۔ اگر یہ ممکن نہیں ہے تو یہ بات حکومت کیلئے ضروری ہے کہ وہ ایوان کو اعتماد میں لیکر یہ بتائے کہ زیر بحث ایکٹ پر جو اعتراضات کئے گئے ہیں ان کے بارے میں اسکی پالیسی کیا ہے اور دوسرے قوانین خاص طور پر مارشل لاء آرڈرز کا میں نے ذکر کیا ان تمام کے بارے میں اسکا رویہ کیا ہے جب تک تمام چیزیں واضح نہ کی جائیں یہ بل پر بے سود کوشش ہو گی۔

جناب والا! میں آپکا بے حد ممنون ہوں کہ پوری بات کرنے کا موقع دیا۔ میں نے ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا۔ میں اس دعا پر ختم کرتا ہوں کہ جو کچھ بھی میں نے کہا ہے اگر یہ حق ہے تو اللہ تعالیٰ حکومت کے لوگوں کے دلوں کو کھول دے اگر کوئی بات غلط ہے تو وہ غلطی ثابت ہو جائے تا کہ میں ازالہ کر سکوں۔

و آخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔

**Mr. Muhammad Ali Khan :** Point of order, Sir, when Prof. Khurshid was making a speech, he referred to my yesterday's speech in which I had only stated that the clause regarding the crossing of the floor existed in the Political Parties Act, 1962 which was later removed by the previous Government in order to encourage members belonging to other political parties to join the Government Party. I had not said that this clause was introduced in order to give protection to the

[Mr. Muhammad Ali Khan]

members belonging to the Convention Muslim League by the late Field Marshal. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you.

**پروفیسر خورشید احمد:** Point of explanation Sir. غالباً محترم دوست ہوتی صاحب نے میری بات پوری طرح سنی نہیں۔ میں نے جو بات کہی تھی وہ یہ ہے کہ ۱۹۶۲ء میں میری نگاہ میں ایک قانون لایا گیا ہے اور پھر اسمیں ۱۹۷۴ء میں تبدیلی کی گئی تاکہ دوسری پارٹیوں میں سے لوگ لائے جاسکیں۔ میرا اشارہ ۷۴ء کی طرف تھا۔

**Mr. Muhammad Ali Khan :** Point of Order, Sir, Convention League was formed after the 1962 Act. That is what I remember. It was not the time when the Convention League came into existence, because I know that 1962 Act came earlier than the formation of the Convention League. Therefore, that observation is not correct.

**Mir Ali Nawaz Khan Talpur :** Before I start, I would like to draw the attention of this august House to the fact that despite the British being the state of power and there was no fundamental rights and no concept of freedom of association they did not suffocate the social, political and economic growth stipulating the organizations of various forums in the name of registration and regulation of their activities. Sir, the first law on the Statute Book is The Societies Registration Act, 1860, exactly, three years after the so-called revolt of 1857. But thanks to the British colonials that even that law does not contain the commission which is already done in this Political Parties (Amendment) Bill. Although that law provides for the registration of societies, for the sake of political education I quote section 20 of the Act. So section 20 says:

> "Charitable Societies — Societies established for the promotion of science, literature, or the fine arts, for instruction, the diffusion of useful knowledge, the diffusion of political education, the foundation or maintenance of libraries or reading rooms for general use among the members or open to the public, or public museums and galleries of paintings and other works of art, collections of natural history, mechanical and philosophical inventions, instruments, or designs."

For the further illumination of this august House, I quote sections 1, 2 and 3 of the Act of 1860 regarding conditions for registration, Sir.

(1) "Any 7 or more persons associated for any literary, scientific or charitable purpose, or for any such purpose as is described in Section 20 of this Act, may, by subscribing their names to a Memorandum of Association and filing the same with the Registrar of Joint Stock Companies form themselves into a society under the Act.

(2) The Memorandum of Association shall contain the following things: -

the name of the society :

the objects of the society :

the names, and addresses, and occupations of the Governors, Council, Directors, Committee or other governing body to whom, by the rules of societies, the management of its affairs is entrusted.

A copy of rules and regulations of the society, certified to be a correct copy by not less than three of the members of the governing body, shall be filed with the Memorandum of Associations.

(3) Upon such Memorandum and certified copy being filed, the Registrar shall certify under his hand that the society is registered under this Act. There shall be paid to the Registrar for every such registration a fee of Rs. 50/-, or such smaller fee as the Provincial Government may, from time to time, direct; and all fees so paid shall be accounted for to the Provincial Government.

The other important law on the subject of registration and regulation of working of societies, is Cooperative Societies Act 1925. I quote Sections 7 & 9 and 10 of the said Act regarding conditions of registration. Section 7 says :

(1) No society, other than a Society of which a member is a society, shall be registered under this Act, which does not

[Mr. Ali Nawaz Khan Talpur]

consist of at least 10 persons above the age of 18 years, and, where the object of the society is the creation of funds to be lent to its members, unless such persons.

(a) reside in the same town or village or the same group of villages; or

(b) save where the Registrar otherwise directs, are members of the same tribe, class caste or occupation.

(2) no society formed after the commencement of the Sind Cooperative Societies (Amendment) Act, 1943, for the purpose of carrying on business as a banking society or which uses as part of its name under which it purposes to carry on business, the word "bank" or "banking" shall be registered under this Act unless its paid-up share capital amounts to Rs. 20,000/- or more.

8. When any question arises whether for the purpose of this Act, a person is an agriculturist or a non-agriculturist, or whether any person is a resident in a town, village or group of villages, or whether two or more villages shall be considered to form a group, or whether any person belongs to any particular tribe, class, caste or occupation the question shall be decided by the Registrar, whose decision shall be final.

9. (1) For the purpose of registration an application to register shall be made to the Registrar.

(2) The application shall be signed.

(a) in case of a society of which no member is a society, by at least 10 persons qualified in accordance with the requirements of Section 7, sub-section (i) ;

(b) in the case of a society of which a member is a society, by a duly authorised person on behalf of every such society, where all the members of the society are not societies, by 10 other members or, when there are less than 10 other members, by all of them.

(3) The application shall be accompanied by a copy of the proposed bye-law of the society, and the person by whom or on whose behalf such application is made shall furnish such information in regard to the society as the Registrar may require."

Even in the case of Provinces, if there is a provision, no action shall be taken against any society without serving notice thereof and also providing an opportunity of being heard. I quote sub-section (3) of Section 63 of this Act, Sir :

(3) "No prosecution under the Act shall be lodged without the previous sanction of the Registrar, which shall not be given except after serving a notice on the party concerned and giving him a reasonable opportunity of being heard."

This is not so in the case of Political Parties Amendment Bill. Sir, Yahya Khan was denounced for his autocracy but during his times in case of trade unions it was mandatory on the Registrar to register a trade union within a period of two months and if there was any objection he was bound to inform within a period of 15 days and there was a provision of appeal in that case too and I quote section 8 of Industrial Relations Ordinance 1969:—

(1) The Registrar, on being satisfied that the trade union has complied with all the requirements of this Ordinance, shall register the trade union in a prescribed register and issue a registration certificate in the prescribed form within a period of sixty days from the date of receipt of the application. In case the application is found by the Registrar to be deficient in a material respect or respects he shall communicate in writing his objections to the trade union within a period of 15 days from the receipt of the application and the trade union shall reply thereto within a period of fifteen days from the receipt of the objections

(2) When the objections raised by the Registrar have been satisfactorily met, the Registrar shall register the trade union as provided in sub-section (1). In case the objections are not satisfactorily met, the Registrar may reject the application.

(3) In case the application has been rejected or the Registrar has after settlement of the objections delayed disposal of the application beyond the period of sixty days provided in sub-section (1) the trade union may appeal to the Labour Court who for reasons to be stated in their judgement may pass an order directing the Registrar to register the trade union and to issue a certificate of registration or may dismiss the appeal.

But the poor political parties under this Bill are envisaged to be inferior to the trade unions. I would like to draw your attention and also the attention of this August House to sub-section 2 of the original Political Parties Act, 1962 which has been misquoted by those who are supporting this amending Bill. It reads as under:—

"2. If a person, having been elected to the National or a Provincial Assembly as a candidate or nominee of a political party, withdraws himself from it, he shall, from the date of such withdrawal, be disqualified from being a member of the Assembly for the unexpired period of his term as such member unless he has been re-elected in a bye-election caused by his disqualification."

A plain reading of this sub-section would mean that this applies only to the members who are nominees of a political party and not to members who are elected on a non-party basis. Furthermore disqualification applies in case of withdrawal which has its own legal meaning and not voting against the whims of the political party. In the end I would draw your attention to the facts that strength and stability of political constitutions depends on political awareness for which it is a must that unfettered right of freedom of association and expression as enunciated in Artical 2 (a) of the Constitution is restored. I would end my speech by quoting Habib Jalib who says:

تم سے پہلے بھی یہاں ایک شخص تخت نشین تھا
اس کو بھی اپنے خدا ہونے پہ بڑا یقین تھا

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، محترم ملک محمد علی صاحب!

ملک محمد علی خان: جناب چیئرمین! اس وقت اس معزز ایوان میں سیاسی جماعتوں کا بل زیر غور ہے جب ہم اپنی آزادی کے گذشتہ ۳۸ سالوں پر نظر ڈالتے ہیں تو بہت ساری حقیقتیں سامنے آتی ہیں۔ اس میں، میں سمجھتا ہوں کہ سیاست دانوں کا بھی دخل ہے۔ اس کی بنیادی وجہ میرے نزدیک یہ تھی کہ قومی اور اجتماعی مفادات کو ہمیشہ انفرادی مفادات پر ترجیح دی جاتی رہی۔

جناب والا! جہاں تک اس بل کا تعلق ہے، میں اس میں موجود شق کراسنگ آف فلور کی اس بناپر حمایت کرتا ہوں کہ انفرادی سوچ نے ہمیشہ ممبران کو اس بات پر مائل کیا کہ وہ فلور کراس کریں جہاں انہیں اپنا مفاد نظر آئے۔ مشرقی پاکستان جیسا سانحہ ہمارے سامنے ہے۔ ہمیں ان گذشتہ ۳۸ سالوں سے سبق سیکھنا ہو گا۔ موجودہ اسمبلی اور سینٹ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ جو غلطیاں پچھلے دور میں ہوئی ہیں ان کا ازالہ ہو۔ اس کی بنیادی وجہ میں یہی سمجھتا ہوں اور اس کا اقرار کرنے میں میں کوئی عار نہیں سمجھتا کہ اس میں سیاستدانوں کا دخل ہے۔ سیاست دانوں کے ساتھ ایک اور جماعت بھی ہے جس کا یہاں ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ دفتر شاہی ہے۔ سیاستدانوں کی انفرادی سوچ اور قومی مفادات کو جب انہوں نے نظرانداز کیا تو اس سوچ سے فائدہ اس دفتر شاہی نے اٹھایا اور مارشل لا اور پاکستان کے اندر جس قسم کے بھی حالات ہیں یا جو آج ہم کہہ رہے ہیں کہ ہم نازک اور سنگین حالات سے گذر رہے ہیں تو دفتر شاہی مارشل لا کے لئے اور ایسے حالات پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوئی۔ تو جناب چیئرمین! جہاں تک کراسنگ آف دی فلور کا تعلق ہے میں اس کی پوری تائید کرتا ہوں۔ رہ گئی بات رجسٹریشن کی، تو میں رجسٹریشن کی حمایت بھی اس لئے کرتا ہوں کہ بعض جماعتیں نظریہ پاکستان کے برعکس اسلام دشمن سرگرمیوں کی مرتکب ہوتی ہیں یہ ملک ایک نظریئے کی خاطر بنا تھا۔ پاکستان ایک نظریئے کی خاطر قائم ہوا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان دشمن، نظریہ پاکستان کے خلاف کام کرنے والی ان جماعتوں اور اس گروہ کو کھلی چھٹی نہیں دی جا سکتی جو نظریہ پاکستان کے خلاف کام کرے۔ جہاں تک رجسٹریشن کا تعلق ہے میں اس نقطہ نظر کے پیش نظر اس کی حمایت کرتا ہوں اور ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ محترم شیخ علی محمد صاحب۔

شیخ علی محمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! آج جس بل پر بحث ہو رہی

ہے وہ سیاسی پارٹیوں کے متعلق ہے جب سے یہ دونوں ایوان بنے ہیں اور حکومت نے مارشل لاء اٹھانے کی بات کی ہے تو پہلے بتایا گیا تھا کہ سیاسی جماعتوں کے ایکٹ کے بعد مارشل لاء اٹھایا جائے گا اسی اثناء میں ۸ واں ترمیمی بل آ گیا اور وہ پاس ہو گیا اس وقت جناب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس وقت پوری قوم کی آنکھیں اس بات پر لگی ہوئی ہیں کہ مارشل لاء اٹھے اور مارشل لاء کے اٹھنے میں کوئی دیر نہیں ہونی چاہئے۔ ایک دیہاتی کی شہر میں ملازمت تھی وہاں اتفاق ایسا ہوا کہ اس نے شہر میں دوسری شادی کر لی۔ اس کے ساتھ اس کا سالا رہتا تھا جس کا نام سلیم تھا۔ کسی نے پوچھا کہ سلیم کا معلوم ہے بولا سلیم کو گولی مارو وہ جو گاؤں میں عذاب الیم بیٹھا ہے اس کی بات کرو جناب! ہم نے آپ کی ترمیم کا عذاب الیم برداشت کر لیا تو یہ پولیٹکل پارٹیز کا سلیم ہے اس کو بھی قبول کر لیں اس کے بعد جب وقت آئے گا تو ترامیم آئیں گی۔ یہ حرف آخر تو نہیں ہے کہ اس کے بعد ترامیم نہیں آئیں گی۔ جیسے ہم نے آٹھویں ترمیم کو قبول کیا اس کو بھی قبول کرنا چاہئے تاکہ مارشل لاء اٹھے۔

جناب چیئرمین صاحب! ہمارے شہر میں ایک جمشید صاحب رہتے تھے' بڑے ہی دانشور تھے پہلے تو بہت امیر تھے بعد میں غریب ہو گئے۔ ٹنڈوجام میں زرعی ورکشاپ کا کام چل رہا تھا وہاں وہ چھوٹا ٹھیکیدار تھا۔ صبح کو جاتا تھا ریل گاڑی میں انٹر کے ڈبے میں بیٹھتا تھا۔ پارسی آدمی تھا۔ سفید پتلون' سفید بوشرٹ' کالی ٹوپی' عینک' دن گرمی کے تھے تو جب ڈبے میں بیٹھا تو ڈبے میں کوئی ۲۵ آدمی بیٹھے تھے۔ ایک کاٹھیاواڑی سیٹ پر بیٹھا تھا۔ اس نے سمجھا ہو نہ ہو یہ ٹکٹ چیکر' ریلوے کا بابو ہے تو اس نے کہا بابو جی یہ ڈبہ کتنے آدمیوں کا ہے۔ جمشید نے فرمایا چپ کرو بابو جی! یہ ڈبہ ۱۴ آدمیوں کا ہے' تو کاٹھیاواڑی نے کہا پورو بابو جی! کتنے آدمی بیٹھے ہیں اور جمشید نے کہا ایک بھی نہیں۔ بولا پورو کیا بولتا ہے بولا اگر آپ آدمی ہوتے تو ایسے نہیں بیٹھتے' ہم آدمی نہیں ہیں تو جناب والا! اس ملک میں جہاں ساڑھے آٹھ کروڑ آدمی رہتے ہیں شہری نہیں رہتے ہیں' رعیت رہتی ہے ورنہ یہ کیسے ممکن ہے کہ ساڑھے آٹھ کروڑ کا ملک ہو اور مارشل لا ساڑھے آٹھ سال رہ جائے۔ تو میرے بھائی جب ہم نے اتنی باتیں برداشت کر لی ہیں تو یہ دو مہینے اور سہی۔

جناب والا! یہ اصل میں غلطی ہماری پارٹیز کی ہے ہماری پارٹیوں نے کوئی کام نہیں کیا جس میں عوام منظم ہوں' عوامی قوت ہو' عوام آرگنائزڈ ہوں اور کسی بھی طالع آزما کو جرأت نہ ہو

کہ کوئی مارشل لاء لگالے یا کوئی کچھ اور کرلے یا جس کا جی چاہے کرلے پارٹیز کو اپنے آپ کو بنانا پڑے گا سیاسی جماعتوں کو اپنے آپ کو منظّم کرنا چاہئے اس لئے کہ اگر وہ منظّم نہ ہوں گی تو عوام منظّم نہیں ہوں گے اور جب عوام منظّم نہیں ہوں گے تو کوئی جو چاہے کچھ بھی کر لے ہو جائے گا۔

ہمارے ہاں اصل میں بنیادی خرابی یہ ہے کہ ہماری طوفانی جماعتیں ہیں طوفانی کام ہوتے ہیں ایک زمانہ تھا مسلم لیگ طوفانی جماعت تھی ۱۹۴۵ء کا الیکشن ہوا مسلم لیگ نے تیس نشستیں حاصل کر لیں وہی بھائی ہمارا جمشید وہ کانگریسی تھا اس میں ہم ورکر تھے۔ ہم اسے چھیڑا کرتے تھے ہم نے کہا جمشید بھائی آج کا اخبار پڑھا ہے بولا ہاں پوچھا کیا پڑھا ہے بولا کہ مسلم لیگ نے تیس نشستیں حاصل کرلی ہیں ہم نے کہا پھر کیا کہتے ہو تو اس نے کیا کیا کہ ایک اخبار کا ٹکڑا اٹھا کر میز کے اوپر رکھا مجھے بولا پھونک مارو میں نے پھونک ماری۔ پھر سو کا نوٹ نکالا وہ رکھا تو بولا پھونک مارو میں نے پھونک ماری۔ تو اس نے بولا کہ بھائی یہ طوفان تھا مسلم لیگ کا ردی کاغذ بھی اڑ گیا سو کا نوٹ بھی اڑ گیا ہماری جماعتیں طوفانی ہوتی ہیں۔ باقاعدہ آرگنائزڈ نہیں ہوتی ہیں کہ اتنا کام کریں کہ عوام منظّم ہوں تو ہم کہتے ہیں کہ پارٹیوں کو کسی اور کو کچھ کہنے کی بجائے اپنے آپ کو سدھارنا چاہئے اور اپنی اصلاح کرنی چاہئے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ نوابزادہ جہانگیر شاہ۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ: بسم اللہ الرحمان الرحیم' جناب والا! ہر قانون کا ایک مقصد ہوتا ہے اس کی منشا ہوتی ہے کہ ہم نے جو قانون بنانا ہے اس سے کیا مطلب لیا جائے گا۔ اس کا قوم پر کیا اثر پڑے گا۔ اس کے لئے ہم کو ایک دفعہ پھر اپنی تاریخ کا جائزہ لینا پڑے گا۔ قائداعظم کی وفات کے بعد آپ نے دیکھا کہ ۱۹۵۳ء میں خواجہ ناظم الدین کو بغیر کسی وجہ کے ڈسمس کر دیا۔ سردار عبدالرب نشتر سے اور اس کی خدمات سے کون پاکستانی واقف نہیں ہے یہ ان لوگوں میں سے تھے جو قائداعظم کے نہ صرف رفیق تھے بلکہ اس قوم کے نقیب تھے' ان کے ساتھ کیا حشر ہوا۔ پھر غلام محمد کے تحت جو حکومت چلی کیسے چلتی رہی مسلم لیگ کا جس طرح سے ستیاناس کیا گیا وہ آپ کے سامنے ہے۔ جب خالق پاکستان پارٹی میں وہ سکت نہ رہی کہ اس سیلاب کو یا بیماری کو روک سکے جب ان سے یہ نہ ہو سکا تو آپ نے دیکھ لیا کہ اس ملک پر مارشل لاء مسلط ہوئے۔ پھر مارشل لاء کے جرنیلوں کے اپنے اپنے خیالات ہوتے ہیں۔ ان کا کبھی قوم سے براہ راست

تعلق نہیں ہوتا۔ ان کے ذہن میں جو منصوبہ آجاتا ہے وہ اس کو ایک regimental طریقے سے ملک پر مسلط کرتے ہیں اور ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ جو کچھ ہم نے سوچا ہے یہ بالکل ہونا چاہئے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم سیاسی جماعتوں کو بھی بدنام کرتے رہے ہیں اور جب سے یہ ایکٹ بنا ہے جب سے مارشل لاء آیا ہے۔ پہلے مارشل لا میں بھی سب سے بڑی گالی سیاستدانوں کو ملی۔

میں ایک واقعہ بتاتا ہوں کہ ۱۹۵۳ء میں ' میں نصیر آباد میں اسسٹنٹ پولیٹکل ایجنٹ تھا۔ جنرل ایوب صاحب اپنے ریلوے کے کوچ میں تشریف لائے میں ملنے گیا ' خیر ملاقات ہوگئی ' جب میں باہر نکلا تو میر جعفر خان جمالی بھی ملاقات کے منتظر تھے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ میں صدر کو کھانے کی دعوت دے دوں میں نے کہا بالکل دے دینا رات کو کھانا ہوا ' اس میں صرف پانچ چھ یا سات آدمی تھے۔ قاضی صاحب تھے ' ایک سول سارجنٹ سومرو ' جنرل صاحب کے منہ سے اس دو گھنٹے کے دوران سوائے اس کے اور کوئی بات نہیں نکلی ' غلام محمد کو خدا تعالٰی ضرور جنت دے گا ' کہ اس نے خواجہ صاحب کو ڈسمس کیا ' جب کھانا ختم ہوا تو سول سارجنٹ مجھے کہتا ہے I suspect, this man is going to take over.

میں نے کہا نہیں ' کیونکہ جنرل کا سیاست سے کیا تعلق۔ ہم نے یہ دیکھا اور اس کے بعد پھر یہ رواج بن گیا ' اور اس رواج کے بعد ایک ایسا تاثر پھیلا کہ سب سے بدنام ' سب سے بڑا دشمن اگر کوئی اس ملک کا ہے تو وہ صرف سیاسی جماعت ہے اور سیاسی جماعتوں کے پیچھے ہم پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم کو یہ دیکھنا ہے کہ وہ خفیہ ہاتھ کہاں ہے۔

اس قانون کو آپ صرف ایک دائرے تک محدود کیوں کرتے ہیں۔ اس کے دائرے کو کیوں وسعت نہیں دیتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے پاس ایک ایسا عوامی ادارہ ہونا چاہئے جیسے محتسب ہوتا ہے اور جس پر قوم کا اعتماد ہو - وہ ۱۹۴۷ء سے لیکر آج تک سب کے کردار کی چھان بین کرے۔ ان جرنیلوں کو بھی ' ان وزیروں کو بھی ان سیاستدانوں کو بھی جن کے ہاتھ باہر ہیں۔ جن کی جیب میں کسی اور کے پیسے پڑ رہے ہیں۔ جو امریکہ میں جائیداد بنا رہے ہیں۔ جنہوں نے اپنی غرض کے لئے اس ملک سے دشمنی کی ہے۔ ہم کیوں اس چیز کو ایک محدود حیثیت سے دیکھتے ہیں۔ ہمیں پورے پاکستان کا ایک جائزہ لینا چاہئے اور اس جائزے میں جو جو لوگ بھی ہمارے سامنے آتے جائیں جن کی وجہ سے پاکستان پر مصیبتیں آئی ہیں۔ میں کسی کو

spare نہیں کرنا چاہتا' اپنے آپ کو بھی spare نہیں کرنا چاہتا' اور سب سے پہلے میں اپنے آپ کو محاسبے کے لئے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اور اس کی وسعت کو اس لئے بڑھائیں کہ یہ صرف ملک کے مفاد کے لئے ہو۔ ۶۲ء سے لیکر اب تک اس ایکٹ کے بارے میں ہم نے اپنے ذاتی مفاد کے لئے کتنے چولے بدلے ہیں۔ کیوں بدلے ہیں' کیا اس وقت قوم کی ضرورت تھی۔

میں مجسٹریٹ رہا ہوں' بڑے بڑے دلچسپ مقدمے پیش ہوتے رہے ہیں۔ ایک مقدمہ ایک یتیم کا تھا۔ یتیم مالدار تھا اور دونوں gardian جو تھے وہ رشتے دار تھے' اور دونوں کا یہ دعویٰ تھا کہ یہ جو لڑکا ہے اس سے ہمیں بہت پیار ہے۔ اس لئے ہمیں دے دو کہ میں اسکی gardianship کو سنبھال سکوں گا۔ اس gardianship کا مقصد کیا تھا۔ اس میں منفعت تھی' اس میں اس کا فائدہ تھا' میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے آٹھ کروڑ عوام یتیم ہیں ہم اس کے دعوے دار بنتے ہیں۔

ہر قانون جو بنایا جاتا ہے اس کا مدعا قومی نظریہ ہوتا ہے۔ لیکن یہ نہیں دیکھتے کہ قوم کو کس طرح آگے بڑھائیں۔ اس کا شعور' اس کی پروٹیکشن' اس کا ادراک اس کے سیاسی شعور کو کیسے بیدار کیا جائے۔ جب تک ان کا سیاسی شعور بیدار نہیں کیا جاتا تو قوم سے توقعات کیا ہو سکتی ہیں۔ وہ تو بس گلی کوچوں میں بیٹھیں گے۔ اخبار کے ذریعے سے ہم اپنا پروپیگنڈہ کرائیں گے۔ ہر قانون بنانے کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ پبلک کو نوٹس دیا جاتا ہے کہ یہ قانون زیر تجویز ہے۔ اور باتوں کو تو چھوڑیں' جنرل ایوب خان کی جہاں ڈکٹیٹر شپ تھی وہاں بڑی مفید چیزیں بھی تھیں۔ ڈی رولز جب بنائے جاتے تھے تو مشتہر ہوتے تھے' اشتہار دیا جاتا تھا۔ لوگوں کو دعوت دی جاتی تھی کہ اس پر اپنی تجاویز دی جائیں۔ میں کہتا ہوں کہ اتنی اچھی اور مدلل تقریریں یہاں ہوئی ہیں میں اسمیں اور کیا اضافہ کروں گا۔ میں صرف اتنا کہتا ہوں اس مہم میں سمجھتا ہوں پرائم منسٹر بھی ہمارے ساتھ ہے۔ یہ ترامیم آخری نہیں ہے اس میں کئی ترمیموں کی ضرورت ہے۔ اور سیاست میں فراست کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ ہم اس بات کا بھی جائزہ لیتے رہیں کہ اس وقت ہم کس پوزیشن میں ہیں۔ اگر یہ قوم اس پوزیشن میں ہوتی' کہ وہ مارشل لاء کو روز اول سے ہی اس قابل نہ بناتی' کہ وہ ہم پر مارشل لاء چلاتے' تو شاید پاکستانی قوم اس جگہ نہ ہوتی۔ لیکن معلوم ہوا کہ جب بھی اس ملک میں مارشل لاء لگا ہے جو حکومت بھی آئی ہے ہزاروں کی تعداد میں لوگ اس کی تائید کرتے رہے ہیں اور ہمیشہ ان کو غلط فہمی میں رکھا گیا

ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سیاست کے ختم ہونے سے لوگوں میں چاپلوسی آ گئی ' اور ہر آمریت کا ساتھ وہ لوگ دیتے ہیں ' جو چاپلوسی ہوتے ہیں ' جو ضمیر فروش ہوتے ہیں ۔ وہ اس کے ساتھ ہوتے ہیں ۔ اور جب وہ اس کے ساتھ ہوتے ہیں تو وہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے اور اپنے آپ کو بڑا ہر دلعزیز سمجھنے لگ جاتا ہے۔

ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سامنے کسی شخص نے کسی دوسرے صحابی کی تعریف کی ' دوسری مرتبہ پھر تعریف کی ' تیسری مرتبہ جب کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس کو ٹوکا ' کہ تم نے اس صحابی کو تین دفعہ ذبح کیا ہے۔ اس نے پوچھا ' کیسے ؟ آپ نے فرمایا کہ جب تعریف کی جاتی ہے تو آدمی پھول جاتا ہے اور اس میں جو تقویٰ اور احتیاط کی تدابیر ہیں ان سے وہ رک جاتا ہے۔

اب بات یہ ہے کہ ہمارا ملک اس وقت ہائی جیک ہو چکا ہے۔ اس وقت فوج بیٹھی ہوئی ہے۔ اس وقت ہم نے اپنے پرائم منسٹر کو لیڈر آف دی ہاؤس بنایا ہے ' ہم نے اس پر اعتماد کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب نواں ترمیمی بل اس نے لانا ہے۔ میں اس پر یقین رکھتا ہوں کہ اسی طرح اس بل کو بھی ان تمام مراحل سے دوبارہ گزارا جائے گا۔ جس میں Public opinion شامل ہو ' کیونکہ ہم پبلک کی طرف سے آئے ہیں۔ لیکن پبلک کی توقعات کے مطابق تو ہم نہیں چل سکتے ' جو بات ہم کہتے ہیں وہ ان کی توقعات پر پوری نہیں اترتی ۔ لہٰذا اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے جب بھی کسی بل کو لانا ہو ' کوئی amendment بھی لانی ہو ' تو کم از کم اس کی تشہیر کی جائے ' پبلک کی رائے لی جائے۔ اس میں کوئی سبکی نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسا راستہ کھول دے گی اور پبلک یہ سمجھے گی کہ ہم محکوم نہیں ہیں۔ بلکہ جو ہمارے نمائندے ہیں۔ وہ ہماری ترجمانی کرتے ہیں۔ اور اس میں جو defection یا withdrawal کی کلاز ہیں۔ ان پر کافی بات ہو چکی ہے جس وقت میں اس کمیٹی کا ممبر تھا ' اس پر میں نے اس وقت اعتراض کیا تھا چونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ' کہ تعاون کرو نیکی اور اچھائی کی باتوں میں اور برائی کی باتوں میں تعاون مت کرو۔ جب ایسا ماحول آ جائے ہم شاید باپ کا ساتھ بھی نہ دیں بھائی کا ساتھ بھی نہ دیں تو ایک پارٹی کا ساتھ کیسے دے سکتے ہیں۔ یہ اسلامی سیاسی پارٹی کا اصول ہے اور اسے شعار بنائیں۔ جب ایک دوسرے کے ساتھ اتحاد کرتے ہیں تو اس کی نظر اس بات پر ہوتی ہے کہ اس میں اس کی کوئی منفعت تو نہیں ہے۔ اس میں گناہ تو نہیں ہے ' اس میں زیادتی تو نہیں ہے۔ اس میں ظلم

تونہیں ہے۔ اس میں میں نے یہ کہا تھا کہ اگر ایک پارٹی سے کوئی آدمی مالی منفعت کو دیکھتے ہوئے جاتا ہے یا کوئی جلب زر ہے یا کوئی اور چیز ہے تو یہ تو اخلاقی جرم بھی ہے قانونی جرم بھی ہے اس کے خلاف تو بے شک ایکشن لیا جائے۔ مگر صرف اس لئے کہ اس نے اس کا ساتھ نہیں دیا اور اس کا ساتھ اسے پسند نہیں آیا۔ withdrawal اور defection, کو میں اقبال صاحب کی ضمیر پر چھوڑتا ہوں۔ یہ صرف اس پارٹی کی بات نہیں ہے۔ یہ اس ملک کی بات ہے۔ آئندہ حکومت بنانے کی بات ہے اگر ہم آج کسی کے لئے کنواں کھودتے ہیں تو کل ہو سکتا ہے ہم اس میں گر جائیں۔ ہم کیوں ایسے قانون بنائیں جس پر انگشت نمائی ہو انگشت نمائی سے بچنے کا ایک طریقہ ہے، کہ ہمارے سامنے قوم ہے۔ اگر ہم نے اپنے چند سالوں کے لئے ایک معمولی سا قانون بنا دیا تو رہیں گے کہاں۔ پھر ہم نے بھٹو کا حشر دیکھا۔ ہم نے اس سے پہلوں کا حشر دیکھا۔ ہمیں ایک اصول اپنانا ہے، جب اصول بنانا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے راستے کو بھی سامنے رکھیں اور لوگوں کے مفاد کو بھی سامنے رکھ کر بنائیں۔ تو میں ان کے ساتھ اس بات پر ساتھ دیتا ہوں کہ چلو یہ مرحلہ گزر جائے۔ سوال یہ ہے کہ میں ان تمام باتوں میں نہیں جانا چاہتا پھر بھی مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ پورا اتفاق ہے۔ انہوں نے جو بھی پوائنٹ اٹھائے ہیں وہ میرے دل کو لگتے ہیں، جو میرے دل کو لگے میں اسی کا اظہار کرتا ہوں۔ مگر سیاسی فراست کو دیکھتے ہوئے ہم کو پھر اپنے وزیر اعظم پر اعتماد کرنا چاہئے اور جیسا کہ اس نے کہا ہے کہ اسمیں کئی ترمیموں کی ضرورت ہے تو پھر ان کو چاہئے کہ وہی procedure اپنائیں اور لوگوں کے سامنے بل لیجائیں۔ شکریہ

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: شکریہ، محترم جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب۔

**Haji Akram Sultan :** Point of order, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** There is no point of order when the Chair is speaking. I hope that you would not mind it. Now you can put your point of order.

<u>حاجی اکرم سلطان</u>: سر ہم نے بڑی عمدہ تقریریں سنیں، اور بڑی لچھے دار تقریریں سنیں جن سے ہمارے علم میں اضافہ ہوا۔ اب repetition ہو رہی ہے اور

I humbly request this House to consider the closure of this motion, to conclude this discussion.

بڑی اچھی باتیں پروفیسر خورشید صاحب اور جناب جاوید جبار صاحب نے بھی far and against کی ہیں۔ ہم بہت مطمئن ہوئے ہیں۔ اب میری گزارش یہ ہے

We are not serving any purpose. I request to move a motion if you could kindly consider it.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں اس سے پہلے جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کا نام speech کیلئے پکار چکا ہوں

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: شکریہ۔ بسم اللہ الر حمان الرحیم۔ الحمدللہ و کفی و الصلوٰۃ والسلام علیٰ اشرف الانبیاء محمدؐ و آلہ واصحابہ اجمعین۔ جناب چیئرمین! اسوقت پارلیمنٹ میں پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے مسائل پر بات کرنی ہے۔ پاکستان میں گزشتہ ۳۶ سالوں میں ایسی پارٹی برسراقتدار نہ آسکی جو کہ مکمل طور پر ایک مستحکم جمہوریت لا سکے۔ بدقسمتی سے قائداعظم محمد علی جناح کے بعد جو بھی پارٹی برسراقتدار آئی، انہوں نے اپنا پیریڈ مکمل کیا یا آدھا چھوڑ کر کے وہ چلے گئے، انکی جڑیں چونکہ عوام میں نہیں تھیں اسلیئے وہ تہس نہس ہو گئے انکا منشور جو اس ملک کی سالمیت اور بقاء کے بارے میں تھا وہ اسے صحیح طور پر عوام کے سامنے پیش نہ کر سکے۔ میں چاہتا ہوں اور میری دلی آواز ہے کہ اس ملک میں جو پارٹیاں انتخابات میں حصہ لیں انکا منشور صحیح طور پر پرکھا جائے اور یہ دکھا جائے کہ آیا ان کا منشور اس ملک کی سالمیت، بقاء و تحفظ کیلئے ضامن بن سکتا ہے یا نہیں۔ اس منشور کی چھان بین کیلئے کسی سیاستدان یا ملک کے سربراہ کو مقرر نہیں کیا جا سکتا بلکہ سپریم کورٹ اور چیف الیکشن کمشنر اسکی سماعت کریں اور انکے سامنے اس پارٹی کا منشور رکھا جائے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ اگر وہ اس ملک میں برسراقتدار آگئے تو ان کا کیا نصب العین ہو گا۔

بدقسمتی سے یہی تجربہ ہم گذشتہ دور میں کر چکے ہیں جب عوامی لیگ نے ایک چھ نکاتی فارمولا قوم کے سامنے پیش کیا یہ علیحدگی پسند جماعت تھی اور جب وہ اس منشور کے تحت برسراقتدار آئے تو ہم سے مشرقی پاکستان کٹ گیا اور جو دوسری پارٹی تھی اسکا منشور روٹی کپڑے، اور مکان پر مشتمل تھا تو لہذا انکے بھی نام لیوا بہت کم ہیں اور بہت ختم ہو چکے ہیں لیکن انہوں نے اپنی کرسی کے تحفظ اور بقاء کیلئے اس ملک کو ختم کیا۔ جسکا نتیجہ یہ نکلا کہ انکے منشور میں قوم کا وہ نصب العین نہیں تھا اس ملک کی سالمیت اور بقاء کا تحفظ نہیں تھا یہ گارنٹی نہیں تھی وہ

ایک آزاد کبوتر کی طرح اڑے ایک شاخ پر بیٹھے اور پھر چلے گئے۔ لہٰذا بد قسمتی سے ملک کا وہ حصہ ہم سے چلا گیا۔ اس ملک میں سیاسی پارٹیوں کے صبح سے شام تک نام پکارے جائیں تب بھی یہ طویل فہرست ختم نہیں ہوتی۔ لہٰذا ہم یہ چاہتے ہیں کہ اسی ملک میں جمہوریت قائم ہو۔ مگر جمہوریت اس وقت قائم ہوگی جب ہر پانچ سال کے بعد انتخابات ہوں گے اور ان انتخابات کے ذریعے یہ پارٹیاں خود بخود کم ہوتی جائینگی۔ میں چاہتا ہوں کہ صرف ان پارٹیوں کو حصہ لینے کا اختیار دیا جائے جنکا منشور سپریم کورٹ کے اعلیٰ ادارے سے باقاعدہ تصدیق شدہ ہو اور جس میں اسلام اور ملک کی سالمیت وبقاء کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہو اس کے بعد ہی وہ اس الیکشن میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ورنہ ہم یہ ثابت کریں گے اپنے حکمرانوں کی طرف سے بھی اور عوام کی جانب سے بھی کہ یہ یہاں ہمارے ساتھ ایک وعدہ کرتے ہیں اور جب وہاں پہنچتے ہیں یا بر سر اقتدار آتے ہیں تو وعدہ بھول جاتے ہیں۔ لہٰذا ان پارٹیوں کو اپنے منشور سے مطابقت رکھتے ہوئے اسے لازمی حصہ بنانا چاہیئے۔

جہاں تک رجسٹریشن کا تعلق ہے یہ کوئی ٹریڈ یونین نہیں ہے بلکہ ایک آزاد جمہوریت کی فضا میں انکو حصہ لینا چاہیئے اسکی کھلی اجازت دیجائے اور یہ رجسٹریشن کا مسئلہ نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اسکے لئے آزادانہ طور پر ایک فضا قائم کی جائے جس میں انکو حصہ لینا چاہیئے۔

میں چاہتا ہوں کہ ان پارٹیوں کو صرف اسلام کی بقاء اور تحفظ کی ضمانت دینی چاہیئے لہٰذا ان پارٹیوں کی اہمیت کے پیش نظر ان سے یہ پوچھا جائے کہ آخر انہوں نے ۳۶ سالوں میں عوام کیلئے کیا خدمات سرانجام دی ہیں جب مصیبت، دکھ اور درد کا وقت آیا تو کسی پارٹی نے کیا آواز اٹھائی ہے۔ انہوں نے کون سا عملی اقدام اٹھایا ہے اور اسلام کے لئے کیا قربانی دی ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جب الیکشن کا موقع آتا ہے تو یہ موسمی پارٹیاں سر نکال لیتی ہیں۔ پارٹیوں کے بہت لمبے چوڑے اشتہارات ہوتے ہیں کہ ہم اگر بر سر اقتدار آگئے تو ہم عوام کے لئے یہ یہ کام کریں گے' اسلامی نظام قائم کریں گے اس ملک میں شریعت کا نظام قائم کریں گے۔ لہٰذا میری گزارش ہے کہ ایسی پارٹیوں کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اپنے قول اور فعل پر عمل کریں۔ ان کو مجبور کیا جائے کہ وہ اس بات پر عمل کریں جس کا انہوں نے وعدہ کیا ہے۔ ان کو کھلی چھٹی نہیں دینی چاہیئے۔

میں جناب! یہ سمجھتا ہوں کہ ہر ایک ممبر کو یہ حق حاصل ہونا چاہیئے کہ وہ جس پارٹی کا

منشور ' اپنے ضمیر کے مطابق سمجھتا ہے ' اور وہ سمجھتا ہے کہ یہ پارٹی اسلام اور ملک کے تحفظ و بقاء کے لئے کام کرے گی وہ اسے اپنا سکے ۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جو بھی پارٹی بر سر اقتدار آتی ہے وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ مل جائیں ' اگر نہیں ملتے تو ہم پھر تمہارے ساتھ یہ یہ سلوک کریں گے ' جھوٹے الزامات عائد کریں گے ۔ جیسا کہ پچھلی حکومت میں ایک پارٹی میں ایک شخص نے شمولیت ان کی مرضی کے مطابق اختیار نہ کی تو اس کے خلاف بھینسوں کی چوری کے الزام میں ایک مقدمہ درج کرا دیا کہ بھائی ' یہ بھینسوں کا چور ہے ' اس نے بھینسیں چوری کی ہیں اس لئے ہم نے اسکے خلاف مقدمہ درج کرا دیا ہے ۔

جناب والا ! ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں صحیح جمہوریت قائم ہو جو کہ پارٹیوں کے مفادات میں ہو ' ایسا نہ ہو کہ اگر مکھی ناک پر بیٹھ جائے تو اس کو اڑانے کی بجائے ناک کو کاٹ دیا جائے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت قائم و دائم رہے وَمَا عَلَینَا اِلاَّ البَلاَغ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : گرامی قدر ' میرے پاس لسٹ کے مطابق اور اس کے علاوہ بھی جتنے معزز اراکین نے تقاریر کے لئے اپنے نام درج کرائے ' ان سب کو تقریر کا موقع مل چکا ہے ۔ اسطرح سے تقاریر کا سلسلہ اب ختم ہوتا ہے ۔ اب محترم وزیر عدل و انصاف خان اقبال احمد ارشاد فرمائیں گے ۔

جناب اقبال احمد خان (وزیر عدل و انصاف) : بسم اللہ الرحمان الرحیم ' شکریہ ' جناب چیئرمین ! میں تمام معزز حضرات کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے نہایت کھلے دل سے اس بل پر بحث کی ۔ انہوں نے نہایت قیمتی مشورے بھی عنایت فرمائے ہیں اور بعض سینٹرز نے کچھ امور پر اختلاف رائے کا بھی اظہار کیا ہے ۔ کچھ اراکین نے بل پر اتفاق رائے کا بھی اظہار کیا ہے ۔ بہر حال پارلیمانی نظام میں یہی ایک خوبی ہوتی ہے کہ ایوان میں بیٹھ کر ' کھل کر ' اپنے ضمیر کے مطابق قانون کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی جاتی ہے ۔ اور حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ معزز اراکین کی جانب سے پیش کئے گئے خیالات سے راہنمائی حاصل کرے ۔

جناب والا ! میں معزز سینیٹرز کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے کسی مسئلہ پر ضد کا سوال نہیں ہے ۔ اگر کبھی ہماری کوئی مشکلات ہوتی ہیں تو وہ ہم آپ کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں اور ماضی میں آپ نے نہایت شفقت کے

ساتھ ہماری اس استدعا کو قبول بھی فرمایا اور ساتھ ساتھ ہماری رہنمائی بھی کی۔ میں آپ کو یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ کے لئے بھی آپ سے رہنمائی حاصل کی جایا کرے گی اور ہماری یہ کوشش ہوگی کہ ملک کے اندر قانون سازی کا کام ہو یا کوئی پالیسی سازی یہ آپ کی راہنمائی میں ہی طے پایا کرے کیونکہ آپ بجا طور پر عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کی نبض کو پہچانتے ہیں۔ یوں بھی آج کے دن میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ اسی دن دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت دولخت ہوگئی تھی جس میں اندرونی اور بیرونی سازشیں شامل تھیں۔ وہ عظیم ملک جو قائداعظم کی رہنمائی میں 'لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا تھا' آج ہی کے دن دولخت ہو گیا تھا۔ اسلئے آج کے دن ہم پر اور بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم نہایت دیانتداری کے ساتھ اپنے ملک کا جائزہ لیں اور اپنی انا کو سدراہ نہ بنائیں۔ ہم اس بات کی کوشش کریں کہ جو بات سچی ہو' جو بات ملک و ملت کے مفاد میں ہو' وہ بغیر کسی تامل کے قبول کرنی چاہئے ہر فرد اور ہر رکن کو انہی جذبات کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہئے۔ ایک خیال دیانت داری کے ساتھ پیش کیا گیا جس میں ضد کا کوئی مسئلہ نہیں' انا کا کوئی مسئلہ نہیں' کیونکہ ہم سب غیر جماعتی حیثیت میں' فی الحال یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور ہمارا سب کا نقطہ نظر یہ ہے کہ کسی طرح سے اس ملک کی کشتی کنارے پر لگے۔ جن مشکلات میں ملک گذشتہ ۳۸ سال سے گھرا ہوا ہے' ان سے باہر نکل کر وہ حیثیت اختیار کرے اور یہاں وہ نظام نافذ ہو' جس کے لئے قائداعظم نے جدوجہد فرمائی' جس کے لئے برصغیر کے مسلمانوں نے قربانیاں دیں اور جسکے نتیجے میں یہ ملک معرض وجود میں آیا۔ میں انہی جذبات کے ساتھ' جو خیالات یہاں ظاہر کئے گئے ہیں' ان کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کروں گا۔

جناب چیئرمین! ایک بات میں شروع میں ہی عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ میرے نہایت ہی واجب الاحترام دوست پروفیسر خورشید احمد صاحب نے اپنے ارشادات کے دوران فرمایا تھا کہ کمیٹی کی طرف سے یہ تجویز کیا گیا تھا کہ ایک نیا بل پیش کیا جائے۔ وہ مجھ سے زیادہ تجربہ رکھتے ہیں' میں ان سے صرف یہ عرض کروں گا کہ کسی بل کی تدوین کے لئے دونوں ایوانوں کے جذبات کا اور Consensus کا خیال رکھنا پڑتا ہے اور پھر یوں بھی سیاسی طور پر میں یہ بات آج یہاں کھلے دل کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی یہ خواہش ہے کہ تمام پارٹیاں جو ملک کی بہتری کے لئے کام کرنا چاہیں' ان کو اس ملک میں کام کرنے کا موقع ملنا چاہئے۔ ہر

شہری اپنے اپنے فرائض انجام دے۔ اب جناب والا! میں یہ بات کہتے ہوئے دردمندی سے عرض کرتا ہوں کہ بدقسمتی سے پرانی روایات کے مطابق ہمارے بزرگ سیاستدانوں نے ابھی تک اپنی روش کو تبدیل نہیں کیا۔ ہم آئے روز پڑھتے ہیں کہ وہ ہمارے سیاست دان' ہماری سیاسی جماعتوں کے رہنما' جنہوں نے ان انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا' انہوں نے ایک موقف اختیار کر رکھا ہے' کہ ہم عوام کے ان منتخب نمائندوں کو نہیں مانتے اور اس طرح وہ پارلیمنٹ کے منتخب اراکین کو بھی نہیں مانتے اور پھر اس بات کا بھی اظہار کیا جاتا ہے کھلم کھلا' سرعام' کہ ہم ان کے کسی فیصلے کو بھی نہیں مانتے۔ لیکن دوسری طرف حکومت کی ازبس کوشش ہے کہ ملک کی سیاسی جماعتیں سیاسی عمل میں بھرپور حصہ لیں۔ اپنی جماعتوں کی تنظیم نو کریں اور ہم انہیں کوئی بہانہ نہیں دینا چاہتے کہ وہ کہیں کہ جناب! یہ قانون فلاں اسمبلی نے بنایا ہے' جسے ہم نہیں مانتے۔ لہٰذا ہم اس قانون کو بھی نہیں مانتے۔ اس کا فراخدلی سے اظہار کرنے اور عملی طور پر یہ ظاہر کے بعد میں عرض کرتا ہوں کہ حکومت نہیں چاہتی کہ کسی کے راستے میں رکاوٹ بنا جائے اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ ترمیمی بل پیش کیا جائے اور نیا قانون مدون نہ کیا جائے جس کی تشریح میں آگے چل کر کروں گا۔ اس سارے عمل میں یہ جذبہ کارفرما تھا کہ جب ۱۹۷۹ء میں رجسٹریشن کا قانون بنایا گیا تو اس کے تحت اس ملک کی نہایت ہی معزز' موقر اور موثر پندرہ بیس سیاسی جماعتوں نے رجسٹریشن کرائی صرف چند ایک موثر جماعتوں کو چھوڑ کر اس لئے ہم نے محسوس کیا کہ ۱۹۷۹ء میں ان معزز و موثر سیاسی جماعتوں نے رجسٹریشن کرائی ہے اسلئے ہم کوئی بہانہ نہیں دینا چاہتے کہ ہم نے کوئی نیا قانون بنایا ہے اور اس بہانہ سے یہ کہا جائے کہ چونکہ ہم ان اسمبلیوں کو نہیں مانتے اسلئے اس قانون کو نہیں مانتے۔ اس تصور کے ساتھ ہم نے یہ دیکھا کہ کیا جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ اس وقت exist کرتا ہے وہ کیا کمیٹیز کی رپورٹ کو meet بھی کرتا ہے یا نہیں۔

جناب والا! موجودہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے بارے میں قومی اسمبلی کی رپورٹ ایک چیز کے علاوہ تقریباً اس کے مطابق ہے۔ جناب والا! میں اب یہ عرض کروں گا کہ سینٹ کمیٹی کی جو رپورٹ ہے اور انہوں نے جو recommendations کی ہیں ان میں جناب والا! انہوں نے پولیٹیکل پارٹیز کی رجسٹریشن کے بارے میں فرمایا ہے۔ جناب والا! اب registration کی clause کی رپورٹ اس کے اندر موجود ہے۔ سارے معزز اراکین نے اس کو پہلے سے

ملاحظہ کیا ہوا ہے۔ میں اس لئے اس کو repeat کر کے اس معزز ایوان کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ مجھے یہ افسوس سے عرض کرنا پڑتا ہے کہ اس رپورٹ کے اندر تین معزز سینیٹر وہ ہیں جنہوں نے اس ایوان کے اندر اس بل کی discussion کے دوران رجسٹریشن کی مخالفت کی ہے جبکہ اس رپورٹ کے اندر رجسٹریشن کا تصور ہی نہیں دیا گیا بلکہ تقریباً وہی کچھ ہے جو پولیٹیکل پارٹیز کے ایکٹ کے اندر پہلے سے موجود ہے۔ اور میں اس رپورٹ کا جب بغور مطالعہ کرتا ہوں تو مجھے کہیں note of dissent کسی معزز سینیٹر کا نظر نہیں آتا جس میں انہوں نے اس تصور کے خلاف کوئی اپنی رائے دی ہو۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جب اس رپورٹ اور قومی اسمبلی کی رپورٹ دونوں کے اندر رجسٹریشن کا تصور موجود تھا اور موجودہ سیاسی جماعتوں کے ایکٹ کے سیکشن تین (ب) میں رجسٹریشن کا تصور اسی طریقے سے موجود ہے جیسے کہ کمیٹیز نے سفارش کی تھی اس لئے ایک قانون جب پہلے سے موجود تھا اس میں نئی دفعہ ڈالنے کی ضرورت نہیں تھی۔

جناب والا! دوسری بات registration کے متعلق ہے اس رپورٹ کے اندر deregistration کے متعلق بھی بات اسی طریقے سے دی ہوئی ہے جیسے کہ قانون کے اندر موجود ہے یہی deregistration کی رپورٹ نیشنل اسمبلی کی کمیٹی کے اندر بھی تھی۔ یہاں ایک اور بات میں چلتے چلتے عرض کرتا جاؤں کیوں کہ یہاں بہت سے معزز سینیٹرز نے deregistration کے طریقہ کار پر اظہار فرمایا ہے۔ جناب والا! یہ ایک ترمیم پہلے سے جب ۱۹۶۲ء کا ایکٹ بنا ہے موجود ہے۔ اس وقت آئین کی پوزیشن دوسری تھی۔ ۱۹۷۳ء کا آئین بعض احباب کی نظر میں مقدس دستاویز ہے۔ یہ بات اس کے اندر بھی موجود ہے کہ سیاسی جماعت سے اکاؤنٹس لئے جائیں گے۔ ان کے ساتھ اگر کوئی پارٹی ان حدود وقیود سے نکلے گی تو deregistration بھی ہو گی dissolution بھی ہو گی اور اس کے اندر یہ بھی موجود ہے کہ حکومت پہلے سے ڈکلیئر کرے گی اور بعد میں کیس سپریم کورٹ میں جائے گا اور اس کے ساتھ یہ لکھا جائے گا کہ اس کے مطابق قانون بنایا جائے گا۔ جناب والا! ۱۹۶۲ء میں جو پہلے سپریم کورٹ ریفرنس کی بات تھی ۱۹۶۲ء کے آئین کے اندر کوئی قدغن نہیں تھی یہ قدغن ۱۹۷۳ء کے مقدس صحیفہ کے اندر دی گئی تھی کہ جناب پہلے پارٹیوں کو بند کیا جائے اور پھر سپریم کورٹ میں جایا جائے وہ ایک آئینی تقاضا ہے اور اس کے اندر وہ کلاز موجود ہے اور بعینہ

دونوں کمیٹیوں نے اس کو اس طرح recommend کیا ہے۔ اس لئے وہ پہلے سے موجود ہے اس پر اس مرحلے پر یہ تنقید نہیں کی جا سکتی البتہ اگر کوئی معزز ایوان یا قوم اس بات کو تصور کرے کہ اس تجویز کو نہیں رہنا چاہیئے تو پھر اس سلسلے میں آئین میں ترمیم کرنا ہوگی۔

پروفیسر خورشید احمد: آئین کی وہ دفعہ ذرا بتا دیں۔

جناب اقبال احمد خان: ۱۷(۲)۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چونکہ وہ پہلے سے موجود ہیں اس لئے اب آئین میں ترمیم کی ضرورت ہوگی۔ اور ۱۷(۳) ہے اکاؤنٹس کے متعلق کہ اکاؤنٹس بھی لئے جائیں گے سیاسی جماعتوں کی طرف سے اور یہ ۱۹۷۳ کے اندر تھی اور یہ مارشل لاء کے بعد کی ترمیم نہیں ہے۔ یہ ۱۹۷۳ کے آئین میں ترمیم نمبر ایک کے ذریعے سے جو ۱۹۷۴ میں پاس ہوئی تھی جس میں اس وقت کی تمام سیاسی پارٹیوں نے حصہ لیا تھا۔ یہ تجویز اور یہ ترمیم آئین کے اندر انہوں نے کی تھی اب اگر آئندہ ضرورت محسوس کی جائے تو اس میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ یہ معزز ایوان مکمل با اختیار ہے۔ یہ کسی قانون کو، آئین کو بالکل تبدیل کر سکتا ہے یہ بالکل sovereign ہے لیکن آج جو ہم قانون دیکھ رہے ہیں وہ موجودہ آئین کی شکل کے مطابق دیکھ رہے ہیں اس بناء پر جناب وہ جو ارشاد فرمایا گیا رجسٹریشن de-registration dissolution اور اکاؤنٹس کے بارے میں تو اس سلسلے میں میری یہی گزارشات ہیں۔

اب جناب بات آ گئی موجودہ بل پر حضور والا! یہ بل crossing of floor کے متعلق ہے اور یہ سفارش بھی دونوں کمیٹیوں نے کی ہوئی ہے بلکہ اس سے کہیں زیادہ سخت بھی کی ہوئی ہے۔ یہاں آج معزز اراکین نے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ کسی کو کسی کے ضمیر کے مطابق چلنے کی اجازت ہونی چاہیئے میں بالکل اس سے اتفاق کرتا ہوں اور یہی وجہ ہے کہ وہ کمیٹی کی جو recommendation تھی وہ سفارش اس کمیٹی کی اور نیشنل اسمبلی کی کمیٹی کی بھی recommendation تھی۔ اس میں انہوں نے فرمایا تھا کہ

> "If a member persistently abstains from voting without reasonable cause or votes against the direction of his party the latter may approach the Election Commission to pronounce his having been unseated. An appeal from his decision should lie before the Supreme Court".

یہ کلاز جو ہم نے دی ہے اس کے اندر جناب والا! یہ حصہ موجود نہیں ہے کیوں کہ ہم نے جب معزز سینیٹر اور نیشنل اسمبلی کے معزز اراکین سے مشورہ کیا تو concensus یہ تھا کہ یہ انسان کے ضمیر کو hit کرتا ہے اس لئے اس کو اس میں شامل نہیں کرنا چاہئے اور (اے) اور (سی) کلاز میں جو سفارش اس کمیٹی نے دی جو نیشنل اسمبلی کے فورم پر اس کمیٹی نے دی اس کے مطابق ہم نے یہ ڈرافٹ کیا ہے۔ اور اس سلسلے میں میں پھر وہی عرض کروں گا کہ جناب ڈسپلن بہرحال بڑا ضروری ہے۔ قائداعظم نے یہ فرمایا تھا Unity, Faith & Discipline اب ڈسپلن کے بغیر نہ کوئی قوم زندہ رہ سکتی ہے نہ کوئی جماعت پنپ سکتی ہے discipline is a must اور یہاں میں حضرت علامہ اقبال کا وہ شعر آپ کی خدمت میں عرض کروں گا علامہ اقبال نے ارشاد فرمایا تھا کہ۔

صنوبر باغ میں آزاد بھی ہے پا بہ گل بھی ہے
انہی پابندیوں میں رہ کر آزادی کی خو کر لے

جناب والا! کچھ پابندی انسان کو اپنے آپ پر لگانی پڑتی ہے ملک کی بہتری کے لئے قوم کی بہتری کے لئے۔ یہ defection کلاز اس طریقے سے نہیں جیسے کہ یہاں بعض معزز اراکین نے ارشاد فرمایا ہے اور یہ defection کے متعلق جناب میرے معزز اور مئوقر دوست جناب پروفیسر خورشید صاحب نے فرمایا ہے اور defection کے معنوں کو بڑی تفصیل سے انہوں نے یہاں بیان فرمایا ہے۔ یہ ٹھیک ہے ایک لفظ کے کئی معنی ہوتے ہیں۔ میں نے نیشنل اسمبلی کے فورم پر بھی ایک واقعہ سنایا تھا کہ جناب ایک سردار صاحب تقریر کر رہے تھے اور اس تقریر کے دوران یہ فرمایا کہ میرے ساتھیو اتفاق کرو۔ اتفاق کے ساتھ مسلمانوں نے پاکستان بنا لیا اور اتفاق کے ساتھ ہندوؤں نے آزادی حاصل کر لی اگر آپ بھی اتفاق کریں تو آپ بھی آزادی حاصل کر سکتے ہیں تو مجمع میں سے دوسرا سردار کھڑا ہوا اور اس نے کہا کہ بالکل اس کی بات نہ ماننا یہ لیڈر آپ کو مروانے پر تلا ہوا ہے کیوں کہ میں نے آج ہی اخبار میں پڑھا ہے کہ اتفاق سے بس کا حادثہ ہو گیا اور بیس آدمی مر گئے۔ اب حضور والا! اتفاق کے کئی معنی ہیں۔ اب defect کے معنی آج تک ہم کرتے آئے ہیں کہ یہ چیز defective ہے۔ یہ چیز خراب ہے۔ یہ بھی معنی ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ کمیٹی کی رپورٹ نے دو الفاظ استعمال کئے ہیں اس میں

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

انہوں نے خود دو الفاظ استعمال کئے ہیں اور پچھلے قانون کے اندر بھی withdraw کا لفظ لکھا ہوا ہے۔ جس پر انہوں نے فرمایا کہ وہ بہت خطرناک تھا۔ یہ ۱۹۶۲ کے اندر لفظ withdraw ہی تھا۔ اب کمیٹی کی سفارشات جناب والا! ملاحظہ فرمائیے۔ اس کے اندر اس کمیٹی نے لکھا ہے

"If after being elected on the ticket of a political party, a member crosses the floor or leaves the party. . . ."

اب دو الفاظ تو جناب کمیٹی نے بھی استعمال کیے ہیں اب اس کے معنی کہ crosses the floor کیا ہوتا ہے اور leaves the party کیا ہوتا ہے اور دو الفاظ کیوں آئے ہیں یہ تو کمیٹی نے خود بھی اس کو consider کیا ہے۔ جناب والا! جہاں تک میرا محدود علم ہے میں دعوٰی نہیں کرتا کہ میں بہت زیادہ قانون دان ہوں یا قانون کو جانتا ہوں یا میری سٹڈی زیادہ ہے۔ لیکن اپنے محدود علم کی بنا پر میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے بھی crossing of floor کا لفظ کسی لیگل ڈرافٹنگ میں نہیں دیکھا۔ ہمارے یہاں ایک ڈرافٹنگ کا پورا سیل ہوتا ہے اور جناب معزز سینیٹر جانتے ہیں کہ یہ بھی ایک ٹیکنیکل کام ہے اور اسمیں idea دیا جاتا ہے کہ یہ ہمارا فیصلہ ہے اس کے مطابق قانون بناؤ اور اسکو convey ہونا چاہئے قانون کی ڈرافٹنگ کی لینگویج میں۔ جناب یہ ڈرافٹس مین نے بنایا ہوا ہے اور language کے متعلق جیسے کہ جناب پروفیسر صاحب نے فرمایا ہے ابھی تھوڑی دیر پہلے کہ defection اور desertion کے معنی بھی آپ دیکھیئے گا abandonment اور ان کے ساتھ دیکھئے۔ میں نے خود ساری ڈکشنریاں جن کا انہوں نے حوالہ دیا دیکھی ہیں اس کے اندر یہی ہے کہ ان who changes his allegiance اب میں صرف یہ پوچھتا ہوں کہ allegiance change کرنا کیا ہوتا ہے۔ ایک آدمی ایک پارٹی میں ہے تو دوسری پارٹی میں چلا جاتا ہے تو This is change of allegiance ۔ اس میں میں بالکل صاف دلی سے اس فلور پر ریکارڈ کروانا چاہتا ہوں کہ ہم نے ڈرافٹنگ / سی کے مطابق اے اور سی کی ہے (بی) میں جو abstention یا vote against the party دینا ہے اس سے وہ مقصد نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میری ان گزارشات کے ساتھ یہ غلط فہمی نہیں رہنی چاہئے۔

جناب والا! ہمارے ایک معزز سینیٹر اسوقت موجود نہیں ہیں انہوں نے کل کچھ آئینی بات کی تھی جناب اس کے ذریعے سے کہ آئین کی کچھ نفی ہوتی ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے

آرٹیکل ۶۳ کا حوالہ دیا تھا۔ میں وقت تو نہیں لینا چاہتا تھا لیکن میں چاہتا ہوں کہ ریکارڈ جو ہے وہ درست کرنا چاہئے۔ تو اس سلسلے میں میں وہ آئینی تجویز جو ہے وہ میں پیش کرنا چاہتا تھا کاش! کہ میرے معزز دوست جناب، سینیٹر وسیم سجاد ہوتے تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا اور ان سے رہنمائی لیتا۔ انہوں نے آرٹیکل ۶۳۔۱(۲) کا حوالہ دیا تھا اور ساتھ انہوں نے clause 2 of Article 63 کا حوالہ بھی دیا تھا کہ اس کے مطابق یہ جو بل ہے یہ آئین کی نفی کرتا ہے تو میں اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں۔

I would like to make a statement on that. Sir, it has been rightly conceded by Mr. Wasim Sajad, Senator, that the Political Parties Bill is covered by Article 63(1) (p) of the Constitution. His objection, however, was as to the forum and the authority for the determination of disqualification or otherwise of a member. His precise objection was that clause (2) of Article 63 lays down a method for determination of disqualification at the instance of the Speaker or the Chairman, as the case may be, by a reference to the Chief Election Commissioner. Whereas under clause 3 (2) of the Bill, the question of disqualification of a member is to be determined by the Election Commissioner constituted under the Article 21(a) of the Constitution or Election Commission Order 77 that is PPO No. 4 of 77. The objection is misconceived. Clause (2) of Article 63 is of a general nature, whereas Clause (p) of the said Article authorizes the Parliament to make any law providing for disqualification. The provisions of Clause (p) are independent and self-contained and are not subject to any fetters contemplated by Clause (2) thereof. Clause (2) is in the nature of a general provision which governs the categories of disqualifications enumerated in Clause (a) to (m) of Article 63(1). It does not impose any limitation on the Parliament to make any other law, either for the disqualification or the method of determination or such disqualification by an other authority. It is, therefore, wholly wrong to assume that the provisions of Clause 3 (2) of the Bill are *ultra vires* of Article 63 (2) of the Constitution. The Election Commission is a statutory tribunal under the Bill and is different and separate from Constitutional Tribunal contemplated in Article 63 (2) of the Constitution. There is nothing unlawful and un-constitutional about it. Article 17 deals with formation of associations and the right of

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

citizen to form or to be a Member of a Political Party subject to any reasonable restrictions imposed by law. It has nothing to do with disqualifications of the Members of the Parliament. It is, therefore, incorrect to suggest that the Bill to amend the Political Parties Act is *ultra vires* to Article 17.

اب جناب والا! یہاں میں ایک اور عرض کر دوں کہ الیکشن کمیشن پر بڑی تنقید ہوئی۔ اور ایک معزز سینیٹر نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ الیکشن کمیشن کی پہلے سے جو پرووژن موجود تھی اس پرووژن کو کیوں امنڈ کیا گیا' جب کہ اسی قسم کی دوبارہ لے آئے۔ جناب والا! جو موجودہ پرووژن ہے اور وہ معزز سینیٹر مجھ سے زیادہ تجربہ کار اور عالم وکیل ہیں وہ جانتے ہیں کہ الیکشن کمیشن ۲۱۸ کے تحت یا پی پی او ۴ کے تحت constitute ہوتا ہے اس کے ذمے صرف اتنا کام ہے کہ وہ الیکشن کرائے اس کے بعد اس کا کام ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن اس ایکٹ کے اندر بہت سے functions الیکشن کمیشن کو دیئے گئے ہیں۔

The Election Commissioner is a Judge of a High Court or Supreme Court and the members of the Commission are also the Senior Judges of the High Court or the Supreme Court.

اس سے بڑا independent ادارہ کونسا ہو سکتا ہے۔ اس لئے یہ تصور کیا گیا کہ یہ اختیارات الیکشن کمیشن کو دیئے جائیں۔ اور دونوں ہاؤسز کی کمیٹی میں رپورٹ الیکشن کمیشن کے متعلق ہی دی گئی ہے۔ ہم نے اس میں صرف یہ پروائڈ کیا ہے کہ چونکہ الیکشن کمیشن الیکشن کرانے کے بعد ختم ہو جاتا ہے لیکن اسی الیکشن کمیشن کو ہم اس ایکٹ کے تحت اختیارات دیتے ہیں کہ وہ اس ایکٹ کے اندر دیئے گئے اختیارات کو استعمال کرے۔ یہ تو میری گزارشات تھیں۔ میں ایک دفعہ پھر معزز سینیٹر کا نہایت ادب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں آپ کا بھی شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع عنایت فرمایا کہ میں اپنی گزارشات پیش کر سکا۔ میں معزز سینیٹرز کو اس بات کا بھی یقین دلاتا ہوں کہ جن خیالات کا انہوں نے اظہار کیا ہے۔ انشاءاللہ آئندہ لیجسلیشن میں یہ کوشش کی جائے گی کہ ان کے مشورے کے ساتھ' ان کے ذریعے سے قانون سازی کی جائے اور ان کے مشوروں کو اولیت دی جائے اور انشاءاللہ اس کو کریں گے۔ اب جناب والا! میں آپ سے استدعا کرونگا کہ میری گزارشات کے بعد بل کی پہلی ریڈنگ اختتام کو پہنچتی ہے اور یہ گزارش کرونگا کہ میری موشن۔

> "That the Bill further to amend the Political Parties Act, 1962. [The Political Parties (Amendment) Bill, 1985], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

The question be put before the House.

**Mr. Deputy Chairman :** The Motion before the House is:

> "that the Bill further to amend the Political Parties Act 1962. [The Political Parties (Amendment) Bill, 1985], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

The motion was adopted.

**Mr. Deputy Chairman :** Therefore the House adjourned to meet again at 5.30 p.m. in the evening.

[The House adjourned to meet again at 5.30 p.m. in the evening].

The House re-assembled at 5.40 P.M. in the evening with Mr. Deputy Chairman (Makhdoom Muhammad Sajjad Hussain Qureshi) in the Chair.]

جناب ڈپٹی چیئرمین: حضرات کارروائی شروع کی جاتی ہے۔ سومرو صاحب تشریف لے گئے ہیں۔ اس لئے ان کی امنڈمنٹوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ جب وہ آئیں گے 'اس وقت لے لیں گے۔

جناب اقبال احمد خان: ان کی امنڈمنٹ بعد میں لے لیں گے ویسے بھی ہماری روایت کے مطابق کلاز نمبرون آخر میں آتی ہے۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now we take up Amendment No. 3 and 9.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, I just want to draw your attention to the fact that many of the people listed, apart from myself and Mr. Wasim Sajjad, on these Amendments are not yet in the House because they have to attend a meeting.

**Mr. Deputy Chairman :** Then we can wait.

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** No, Sir, this is not necessary.

(*Interruption*)

**Mr. Deputy Chairman :** Amendments No. 3 and 9, in fact, are the same.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, one asks for deletion, sorry, Sir, amendments proposed No. 2 and 3, amount to the same thing because one asks for deletion and the other says omitted.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** They are out of order, we can oppose them and defeat them.

(*Interruption*)

**Mr. Javed Jabbar :** Let the Chairman decide it and not Mr. Shaikh.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Javed Jabbar to move.

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you, Mr. Chairman. I ask for leave to move:

> "that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following amendments be inserted namely.—
>
> "2. *Omission of Section 3A, Act III of 1962.*—In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, section 3A, shall be omitted".

Moved on behalf of Mr. Wasim Sajjad, Prof. Khurshid Ahmed, Qazi Hussain Ahmed, Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel, Qazi Abdul Latif, Mr. Ahmed Mian Soomro and Maulana Kausar Niazi.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is.

"that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following amendments be inserted namely.—

"2. *Omission of Section 3A, Act III of 1962.*— In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, section 3A, shall be omitted."

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** What about the admissibility of the amendment?

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** I think the honourable Chairman has not challenged its admissibility and I do not think that I should oppose the ruling given by the Chairman. So, I think, that these two clauses be taken as clubbed together but the only thing I would respectfully submit is that according to the rules longer speeches can't be made on the amendments. It was also done in the National Assembly. So it is better Sir, if you kindly fix time for the speeches on these amendments.

(*Interruption*)

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** I can cite rulings that at this stage speech can be made only for two or three minutes. This is the ruling. If you kindly permit me I can show it for the benefit of my friend.

Sir, my submission is that you may kindly fix time for these amendments that is from 10 to 12 minutes and any gentleman, an honourable member who wants to speak on it, may speak within that period, may be, he takes two minutes or four minutes but that is the total time of speeches, as laid down in the Rules. It was also done in the National Assembly. You may also fix the time for speeches on the amendments. You can fix 10 minutes on each clubbing of amendments and within that time the honourable members can speak because Sir, they have to confine themselves only to the amendments and they cannot discuss, at this stage, the principles or the history of the legislation. So that time is sufficient, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** I hope the honourable members will observe the time themselves. It does not look nice for the Chair to interrupt them again and again. Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, may I respectfully submit to my colleagues that un-necessarily an impression is being created that we have entered upon this august House with a kind of devious strategy of trying to delay the passage of the Bill. This is not so. We are also conscious of time. Our purpose in suggesting these amendments is constructive. We will take only such time as is necessary.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you, go ahead.

**Mr. Javed Jabbar :** Right Sir, in moving this amendment what are we motivated by ? We are motivated by the fact that this section, whether it is a legacy of the 1973 Constitution or is an amendment made out in 1974, this Section, Sir, apart from asking political parties to submit accounts vested powers with the Federal Government of Pakistan to frame the rules under which such accounts will be submitted. Why do we object to this? Why do we propose the amendment? We propose this amendment Sir, because it is a well known fact that need not be unduly stressed that the Governments of most countries, in any case, far more powerful than what they should be but particularly in a country like Pakistan, the Federal Government is already a monstrous elephant of power and authority. If this monstrous weight of elephantine proportions is imposed on political parties which have been suspended for 8 years and seemingly innocent authority given to frame rules which looks on paper very very innocent. How, when you frame rules for accounts, the insertion of one word or phrase can easily be misinterpreted by those who are charged with the task of interpreting those rules when those innocent political parties submit themselves to a Federal Government which is controlled in turn by one or more political parties. Therefore, Sir, we say that this task should not be given to a Federal Government and this is why we propose the omission of this section.

**Mr. Deputy Chairman :** No. 9

**Mr. Waseem Sajjad :** Sir, I am a co-mover of this amendment. I support the views expressed by the learned Senator. I also feel, Sir, that in a parliamentary system of government, the government and the opposition, by its very nature are two different bodies and when the Government is in control of power, it will make rules which may affect the working of the opposition, and, therefore, section 3 (a) as it stands will be detrimental to the interest of democracy in the country and, therefore, I would submit that the rule-making power of the Federal Government is too wide. It should be taken away and vested in a judicial body like the Chief Election Commissioner or the Election Commissioner or the Election Commission of Pakistan.

**Mr. Deputy Chairman :** Prof. Khurshid Ahmad (not present). Kazi Hussain Ahmad (not present). Abdur Rahim Mir Dad Khel.

جناب ڈپٹی چیئرمین : عبدالرحیم میرداد خیل صاحب! موجود ہیں' فرمایئے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جو جاوید جبار صاحب نے فرمایا ہے اسکی میں مکمل تائید کرتا ہوں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! جیسے میں نے شروع میں عرض کی تھی کہ جو الیکشن کمیشن تجویز کیا گیا ہے وہ آئین کی existing provision کے تحت الیکشن کے بعد Functus officio ہو جاتا ہے اور اس ایکٹ کے ذریعے سے اسکو کچھ اور ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں اسکے لئے ہمہ وقت الیکشن کمیشن کا ہونا ضروری ہے۔ جو کلاز نمبر ۲ delete کرنے کیلئے اسکے اندر رکھی ہے وہ اس مقصد کیلئے ہے کہ اس ایکٹ کے تحت جو ذمہ داریاں ہیں وہ اس سے بنتی نہیں تھیں اسکے لئے ہم نے علیحدہ ایک سیکشن نمبر ۱۱ دیا ہے جس میں اس ایکٹ کے تحت انکو ذمہ داری سونپی ہے۔ اسلئے اس کلاز کا delete کرنا ضروری ہے۔ اور اس لحاظ سے ہم نے یہاں تجویز پیش کی تھی۔ لہٰذا میں ان ترامیم کی مخالفت کرتا ہوں۔

The question be put now to the House for decision on these amendments, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is:

"that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following amendments be inserted namely:—

"2. *Omission of Section 3A, Act III of 1962.*— In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, Section 3A, shall be omitted."

(The motion was rejected.)

**Mr. Deputy Chairman :** Now I put amendment No. 9 before the House,

"that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following amendments be inserted namely.—

"2. *Omission of Section 3A, Act III of 1962.*— In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, section 3A, shall be omitted."

(The motion was rejected.)

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 4 is in the name of two honourable senators — Mr. Javed Jabbar and Mr. Waseem Sajjad.

**Mr. Javed Jabbar :** Right Sir, Mr. Chairman, I move :

"that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted namely:—

"2. *Substitution of section 3 (a) Act of 1962:*— In the Political Parties Act, 1962, (III of 1962) hereinafter referred to be the said Act, for section 3 (a), the following Shall be substituted, namely:-

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you. The amendment moved is :

"that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted namely:-

"2. *substitution of section 3 (a) Act (III of 1962)*, In the Political Parties Act, 1962, herein after referred to be the said Act, for section 3 (a), the following shall be substituted namely,

"3.*(a)— Political Parties to submit accounts etc.* Every Political Party shall account for the source of its funds and submit its finances and accounts to audit each year, by a duly qualified Chartered Accountant".

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, in amplification of this amendment, I would like to submit that Chartered Accountants are recognised and authorised to conduct the audit of the accounts of all kinds of organizations in the country, whether it is cooperative societies, trade associations, clubs, business organizations, public sector corporations which particularly, in fact, belong to the Government of Pakistan, or administered by the Government. So whereas Chartered Accountants are recognized all over the world and within our own country, as being the specialists who can determine the authenticity of accounts, indeed the whole financial system of this country depends on the skill and competence of Chartered Accountants. Therefore, Sir, we submit that instead of leaving this undefined as to who the Federal Government will determine and should conduct accounts we specify that a duly qualified Chartered Accountant or Accountants, as the case may be, should have the authority to audit the accounts. Because this will ensure impartiality, professional competence, and it will ensure that people don't feel that a particular wing of the Government or a particular person or persons acting on behalf of the Government are misinterpreting rules. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Now, Mr. Wasim Sajjad :

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, this amendment focuses attention to a very vital issue and that is whether the funds of Political Parties should be audited by Government agencies or not, and again, in the interest of development of correct democratic parties, it is submitted that they should not be audited by Government agencies but by independent qualified Chartered Accountants as is the practice with companies and registered associations, etc.

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین! اس کے اندر specify نہیں ہوا کہ انکو آڈٹ کون کرے گا۔ یہ چیف الیکشن کمشنر کی صوابدید پر رکھا ہے۔ بہرحال جو معزز سینیٹر نے

اظہار خیال فرمایا ہے رولز بناتے وقت اسکا خیال رکھا جائیگا۔ میری گزارش ہے کہ یہ ترمیم
مناسب نہیں ہے اور میں اسکی مخالفت کرتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں کہ Question be put.

**Mr. Deputy Chairman :** So, I put amendment No. 4 before the House. The question is :

"2. *substitution of section 3 (a) Act III of 1962:*— In the Political Parties Act, 1962, herein after referred to be the said Act, for section 3 (a), the following shall be substituted namely:—

"3.*(a) — political Parties to submit accounts etc.* Every political Party shall account for the source of its funds and submit its finances and accounts to audit each year, by a duly qualified Chartered Accountant."

(The motion was rejected)

**Mr. Deputy Chairman :** Now, we take up amendment No. 5 and 6 which can be clubbed together.

Amendment No. 5 is in the name of two Senators, namely:

Mr. Javed Jabbar and
Mr. Wasim Sajjad.

Amendment No. 6 has been moved by six Senators:—

Prof. Khurshid Ahmad,
Kazi Hussain Ahmad,
Abdur Rahim Mir Dad Khel,
Kazi Abdul Latif,
Ahmad Mian Soomro, and
Maulana Kausar Niazi.

Now I call upon Mr. Javed Jabbar to move amendment No. 5

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, I beg to move :

"that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—

"2. *Substitution of section 3A, Act III of 1962:*— In the Political Parties Act 1962 (III of 1962), hereinafter

referred to as the said Act, Section 3A shall be substituted by the following, namely:

"3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such a manner and form, and at such times as may be provided by rules made by the Majlis-e-Shura (Parliament), account for the source of its funds to, and submit its finances and accounts to audit by a duly qualified Chartered Accountant."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"2. *Substitution of section 3A, Act II of 1962:*— In the Political Parties Act 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, Section 3A Shall be substituted by the following, namely:—

"3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such a manner and form, and at such times as may be provided by rules made by the *Majlis-e-*(Parliament), account for the source of its funds to, and submit its finances and accounts to audit by a duly qualified chartered accountant."

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**پروفیسر خورشید احمد:** اس کے اور اس کے الفاظ میں بڑا فرق ہے یہ ایک جیسی نہیں ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ................ (مداخلت)

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** You please move it and then you can speak and the other movers can also speak on it and then this will be clubbed together by the honourable Chairmnan. So, kindly move No. 6 and then it will be separately voted but the speeches would be delivered at one time.

**Prof. Khurshid Ahmed :** It is all right.

جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے move کر رہا ہوں۔

I beg to move:

"that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—

"*Substitution of Section 3A, Act III of 1962:*— In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter

referred to as the said Act, Section 3A shall be substituted by the following, namely:

"3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such manner and form and at such times as may be provided by the rules made by the Majlis-e-Shoora (Parliament), account for the source of its funds, and submit to the Election Commission or the Supreme Court, as the case may be, its accounts duly audited by a Chartered Accountant".

Moved on behalf of Qazi Hussain Ahmed, Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel, Qazi Abdul Latif, Mr. Ahmed Mian Soomro, Maulana Kausar Niazi.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—

"*Substitution of Section 3A, Act III of 1962*:— In the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, Section 3A shall be substituted by the following, namely:—

"3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such manner and form and at such times as may be provided by the rules made by the Majlis-e-Shoora (Parliament), account for the source of its funds, and submit to the Election Commission or the Supreme Court, as the case may be, its accounts, duly audited by a Chartered Accountant".

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** On a point of order, Sir. I draw your attention to the conditions for which this amendment is being sought. The following conditions shall govern the admissibility of amendments. "An amendment shall be within the scope of the Bill and relevant to the subject matter of the clause to which it relates." The clause under consideration here is defection clause and another clause which is referring to . . . . . .

پروفیسر خورشید احمد: آپ نے بل پڑھا بھی ہے۔ آپ بل تو پڑھیں۔

*(Interruption)*

**Mr. Shad Muhammad Khan :** This is my point of view

جناب اقبال احمد خان: میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ جناب چیئرمین نے تمام ترامیم کو اپنے چیمبر میں ملاحظہ فرمایا اور ان کے متعلق ایک فیصلہ کیا۔ اسلئے ان کے فیصلے میں' میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا۔

جو Point of order اٹھایا گیا ہے وہ درست ہے لیکن چونکہ جناب چیئرمین نے پہلے فیصلہ دے دیا ہے۔ کچھ ترامیم کو Club کیا گیا ہے اور کچھ بل کے سکوپ سے باہر ہیں۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ جناب چیئرمین کے فیصلہ کے بعد ہمیں مزید الجھنا نہیں چاہئے ۔ جس طرح جناب چیئرمین ان کو پیش کر رہے ہیں وہ درست ہے۔

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman :** But they are identical.

**Mr. Khurshid Ahmed :** There is some difference and I an not objecting to club them together. But for the sake of record, it must be clarified that as far as these amendments are concerned they are within the scope of the Bill,as it has been moved, they relate to Section 3 (a) which is being amended by the Bill and we are also on the same ground.

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, then in that case, I will have to state before your honour, the exact position of the scope of the Bill and relevance to the clause itself. This is the Rule. But since your honour was pleased to give a decision that was why I did not raise this question. If however, honourable Senators want a definite ruling then in that case I will have to object to all these amendments barring 1 or 2 which are relevant to the scope of the Bill and are within the subject matter of the clause concerned. So, as earlier submitted, by me, I bow before your decision and I do not want to go further into detail. Anyhow if you like to give your ruling, then I will have to make my submissions and then I will also object to it and this will have to be taken as a whole together with all those 40 or so amendments. So, my submission is that amendment can only be made within the scope of the Bill and relevant

to the clause concerned. Here in amendment No. 6 and 7 they have moved for the deletion of the whole section which is not within the scope of the Bill and is neither relevant to the clause. However, as your honour was pleased to decide it so, I bow to your decision. I think we should proceed further without going into details.

**Mr. Khurshid Ahmed :** About clause 2, Sir, may I point out that the Bill, as submitted, seeks to omit the explanation. Now, Sir, any other part of the section which that explanation seeks to explain and if the Bills seek to omit the explanation that particular section becomes relevant to the over-all clause, otherwise why to omit explanation ? The explanation is concerned to the preceding part of the same section and our amendments relate to those parts of the clause and the section. And, Sir, I would submit that as you know, this is a point that has been gone into at length by commentators and jurists and it is not a sudden flash or inspiration that we have come to the senate with it. This is a considered amendment.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** Sir, I would like to point out that the consensus of the House should be taken. This question should be put to the House whether we agree to this or not, Sir.

*(Interruption)*

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I think we are getting involved in an unnecessary debate because the learned Minister for Justice has also agreed and you have also given the ruling that we will not go into these technicalities, so let us proceed further. Why to get involved in these technicalities.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, the purpose of this amendment is very simple. If the rules are at all to be made for accounts and if it is not acceptable that the Chartered Accountants at their own can be considered responsible for being able to audit multicrore corporations, but here are being considered unfit to audit the accounts of political parties, then we submit, Sir, that Parliament is the only forum in the country that represents virtually all segments of public opinion. Parliament with its checks and balances should have the authority to frame the rules by which political parties should submit their accounts

and Parliament, we believe, is the ultimate resort for justice because that reflects the aspirations and the sentiments of the people.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, in the original section 3 (a), the rules are to be made by the Federal Government and the party is to submit its finances and accounts to the audit by an officer or authority, authorised by the Election Commission. Now, as we have already said earlier, the Government is normally a party in the political process and, therefore, since we are dealing with elections and trying to achieve fairness in the treatment between political parties. We have recommended that the rules should be made by the Parliament and not by the Government. The second important thing is Sir, the accounts are to be submitted to the Election Commission. Now, Election Commission is a constitutional body which is created by the Constitution and in this case, by the Constitution of 1973. This body which is created by the Constitution of 1973, is given certain protections, certain rights and the Chief Election Commissioner is a person who can not be removed from office except in the manner applicable to judge of a High Court or Supreme Court. This definition of Election Commission is now sought to be expanded by including an Election Commission set up by the Presidential Order of 1977. That Election Commission is a totally different body, it does not enjoy the same status, the Chief Election Commissioner is removable at any time and therefore, this Section 3 (a) becomes very wide ranging. It is for this reason we have suggested the changes that are in the amendment.

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب چیئرمین! جو ترمیم میں نے اور میرے ساتھیوں نے اس دفعہ میں پیش کی ہے وہ اس سے ذرا سی مختلف ہے جو ہمارے محترم ساتھیوں جناب جاوید جبار اور وسیم سجاد صاحب نے پیش کی تھی۔ اصل قانون کو اگر آپ دیکھیں تو ۳ (اے) میں یہ بات پروواِئڈ کی گئی ہے۔

> "Every political party shall, in such manner and form and at such times as may be provided by the rules made by the Federal Government, account for, (i) the source of its funds (ii) and submit is finances and accounts to audit by an officer or authority, authorised by the Election Commission in this behalf."

[Prof. Khurshid Ahmad]

آپ غور فرمائیں گے کہ اس میں سب سے پہلی چیز یہ رکھی گئی ہے کہ سیاسی جماعتوں کے جو مالیات ہیں ان کا احتساب کرنے کے جو ضوابط اور قواعد بنائے جائیں یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ہم اس امر کو بار بار آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں کہ ایک ایسے ملک میں جس میں ایک سے زیادہ سیاسی جماعتیں کام کر رہی ہوں جہاں جمہوری نظام قائم کرنا سب کے پیش نظر ہو اور جہاں سیاسی روایات بھی اتنی مستحکم نہ ہوں کہ برسراقتدار پارٹی ان تمام اصولوں کا اور rules of the game کا پورا پورا احترام کرے جو ایک جمہوری نظام میں ہونے چاہئے۔ یہ بڑا ضروری ہے کہ تمام جماعتوں کو برابر کا تحفظ حاصل ہو۔ جہاں یہ بات مناسب ہے کہ ان کے حسابات دیکھے جائیں اور قانون کے مطابق وہ کام کریں وہیں یہ بات بھی ضروری ہے کہ حکومت کو محض اس بنا پر کہ وہ برسراقتدار ہے دوسروں کو penalise کرنے terroise کرنے اور بلیک میل کرنے کا موقع نہیں ملنا چاہئے۔ تو اس لئے یہ بات بہت ضروری ہے کہ مالیات کو دیکھنے کے بارے میں جو رولز ہیں یہ رولز حکومت نہ بنائے بلکہ پارلیمنٹ بنائے۔ اس لئے پہلی ترمیم میں substituted clause کے اندر جو فرق آپ پائیں گے وہ یہ ہے کہ ان رولز کو بنانے کا اختیار ہم حکومت سے لے کر پارلیمنٹ کو دینا چاہتے ہیں۔ بلاشبہ اس کے جواب میں بات کہی جا سکتی ہے کہ اگر حکومت کو پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل ہے تو وہ اپنی مرضی کے قوانین بنا سکتی ہے۔ لیکن اس کے جواب میں، میں یہ بات عرض کروں گا کہ دراصل حکومت کو مکمل اور arbitrary اختیار قانون سازی کا اور وہ قوانین کہ پارلیمنٹ میں جن کے اوپر بحث کی جائے، جن کی کمزوریاں اور خامیاں پارلیمنٹ میں ظاہر کی جا سکیں، ان دونوں چیزوں میں بڑا فرق ہے۔ اسی لئے ہم یہ ضروری چاہتے ہیں کہ قواعد و ضوابط ضرور بنیں لیکن وہ حکومت اپنی discretion میں نہ بنائے بلکہ ان قواعد کو پارلیمنٹ میں لائے یہاں بحث ہو۔ دونوں ایوانوں میں یہ چیز جائے اور اس کے بعد پھر دستور کے مطابق ان کو بنایا جائے۔

دوسری بنیادی تبدیلی ہم نے یہ کی ہے کہ دو اداروں کو identify کیا ہے جو ان حسابات کو دیکھ سکتے ہیں۔ ایک الیکشن کمیشن اور دوسرا سپریم کورٹ دراصل الیکشن کمیشن کے بارے میں ہماری سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ اس کی اصل ذمہ داری انتخابات کو منعقد کرانے تک محدود رہنی چاہئے اور اسے اس قسم کے معاملات میں استعمال نہیں کیا جانا چاہئے لیکن اگر کسی بنا پر حکومت مصر بھی ہے کہ الیکشن کمیشن کو بھی وہاں رہنا چاہئے تب بھی ہم ضروری سمجھتے ہیں

کہ محض اس بات کو رولز پر نہ چھوڑا جائے بلکہ یہ چیز اس قانون کا حصہ ہو کہ سپریم کورٹ بھی وہ ادارہ ہو گا جو حسابات کو دیکھ سکے۔ یہ دوسرا بنیادی نکتہ ہے جو اس ترمیم میں ہم لا رہے ہیں۔ اور یہ وہ پہلو ہے جس میں کہ یہ ماقبل کی ترمیم سے مختلف ہے۔

تیسری بنیادی چیز یہ ہے کہ ہم اس بات کو غلط سمجھتے ہیں کہ سیاسی پارٹیوں کے حسابات کی جو آڈٹ ہے 'یہ الیکشن کمیشن کا کوئی نمائندہ یا حکومت کا کوئی نمائندہ آ کر کرے۔ سرکاری افسروں کی دسترس سے ہم ان کو بچانا چاہتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں ہم یہ چاہتے ہیں کہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ان حسابات کو دیکھیں انہیں آڈٹ کریں اپنی رپورٹ دیں اور اس کے بعد الیکشن کمیشن یا سپریم کورٹ کو قواعد کے مطابق اس بات کا اختیار ہو کہ وہ ان حسابات کو دیکھ سکے۔ یہ اصل میں ایک معقول راستہ ہے جس سے آپ جمہوری روایات کو پروان چڑھا سکیں گے اور تمام پارٹیوں کو اس بات کا موقع ملے گا کہ وہ suffocation کی فضائیں نہ رہیں۔ بلکہ اپنے حقوق اپنے مقاصد اپنے پروگرام کو پورا کرنے کے لئے جو مالی backing درکار ہے اسے بھی پورے اعتماد کے ساتھ سرانجام دے سکیں۔ اس بنا پر جناب والا! ہم یہ ترمیم پیش کرتے ہیں جو substitute کر دے گی اس وقت کے ۳۔ اے کو۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! یہاں اس بات کا عذر کیا گیا کہ گورنمنٹ کے بس میں ہو گا اکاؤنٹ چیک کرنا اور اس بات کا بھی اظہار کیا گیا کہ الیکشن کمیشن جو ہے اس کو protection نہیں ہو گی۔ میں معزز سینیٹرز کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ اس وقت جو الیکشن کمیشن ہے وہ PPO-4 کے تحت ہے۔ لیکن اگر سیکشن proposed آپ ملاحظہ فرمائیں گے تو اس میں ہم نے یہ بھی دیا ہے کہ۔

Election Commission constituted under Article 218 of the Constitution

اس لئے کہ۔

For the time being the Election Commission is constituted under PPO—4

Ultimatel الیکشن کمیشن آئین کے تحت ہی ہو گا اور اسے وہ پوزیشن حاصل ہو گی جس سے وہ Without fear and favour independent حیثیت میں کام کر سکے۔ اور جہاں تک اکاؤنٹس چیک کرنے کا تعلق ہے ٹھیک ہے اس میں لکھا ہے۔

"Rules to be framed by the Government in the manner and form and at such time as may be provided by the rules made by the Federal Government"

[Prof. Khurshid Ahmad]

لیکن جہاں تک آڈٹ کا تعلق ہے اسکے متعلق یہی ہے وہ گورنمنٹ رولز نہیں بنا سکے گی نہ suggest کر سکتی ہے کہ کس سے آڈٹ کرایا جائے اس کا اختیار Section 3-A میں واضح ہے۔

"To be audited by an officer or authority authorised by the Election Commission in this behalf"

تو اس کا فیصلہ الیکشن کمیشن ہی کرے گا کہ کون ان اکاؤنٹس کو دیکھے گا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جن خدشات کا اظہار کیا گیا ہے وہ مناسب نہیں ہیں اور اس وجہ سے یہ ترمیم بھی مناسب نہیں ہے میں نے اس وجہ سے اس کی مخالفت کی اور آپ سے گزارش کروں گا کہ یہ دونوں ترامیم Question کی شکل میں ہاؤس کے سامنے پیش فرمائیں شکریہ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now I put Amendment No. 5 before the House. The question is :—

> "that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted namely:—
>
> "2. *Substitution of secton 3A, Act III of 1962*: In the Political Parties Act 1962, (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, Section 3A shall be substituted by the following, namely:—
>
> "3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such a manner and form, and at such times as may be provided by rules made by the Majlis-e-Shoora (Parliament) account for the source of its funds to, and submit its finances and accounts, to audit by a duly qualified Chartered Accountant".

(The motion was rejected.)

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Point of order, Sir. Those Ministers who are not members of the Senate, have to right no say "Ayas" or "Noes".

**Mr. Deputy Chairman :** I am sorry;

اب ہاؤس کے سامنے امنڈمنٹ نمبر ۶ ہے۔ اس کے بعد آپ کی لیتے ہیں۔

I put Amendment No. 6 before the House. The question is .—

> "that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—
>
> "*Substitution of Section 3A, Act III of 1962*: — In the

Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, Section 3A shall be substituted by the following namely:—

"3A. *Political Parties to submit accounts, etc.* Every political party shall, in such manner and form and at such times as may be provided by the rules made by the Majlis-e-Shoora (Parliament), account for the source of its funds, and submit to the Election Commission or the Supreme Court, as the case may be, its accounts, duly audited by a Chartered Accountant".

(The motion was rejected)

جناب احمد میاں سومرو اب تشریف لے آئے ہیں۔ اس لئے پہلے ہم نے نمبر ۲ چھوڑ دی تھی تو اب وہ لئے لیتے ہیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Thank you, Sir, I beg to move;

"That clause 2 of the Bill as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The Amendment before the House is :

"That Clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** I oppose it, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Ahmed Mian Soomro!

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Thank you, Sir, by this amendment Sir, I am seeking to have Clause (2) deleted under which the explanation given in Clause 3(a) is sought to be omitted. Sir, the reason for this is that on the one hand the Government want this explanation to be omitted which says in this Section and in Section 3(b) :

"Election Commission means the Election Commission constituted under Article 218 of the Constitution or under the Election Commission Order 1977 (PPO No. 4 of 1977)"

[Mr. Ahmad Mian Soomro]

In Clause (2) Sir, they seek to omit this explanation and then again by Clause (4) they are adding the same thing by a new section. Actually, if this was the intention, there was no need of putting Clause (3), not that of Clause (4). They should, have come straightaway to Clause 3(A) for which this Bill is meant, *i.e.* 'the defection clause'. How far that is correct or not we will come to that point later on, Sir. I merely want to say that this is un-necessary. They want to remove this explanation, as to what should be the Election Commission and again they are seeking to insert it, which is practically the same in both the clauses. Thank you, Sir.

<u>جناب اقبال احمد خان</u>: جناب چیئرمین! اس وقت جو موجودہ پرویژن ہے جس کو ہم نے تجویز کیا ہے کہ حذف کر دیا جائے اس کے مطابق اس ایکٹ کے تحت الیکشن کمیشن کو جو فنکشنز entrust کئے گئے تھے وہ الیکشن کمیشن ہو گا جو پی پی او ۴ کے تحت یا آرٹیکل ۲۱۸ کے تحت constitute کیا جائے گا اب اس کے اندر ایک بات کی وضاحت نہیں۔ اب سر! اس ایکٹ کے اندر موجودہ پرویژن اور نئی پرپوزڈ پرویژن کے مطابق الیکشن کمیشن کا آفس ہمہ وقت ہونا چاہئے۔ اب اس سلسلے میں پہلے الیکشن کمیشن کے جو اختیارات تھے، اگر وہ پی پی او ۴ کے تحت ہیں تو اس کے آرٹیکل ۵ کے اندر دیا ہوا ہے اور اس کے اندر الیکشن کمیشن کے فرائض صرف الیکشن کروانا ہیں۔ اسی طرح آرٹیکل ۲۱۸ میں اس کے فرائض یہی ہیں۔ اب اگر کوئی الیکشن کمیشن بنتا ہے وہ دو تین مہینے رہتا ہے الیکشن تک، اور الیکشن کی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بعد وہ functus officio ہو جاتا ہے تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ دو تین چار سال تک الیکشن نہ ہوں۔ اس میں کیونکہ ہر الیکشن کے وقت الیکشن کمیشن constitute ہونا ہوتا ہے تو پھر یہ ایکٹ سسپنڈ رہے گا اور اس کا ultimate نتیجہ یہ ہو گا اگر کوئی پولیٹیکل پارٹی کسی وقت رجسٹرڈ ہونا چاہتی ہے اور الیکشن کمیشن نہیں ہو گا تو وہ رجسٹرڈ نہیں ہو گی، اور میں سمجھتا ہوں اس طریقے سے پولیٹیکل پراسس کی growth میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ ہم نے جو کیا ہے وہ صرف یہ ہے کہ الیکشن کمیشن جو ایکسپلنیشن میں دیا تھا چونکہ اس کا tenure ڈیفائن نہیں تھا تو ہم نے نئے پرپوزڈ سکشن ۱۱ کے تحت یہ تجویز کیا ہے کہ الیکشن کمیشن تو وہی ہو گا جو ایکسپلنیشن میں ہے لیکن وہ الیکشن کمیشن ہمہ وقت موجود ہو گا اور اس ایکٹ کے تحت فرائض انجام دے گا ہماری رائے میں ایکسپلنیشن define نہیں تھا۔ ہم نے اس کو

حذف کر کے سیکشن ۱۱ تجویز کیا ہے اور یہ اس ایکٹ کے لئے ضروری ہے۔ اس بناء پر میں ان کی تجویز کی مخالفت کرتا ہوں۔ اور گزارش کرتا ہوں کہ اس کو ہاؤس کے سامنے put کیا جائے۔

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is :

> "that clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

(The motion was rejected)

Amendment No. 7 stands in the name of the following movers :

1. Professor Khurshid Ahmed
2. Qazi Hussain Ahmed
3. Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel
4. Qazi Abdul Latif
5. Mr. Ahmed Mian Soomro
6. Maulana Kausar Niazi

**Prof. Khurshid Ahmed :** I beg to move with your kind permission :

> "that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—
>
> "2. *Substitution of Section 3A, Act III of 1962.* In Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, for Section 3A, the following shall be substituted, namely :
>
> "3A. *Political Parties to submit Accounts, etc.*— Every political party shall maintain accounts in respect of funds received and disbursed by the said party and shall account for the source of its funds. Every political party shall have its accounts duly audited by a Chartered Accountant every year. The accounts would be open to inspection by the Election Commission or the Supreme Court of Pakistan."

**Mr. Deputy Chairman :** The Amendment before the House is:

> "that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—
>
> "2. *Substitution of Section 3A, Act III of 1962.*— In Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter

[Mr. Deputy Chairman]

referred to as the said Act, for Section 3A, the following shall be substituted, namely:—

"3A. *Political Parties to submit Accounts, etc.*— Every political party shall maintain accounts in respect of funds received and disbursed by the said party and shall account for the source of its funds. Every political party shall have its accounts duly audited by a Chartered Accountant every year. The accounts would be open to inspection by the Election Commission or the Supreme Court of Pakistan."

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Prof. Khurshid Ahmed :** Sir, I beg to defend it.

جناب والا! آپ نے غور فرمایا ہو گا کہ یہ ترامیم اور اسی قسم کی دوسری ترامیم جو پیش کی گئی ہیں ان میں کچھ بنیادی فرق ہے اور اسی بناپر میں نے اسے ایک علیحدہ ترمیم کے طور پر پیش کیا ہے۔ میں یہ سمجھتاہوں کہ ہمارے محترم رحمدل وزیر عدل نے اس بناپر پچھلی ترامیم کے بارے میں مخالفت کو ضروری سمجھا کہ اس سے دراصل سیاسی عمل سے کچھ واسطہ نہیں ہوتا ہے اور کسی نہ کسی طرح حکومت کی گرفت سیاسی پارٹیوں پر رہتی ہے۔ میں نے اور میرے رفقاء نے اس ترمیم میں اس بات کی کوشش کی ہے کہ مقصد بھی حاصل ہو جائے اور ایک معیاری صورت بھی بن سکے۔ جس میں سیاسی پارٹیوں کا صحیح صحیح ارتقاء ہو۔ وہ خود ذمہ دار پارٹیز ہوں وہ اپنے معاملات کی خود نگران ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے حسابات انسپکشن کے لئے open رہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ وہ وجود میں آئیں' حسابات رکھیں سرکار کی اجازت سے بار بار اسکی جانچ پڑتال کرائیں سرکار کے بھیجے ہوئے نمائندوں سے ہم چاہتے ہیں کہ سیاسی جماعتوں کو اس طریقے سے Regulate کرنے کا طریقہ اختیار نہ کیا جائے بلکہ ایک زیادہ معتبر اسکے ساتھ ساتھ قابل احترام اور محترم راستہ یہ ہے کہ ہر پارٹی اپنے حسابات خود رکھے اور پوری طرح یہ بتائے کہ یہ رقم کہاں سے آئی' کہاں خرچ ہوئی' اور کیا اسکی Sources رہی ہیں اور خود ہی ان حسابات کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے آڈٹ کروائے۔ اب اسکے نتیجے میں مرکزی حکومت کو رولز بنانے کی زحمت نہیں ہوگی جبکہ اصل قانون میں آپ نے ملاحظہ فرمایا تھا کہ مرکزی حکومت کو

قواعد و ضوابط بنانے ہیں لیکن جو راستہ ہم تجویز کر رہے ہیں۔ اسمیں ان قواعد کی کوئی حاجت باقی نہیں رہی۔

دوسری چیز اسمیں ہم نے یہ رکھی کہ انکو خود جاکر کے اکاؤنٹس submit کرنے پڑیں۔ ہم نے راستہ رکھا ہے کہ انکے حسابات الیکشن کمیشن اور سپریم کورٹ کی انسپکشن کیلئے اوپن ہیں یہ ضرورت نہیں ہے کہ ہر پارٹی وہاں جاکر لائن میں لگے۔ جسکے بارے میں کوئی شک ہو تو الیکشن کمیشن یا سپریم کورٹ جائیگا اور دیکھ لیگا۔ ہم نے پروسیس کو آسان کر دیا ہے۔ اگر کوئی ایسے حالات ہیں جس سے الیکشن کمیشن یا سپریم کورٹ انکے حسابات دیکھنا چاہے تو اسکا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

جناب والا! جو اس وقت پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ ہے اس میں ۳۔ (اے) کی اس پروپزن کے بعد ایک پروپزن ہے۔ وہ یہ ہے۔

> "Provided that every political party in existence at the commencement of the Political Parties (Amendment) Ordinance 1979, shall account for the source of its fund and submit its finances and accounts to audit, within 15 days of the publication of the rules made under this section."

جناب والا! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اب اس پروپزن کی ضرورت کیا باقی رہی ہے۔ ۱۹۷۹ء کا قانون آیا اس نے رولز دیئے جنہوں نے اکاؤنٹ دینے تھے پندرہ دن کے اندر دے دیئے، بات ختم ہو گئی۔ یہ قصہ پارینہ ہے لیکن مستقبل کیلئے اسکی کوئی حیثیت نہیں اسلئے کہ پندرہ دن کی مدت گزر چکی ہے الا یہ کہ حکومت یہ سمجھتی ہو کہ پندرہ دن اتنے ہیں کہ شاید ۱۵ سال تک جائیں۔ اور نوے دن کی بات میں رہنے والے شاید یہ بھی کر سکیں۔ لیکن قانون کی حد تک اب قانون میں اس کی حیثیت ایک مردہ کلاز کی سی ہے۔ یہ ایک مردہ گوشت ہے اس مردہ گوشت کو آپ جتنا جلدی Remove کر سکتے ہیں کر دیں۔ جو میں نے ترمیم پیش کی ہے اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہو گا کہ اسطرح ہم اس غیر ضروری out of date پروپزن سے نجات پالیں گے۔ یہ زیادہ آسان راستہ ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ رحمدل، شفقت مزاج وزیر عدل جو یہ سمجھتے ہیں کہ باعزت طور پر سیاسی پارٹیاں یہاں ترقی کریں تو ان تمام Point of reference کو سامنے رکھتے ہوئے اس ترمیم کو ضرور قبول کرلیں گے اس

طرح یہ زیر بحث کچھ بہتر بن سکے گا۔ کم از کم وہ اس ترمیم کو مجروح نہ کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب محترم احمد میاں سومرو صاحب!

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, I thought once that my very learned Minister for Justice would appreciate this amendment but we got the usual answer in negative just for the sake of the opposition. He does not know as yet how to change it but, I think, a day will come. I think he would also praise the members who moved this motion and brought in such a wonderful amendment whereby Government would not have to probably bother about making rules and allowing the Political Parties to stay as Political Parties in a more honourable manner. Sir, the Government has a power to make rules to appoint and authorize the Election Commission. This is a very fair amendment. The parties will maintain their accounts which would be audited by a Chartered Accountant and would be open to inspection. What else does the Government want? At least I would request the Minister for Justice to let all the political parties work in an honourable manner and think them to be honourable unless proved otherwise. The basic function of the law has always been that a person is innocent unless he is proved otherwise and that is what we have sought to bring and substitute the rule framed in a Martial Law Regime by an Ordinance No. 42 of 1979 promulgated on the 30th of August, 1979. So I still hope Sir, that better sense would prevail and the Minister for Justice would realize that we should, in fact, be thanked for the amendment.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** I am very grateful to the honourable Senator and do appreciate the spirit with which this amendment has been moved. Sir, I would respectfully draw the kind attention of the Senator, through you, that it may be called guided or misguided, but the decision lies with him, because I got guidance from the Report of the Special Committee of which my honourable friend, the learned Senator was a member, and there is no note of dissent on his part and this Report reads like this with regard to this particular issue, and I will, with your kind permission, quote here and I quote:—

> "A Political Party should submit the statement of its financial position and accounts to audit by an authority, authorised by the Election Commission within such time as may be fixed in that behalf."

So, Sir, it would have been better if the learned Senator had taken that stand at the time of the proceedings of the Special Committee, constituted by this honourable House, and possibly, then I would have been better guided. Now, the existing laws were sufficient to meet the requirement as desired by the Committee as discussed in this very House. Therefore, I feel, for the time being, there is no necessity of making any amendment, and for that reason, I oppose this amendment. Thank you, Sir.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Since the learned Minister for Justice has referred to the report of the Committee of which I have the privilege and honour to be a member, the Committee did not allow Government to frame any rules for this purpose. My main emphasis was on the rules to be framed by the Federal Government under section 3 (a) which we were seeking to eliminate and the report of the Select Committee also does not offer any rules for this.

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you amendment No. 7. The motion moved is :

> "that for clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, the following be substituted, namely:—
>
> "2. *Substitution of Section 3A, Act III of 1962.*— In Political Parties Act, 1962 (III of 1962), hereinafter referred to as the said Act, for Section 3A, the following shall be substituted, namely:—
>
> "3A. *Political Parties to submit Accounts, etc.*— Every political party shall maintain accounts in respect of funds received and disbursed by the party and shall account for the source of its funds. Every political party shall have its accounts duly audited by a Chartered Accountant every year. The accounts would be open to inspection by the Election Commission or the Supreme Court of Pakistan."

(The motion was negatived)

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Javed Jabbar and Mr. Wasim Sajjad, amendment No. 8.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, I beg to move :

"that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, for the words "the Explanation" occurring in the third line, the words "proviso and Explanation" be substituted"

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

"that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, for the words "the Explanation"occurring in the third line, the words "proviso and Explanation" be substituted".

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I am sorry and with your kind permission, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** Since some discussion has already taken place I will be very brief. I will say that if this proviso is retained the effect will be that those parties which chose not to get registered in 1979 and, therefore, according to this proviso were required to submit the accounts within 15 days or whatever. At this particular time in our history, there is a possibility that using this proviso existing in the Bill, or in the Act, it is possible that certain political parties will be excluded. So, therefore, the purpose of legislation must be to be as fair and comprehensive as possible and therefore, Sir I propose this amendment.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I do not see what imagination is there in the words 15 days, 30 days and 40 days. If the purpose is to get accounts from parties then this restriction of getting themselves registered in 30 days which was the requirement of the section itself and then submitting accounts within 15 days, does not make any sense at all. If the purpose is to have accounts audited and the parties registered and if the general elections are to take place, let us say in 5 years time,then there seems to be no point in insisting that the accounts must be submitted in 15 days or the parties must be registered within 30 days. It was totally uncalled for, irrelevant, and makes no sense whatsoever.

جناب احمد میاں سومرو: جناب کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ mover تو نہیں ہیں لیکن آپ کی شخصیت ایسی ہے اس لئے آپ ارشاد فرمائیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, I would very respectfully, not for the sake of opposition, draw the kind attention of the Minister for Justice. If you read it carefully, Sir, it says:

> "Provided that every political party in existence at the commencement of the Political Parties (Amendment) Ordinance,1979 shall account for its funds and submit its finances and accounts to audit within 15 days of the publication of the rules made under this section."

Now, Sir the time has expired, so what is the object of still keeping this in the Bill. this clause is no longer needed, it is absolutely redundant. Not only 15 days but 7 years have passed, so what is the object of retaining this clause that they shall submit their accounts within 15 dyas of the publication of those rules. Just think and consider what I am saying and see whether that has any force, and do not oppose it only for the sake of opposition and just because they have to go back to the National Assembly.

پروفیسر خورشید احمد: اگر وزیر عدل وانصاف اس کی مخالفت کر رہے ہیں تو ہمیں دلیل کے ساتھ بتایا جائے کہ اب اس پرویژن کو رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ 'وزیر عدل وانصاف!

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین! معزز سینیٹر اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں اور مجھ سے بہتر طور پر جانتے ہیں کہ

by the Regulation 48 all the political parties cease to exist.

اس لئے اب جب دوبارہ کوئی پولیٹیکل ایکٹیوٹیز شروع ہوتی ہیں تو سارا مسئلہ پھر fresh ہو گا۔ رولز میں پرویژن یہی ہے کہ رولز کے نفاذ کے ۱۵ دن کے اندر۔ اس لئے پولیٹیکل پارٹیز کو اس میں کوئی دقت نہیں ہوگی کیونکہ جب رولز شائع کئے جائیں گے تو اس کے پندرہ دن کے اندر اکاؤنٹس دینے ہوں گے۔ ویسے بھی جناب والا! یہ کانسٹی ٹیوشنل پرویژن ہے۔ اس میں

پارٹیوں کے اکاؤنٹ according to the present constitutional provision will have to be submitted.

اس لئے اس میں کوئی دقت پیش نہیں آئے گی ۔ اسی لئے اس کا پہلے سے خیال کر لیا گیا تھا کہ اس سیکشن کے ذریعے سے ایسی صورت پیدا نہ ہو۔ معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاءاللہ سیاسی پارٹیوں کو اس سے کوئی دقت نہیں ہو گی اور یہ خدشات عمل سے پورے ہو جائیں گے۔ میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی اور اس دفعہ پھر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی گورنمنٹ جو ماضی سے سبق نہیں سیکھتی ' وہ گورنمنٹ کبھی قائم نہیں رہ سکتی ہے بلکہ اس کے کنڈیکٹ سے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے ۔ ہم اس بات کو بخوبی سمجھتے ہیں کہ اس ملک میں سیاسی سرگرمیوں کو جاری رہنا چاہئے ہمارے سیاست دانوں کو بھی constructive طور پر اپنی سیاسی جماعتوں کو منظم بھی کرنا چاہئے اور کرٹسیزم بھی کنسٹریکٹو ہونا چاہئے۔ اس نظریہ کے ساتھ ہم آگے پروسیڈ کر رہے ہیں۔ اس معزز ایوان کی راہنمائی کے ساتھ انشاء اللہ بہتر عمل جاری ہو گا۔ شکریہ۔

__پروفیسر خورشید احمد :__ جناب چیئرمین ' میں اس موقع پر پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ اس امنڈمنٹ کے بعد رولز بنا لئے گئے تھے rules made under this section ہو گئے تھے announce ۔ رولز کے مطابق جن پارٹیوں نے اپنے آپ کو رجسٹرڈ کروایا ' جنہوں نے اپنے accounts submit کر دئے تھے اور رولز کے مطابق الیکشن کمیشن نے ان کو سرٹیفکیٹ ایشو کیا کہ ہاں ' ان کے اکاؤنٹس ہم نے دیکھ لئے ہیں۔ اس کے بعد ان رولز کو ' مستقبل کے رولز قرار دینا ' قانوناً کہاں تک جائز ہے۔ وزیر عدل وانصاف اس کی زرا وضاحت فرمادیں۔

__جناب اقبال احمد خان :__ جناب والا ! بجائے اس بات کو appreciate کرنے کے ' کہ آرٹیکل ۵۸ میں تمام پارٹیوں کو سرے سے ہی نابود کر دیا گیا ہے ' اس لئے ہم تو یہ کوشش کر رہے ہیں کہ ان کی حیثیت کو نئے سرے سے زندہ کیا جائے اور اسی جذبے کے تحت ہم آگے بڑھ رہے ہیں۔ اگر ان رولز کا حوالہ دیتے ہیں تو میں اس کے متعلق معزز سینٹر کی خدمت میں اور کچھ عرض نہیں کر سکتا کہ اگر یہ انہی کے تحت رہنا فرمائیں گے تو

what shall be the effect of Regulation 48 whereby it has been declared that the parties cease to exist.

توان کی تو رجسٹریشن ہی خطرے میں پڑ جائے گی۔ ہم توان کو زندہ کرنا چاہتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** اب ہاؤس کے سامنے امنڈمنٹ نمبر ۸ پیش ہے۔

The motion moved is:

'A' "that in clause 2 of the Bill, as passed by the National Assembly, for the words "the Explanation" occurring in the third line, the words "proviso and Explanation" be Substituted".

(The motion was rejected).

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** امنڈمنٹس نمبر ۱۰ سے ۲۲ تک۔

**پروفیسر خورشید احمد:** ابھی نمبر ۹ رہتی ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** ۹ نمبر ہو گئی ہے۔ یہ تین کے ساتھ club ہو گئی تھی۔ اب ۱۰ سے ۲۲ تک amendments جو ہیں یہ not within the scope of the Bill, not relevant to the subject matter, hence I hold these inadmissible.

The motion moved is:

"that clause 2 do forms part of the Bill."

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, the Noes have it.

**Prof. Khurshid Ahmed :** The Noes have it.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I challenge the result.

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** میں اس کو دوبارہ پڑھتا ہوں۔

The motion moved is:

"that clause 2 do forms part of the Bill."

مجھے یہ ڈر ہوتا ہے کہ کہیں میں وہ بھول جاؤں اب مجھے محسوس ہوا ہے کہ سارے ہاؤس کی توجہ ہی اس پر نہیں ہے۔ اس کو میں پھر put کر دیتا ہوں۔

جناب اقبال احمد خان: یہی میں نے چیلنج کیا ہے۔ دو منٹ کے بعد آپ اس کو دوبارہ put کریں گے اور آپ اسکو دونوں طریقوں سے کر سکتے ہیں۔ گنتی کے ذریعے سے بھی اور آواز کے ذریعے سے بھی

(مداخلت)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

"that clause 2 forms part of the Bill."

(The motion was adopted)

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 2 stands part of the Bill. Amendment No. 23 in clause 3.

Mr. Javed Jabbar and

Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Javed Jabbar :** I beg to move:

"that clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

"that clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, this clause deals with the whole concept of defection which, as we discussed earlier during the first reading, is a concept that is very innovative for us to use. It is an untested concept in political history. The word defection is used only outside the legislative forum, perhaps to describe journalistically what may have occurred when a certain member of a party felt that because

of the conduct of the party or because of his own compulsions he was not able to follow the discipline of the party. By using a term that lays itself open to 5 to 6 different interpretations this clause creates a very dangerous new power which can be exercised by the leader of the parliamentary party, by the leader of the government party to arbitrarily control the intellectual or the moral choices or decisions that any member of parliament may make and I believe Sir, that political conduct must be based on moral values. If on the one hand we grow hoarse shouting that we are Muslims and that we are proud of this glorious heritage then why do we need in every step of our life these little pointers, directions, chains an our feet and our hands to restrict political initiative.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Wasim Sajjad.

جناب وسیم سجاد: جناب والا! یہ جو کلاز ۳ ہے' یہ ایک بڑا بنیادی مسئلہ ہے اور اس میں دو تین چیزیں ہیں جن پر اس ہاؤس کی توجہ ہونی چاہئے۔ پہلی چیز تو جناب یہ ہے کہ یہاں پر انہوں نے لفظ defection استعمال کیا ہوا ہے جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ اس لفظ کے جو ڈکشنری معنی ہیں Transfer of allegiance یا revolt کے معنی آتے ہیں۔ تو یہ ایک لفظ ایسا ہے کہ جب تک اس کی وضاحت نہیں ہوتی یہ defection والا کلاز ایک تلوار کی طرح ہر ممبر کے سر پر معلق ہو گا۔ اور کسی کو یہ پتہ نہیں ہو گا اس کا کونسا فعل ہے جس سے اس کی ممبر شپ ختم کی جا سکتی ہے۔ مثلاً کبھی اگر وہ اپنی پارٹی کے فیصلے کے خلاف ہاؤس میں ووٹ دیتا ہے تو کیا اس کی ممبر شپ ختم ہوتی ہے یا وہ کسی کے خلاف بیان دیتا ہے تو اس سے ممبر شپ ختم ہوتی ہے تو گزارش یہ تھی کہ اس چیز کو ختم کیا جائے۔ فنی لحاظ سے بھی اس کلاز میں بہت سی خامیاں ہیں مثلاً یہاں یہ لکھا ہوا ہے کہ

A members shall cease to be a member from the date of such withdrawal of defection

اب withdrawal سوال پیش ہونا ہے الیکشن کمیشن کے سامنے۔ الیکشن کمیشن کو اس سوال کو کم از کم دو مہینے چار مہینے چھ مہینے میں سننا ہے فیصلہ کرنا ہے اب وہ کیسے ہو گا کہ

From the date of such defection or withdrawal.

وہ ممبر شپ ختم ہو جائے گی یا اس عرصے میں تو وہ ممبر رہے گا ووٹ دے گا۔ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اس ممبر کو روکے۔ پھر انہوں نے یہ کیا ہوا ہے کہ ریفرنس جو ہو گی وہ پارلیمانی پارٹی کا لیڈر کرے گا۔ اب یہ آئین دفعہ ۶۳ کے خلاف ہے۔ آئین میں لکھا ہوا ہے کہ ایسے معاملے میں

[Mr. Deputy Chairman]

ریفرنس چیئرمین کرے گا یا سپیکر کریگا۔ پھر آئین میں لکھا ہوا ہے کہ یہ جو ریفرنس ہے یہ چیف الیکشن کمشنر کو کیا جاتا ہے۔ یہ کیوں آئین میں لکھا گیا ہے اسلئے کہ جس طرح کہ فاضل وزیر انصاف نے فرمایا کہ الیکشن کمیشن ہر الیکشن کیلئے constitute کیا جاتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر ہر وقت ایک آئین کے مطابق موجود رہتا ہے اس لئے وہاں پر یہ لکھا گیا تھا کہ ایسے سوالوں کو چیف الیکشن کمشنر کو ریفرنس کیا جائے گا لیکن یہاں پر لکھا ہوا ہے کہ الیکشن کمیشن کو Refer کیا جائے گا۔ تو فنی لحاظ سے میں سمجھتا ہوں اس میں بہت سی خامیاں ہیں اور میں سمجھتا ہوں ہوں کہ اگر اس کلاز کو As it is کسی عدالت میں لیجایا جائے تو اس کو آئین کے خلاف ہونے کی بناء پر مسترد کر دی جائے گا۔ اس لئے کیوں نہ ہم اب چونکہ ہماری ایک ذمہ داری ہے۔ بطور Upper House کے ان خامیوں کو Point out کریں، بتائیں کہ جناب یہ خامیاں ہیں اور مہربانی کر کے آپ وزیر انصاف بنیں وزیر قانون نہ بنیں، بڑی مشکل سے وزیر انصاف بنایا ہے ان کو۔ انصاف سے دیکھیں کہ اگر کوئی غلطی ہے تو اس کو ٹھیک کر دیا جائے اس میں کیا حرج ہے۔

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین! میں نے صبح بھی گزارش کی تھی، معزز سینیٹر اس وقت موجود نہیں تھے۔ یہ مسئلہ interpretation کا ہے۔ میں نہایت ادب و احترام سے ان کی interpretation سے اتفاق نہیں کرتا اور میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی کہ دونوں ایوانوں کی کمیٹیوں نے دو لفظ استعمال کئے ہیں Crosses the floor Leaves the party اور یہ جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں لیگل language میں ان سے یہی مقصد ہے اور "Defects" کے متعلق جناب معزز سینیٹر مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔ مجھ سے زیادہ بہتر وکیل ہیں کہ اس سے مطلب desertion ہوتا ہے۔ اور ابھی یہ الفاظ Change the allegiance کہے گئے ہیں تو allegiance جو ہے وہ permanent ہوتی ہے temporary نہیں کہ ووٹ دے دیا۔ میں پھر یہ وضاحت کر دینا چاہتا ہوں کہ اس سے قطعی یہ مقصد نہیں ہے کہ اگر کوئی معزز رکن کسی پارٹی کے mandate خلاف ووٹ دے تو اس کو یہ تصور کیا جائے گا کہ

He has defected or he has withdrawn from the party.

تو اس لئے اس میں کوئی ابہام نہیں اور نہ ہی اس میں کوئی Constitutional Violation ہے کیوں کہ اسکا فیصلہ بھی عدالت ہی کر سکتی ہے ہم یہاں legislater Sitting in the Senate کی حیثیت سے اس کی توضیح نہیں کر سکتے۔ اس

لئے میں سمجھتا ہوں کہ خدشات درست نہیں ہیں اور یہ الفاظ ایک legislation کی ڈرافٹنگ کے سلسلے میں بالکل درست ہیں اور اس میں کوئی ابہام نہیں۔ شکریہ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 24 in the name of Mr. Javed Jabbar and Mr. Wasim Sajjad, Mr. Javed Jabbar to move.

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman! with your permission I beg to move:

> "that in clause 3, in the proposed section 8B, in sub-section (1) of the Bill, as passed by the National Assembly:—
>
> (i) in paragraph (b) the words "and having become a member of a political party after such election" occurring in the second and third lines, be deleted, and
>
> (ii) the word "defects or" and "defection or"occurring in the eighth and ninth lines be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is:

> "that in clause 3, in the proposed section 8B, in sub-section (1) of the Bill, as passed by the National Assembly:—
>
> (i) in paragraph (b) the words "and having become a member of a political party after such election" occurring in the second and third lines, be deleted, and
>
> (ii) the words "defects or" and "defection or" occurring in the eighth and ninth lines be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, my submission is that this has a particular relevance to those members of Parliament who are elected on an independent basis and on a specific mandate without the assistance or the aid or within the discipline of the party to which they may subsequently choose to go and if that is so Sir, one submits that to impose a discipline which normally, conceptually, originally belongs to the members of a political organization which specifically made it possible for that election to take place this would be a contradiction

[Mr. Javid Jabbar]

of logic leave alone fundamental rights of any parliamentarian and, therefore, Sir, this amendment is submitted again with reference to the problem in determining the accuracy of the term 'defection' or of 'withdrawal' and that is why we suggest Sir, that this be amended in this manner. Thank you Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب!

جناب وسیم سجاد : جناب میں اپنے خیالات کا اظہار پہلے ہی کر چکا ہوں ' مزید کچھ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب وزیر عدل وانصاف صاحب!

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! معزز سینیٹر نے جو اظہار خیال فرمایا ہے کہ یہ اسمبلی غیر جماعتی بنیاد پر منتخب ہوئی ہے۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرو نگا کہ قانون بننے کے بعد یہ ہر ممبر کا اپنا حق ہے ان پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہ کس پارٹی میں شامل ہو لیکن سوال صرف اتنا ہے کہ اگر کوئی معزز رکن اپنی free will کے ساتھ یہ سمجھتا ہے کہ اسے کس سیاسی پارٹی میں شامل ہونا چاہئے تو پھر اسے اس کا ڈسپلن بھی قبول کرنا چاہئے اس بناء پر پارٹیز کے اندر ڈسپلن رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس کلاز کو maintain کیا جائے۔ یہ کسی پر جبر نہیں ہے کہ وہ ضرور شامل ہو۔ اگر کوئی شامل ہونا چاہے وہ ہو ' یا نہ ہو ' یہ قانون بن رہا ہے۔

Just to keep the discipline of the Parties.

Thank you Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

"that in clause 3, in the proposed section 8B, in sub-section (1) of the Bill, as passed by the National Assembly :—

(i) in paragraph (b) the words "and having become a member of a political party after such election" occurring in the second and third lines, be deleted, and

(ii) the words "defects or" and "defection or" occurring in the eighth and ninth lines be deleted."

(The motion was rejected).

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 25 stands in the name of Mr. Javed Jabbar and Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Javed Jabbar :** I beg to move:

"that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, for sub-section (2) the following be substituted, namely:—
"(2) If any question arises whether a member of a House has become disqualified under sub-section (1) from being a member, the question shall, on a reference by the Speaker or the Chairman, as the case may be, determined by the Election Commission."

**Mr. Deputy Chairman :** The Amendment before the House is:

"that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, for sub-section (2) the following be substituted, namely:—
"(2) If any question arises whether a member of a House has become disqualified under sub-section (1) from being a member, the question shall, on a reference by the Speaker or the Chairman, as the case may be, determined by the Election Commission."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir I oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, at the moment, the discretionary power is vested in the Leader of the parliamentary party. In submitting this amendment, the logic is that as per the Constitution there is defined a role for the Speaker and the Chairman as being above party politics. Therefore, through this amendment it is suggested that to protect the leader of the parliamentary party from becoming subject to the whims and caprices of power, from the temptations of power and personal animosity, a neutral person who enjoys the confidence of the whole House and who is therefore, either Speaker or Chairman, be given this discretionary power to bring this matter to the notice of the Election Commission. Thank you Sir.

جناب چیئرمین : مسٹر وسیم سجاد صاحب!

جناب وسیم سجاد: جناب والا! اس ترمیم کا مقصد بھی یہی ہے بجائے اس کے کہ پارلیمنٹری پارٹی کا لیڈر اپنے سیاسی مقاصد کے لئے کسی ممبر کی ممبر شپ کو ختم کرنے کے لئے الیکشن کمیشن کو move کرے بہتر یہ ہو گا کہ چیئرمین اور سپیکر جو غیر جانبدار اتھارٹیز ہیں اور سیاسی جو پرابلمز ہیں ان سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا' وہ پہلے دیکھیں کہ آیا اس ممبر نے کوئی ایسا فعل کیا ہے جس سے اس کی ممبر شپ ختم کی جا سکے۔ اور ہاؤس کے اندر بہت سے مسائل آپ کے سامنے آئیں گے کہ کسی ممبر نے کوئی تقریر کر دی ہے یا کسی ممبر نے کوئی تنقید کر دی ہے یا کسی ممبر نے کوئی ایسی بات کی ہے جو پارٹی کے لیڈر کو ناگوار گزری ہے اور پارٹی کا لیڈر ایک دم درخواست دے دیتا ہے کہ اسکی ممبر شپ ختم کی جائے۔ تو اس سے بہتر ہو گا کہ پارٹی کا لیڈر پہلے چیئرمین یا سپیکر کو جو بھی ہو' اسکو پہلے convince کر لے کہ واقعی اسنے کوئی ایسی حرکت کی ہے جس سے اس کو سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے اور اس کی ممبر شپ ختم کر دی جائے تو یہ بہت بہتر ہے اور آئین کی جو آرٹیکل ۶۳ ہے اسکے مطابق ہو جائے گا۔ لہٰذا ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ امنڈمنٹ منظور کر لی جائے۔

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Ahmed Mian Soomro :

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Just for clarification and for my guidance, I want to know what would happen if supposing there is only one person elected from a party, naturally he will be his own leader. If he defects he will make a report to himself or what ~~the only person~~ would be the position then ? This explanation is just for my guidance because I am rather puzzled about that. probably the Minister for Justice would be able do some justice to me.

جناب وسیم سجاد: جناب یہ انہوں نے بڑا درست فرمایا کیونکہ ایک ایسا مسئلہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی پارٹی بن جائے اور وہ کیمونسٹ قسم کی پارٹی ہو' جس میں کوئی لیڈر نہیں ہے سارے کہیں کہ ہم لیڈر ہیں تو پھر کیا ہو گا۔

جناب اقبال احمد خان: وہ تو جناب اسمبلی کے اندر کسی پارٹی کو weight position ملے گی تو وہ لیڈر بنے گا ورنہ انڈیپنڈنٹ تصور ہونگے۔ بہر حال میں یہ گزارش کر رہا ہوں اس کلاز کے اندر کوئی ابہام نہیں ہے۔ کیونکہ لیڈر آف پارٹی ریفر کرے گا الیکشن کمیشن کو' فیصلہ الیکشن

کمیشن نے کرنا ہے اور اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ کے اندر اپیل بھی لائی جا سکتی ہے اس لئے اس کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اس کی whim پر ہو گا اور وہ whim پر بھی ریفر کر دے گا۔

Even against the decision taken by the Election Commission an appeal has been provided before the Supreme Court, Sir. Thank you Sir.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, I say, supposing, there is only one member in that parliamentary party in the House, then what would happen in that case, kindly just guide me. There is only one member, he does not report to himself then what happens ?

**جناب اقبال احمد خان:** میں معزز سینیٹر سے عرض کرونگا کہ پارٹی سلیکٹ کرتے وقت وہ اس بات کی احتیاط کرلیں کہ اس پارٹی کے ایک سے زیادہ ممبر منتخب ہونگے۔

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, for sub-section (2) the following be substituted, namely:—
>
> "(2) If any question arises whether a member of a House has become disqualified under sub-section (1) from being a member, the question shall, on a reference by the Speaker or the Chairman, as the case may be, determined by the Election Commission."

(The motion was rejected)

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 26, it stands in the names of the following movers :

Prof. Khurshid Ahmed,
Qazi Hussain Ahmed,
Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel,
Qazi Abdul Latif,
Mr. Ahmed Mian Soomro,
Maulana Kausar Niazi.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں درخواست کرونگا کہ ۲۶ ' ۲۷ پر مشترک غور ہو میرے پیش نظر محض زیادہ وقت لینا نہیں ہے۔ یہ دونوں دراصل integral ہیں اور غالباً آفس میں ایسا ہوا ہے کہ الگ الگ کر دی گئی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یعنی اس کو کلب کر دیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جی ہاں '

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے اس کو کلب کر دیں۔

پروفیسر خورشید احمد: ۲۶ ' ۲۷۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے وزیر عدل سے پوچھے بغیر کہہ دیا ہے۔ میرے خیال میں اسے کلب کر دیں تو کوئی حرج نہیں ہو گا۔

جناب اقبال احمد خان: ٹھیک ہے جی کر لیں۔

جناب احمد میاں سومرو: شکر ہے کہ جسٹس منسٹر نے ہی ہماری کسی بات کو yes کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: فرمائیے۔

**Prof. Khurshid Ahmed :** Mr. Chairman, with your permission, I beg to move :

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B in sub-section (2) for the words 'the Election Commission' the words of 'Supreme Court of Pakistan' be substituted, and that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B, sub-section 3 be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B in sub-section 2, for the words 'the Election Commission' the words of 'Supreme Court of Pakistan' be substituted and that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B, sub-section 3 be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I beg to oppose both of these amendments.

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! جناب وزیر عدل کو اب خاصی مخالفت کرنے کی پریکٹس ہو گئی ہے۔ اس ترمیم کا اصل متن جیسا کہ آپ اس بل کے متن کو دیکھیں تو اس مسئلے کو متعین کرنے کے لئے کہ کسی شخص کی رکنیت Defection کی بنیاد پر یا Withdrawal کی بنیاد پر ختم ہوئی ہے یا نہیں۔ ہم تجویز کر رہے ہیں کہ الیکشن کمیشن کے بجائے یہ کام سپریم کورٹ کرے۔ یہ دونوں جب سپریم کورٹ طے کرے گی تو بات دراصل وہی اسکی فائنل اتھارٹی ہے اسکے بغیر نہ کسی اور اپیل کی گنجائش ہے نہ ہی ضرورت اور یہی راستہ آپ نے پارٹی کے موقع پر اختیار کیا ہے کہ حکومت کوئی ریفرنس سپریم کورٹ کے پاس لیجاتی ہے تو وہی آخری ہوتا ہے۔

جناب والا! میں اس موقع پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس امر کو متعین کرنے کیلئے کہ ایک شخص نے پارٹی چھوڑی ہے یا نہیں جو طریقہ اس بل میں مہیا کیا گیا ہے وہ بڑا ہی پیچیدہ اور پریشان کن ہے۔ آپ غور فرمائیں کہ:

> "Defects or withdraws himself from the Political Party he shall, from the date of such defection or withdrawal, be disqualified from being a member of the House for the unexpired period of his ~~turn~~ term as such member."

ابھی یہ بات متعین نہیں ہوئی کہ ہم الیکشن کمیشن میں گئے یا نہیں گئے اسلئے کہ الیکشن کمیشن میں جانے کا مسئلہ اس وقت اٹھے گا کہ جب

If any question arises whether a member of a House has become disqualified under sub-section (1) from being a member.

اس وقت وہ دراصل نا اہل ہوتا ہے یہ معاملہ بڑا پریشان کن ہے۔ اسکے بعد فرض کیجئے کہ مسٹر ایکس ہماری پارٹی کے رکن نہیں رہے ہیں اور انکی حیثیت ختم۔ جب وہ اسکو dispute کرے کہ نہیں ایسا نہیں ہے تب یہ پارٹی لیڈر کو اختیار ہے کہ وہ اسکو الیکشن کمیشن کو ریفر کرے اور الیکشن کمیشن جو فیصلہ کر دیتا ہے تب پھر متعلقہ آدمی سپریم کورٹ میں جا سکتا ہے۔ یہ طریقہ بڑا حقیقت پسندانہ ہے۔ یہ دراصل الیکشن کمیشن کو انٹرپارٹی disputes یا انٹرا پارٹی

[redacted]



ڈسپیوٹ میں Involve کر دیتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کسی وجہ سے پارٹی لیڈر اور پارٹی ممبر کے درمیان اختلاف ہو جائے، صبح میں نے کہا تھا کہ defection کی تعریف میں یہ بات آتی ہے کہ Change of allegiance from the leader of the party ہو سکتا ہے کہ ایک شخص پارٹی میں تو ہو، پارٹی کا مقصد، اسکا دستور، اسکا منشور، اسکا پروگرام ان سب کا وفاوار ہو۔ لیکن صرف پارٹی لیڈر سے اختلاف ہو تو وہ اسکی جگہ کوئی اور لے لے۔ اب یہ انٹرا پارٹی ڈسپیوٹ ہے اسکی بنیاد پر اگر پارٹی لیڈر کسی ایک یا دو افراد کی ممبر شپ ختم کرتا ہے اور یہ آپکو معلوم ہے کہ یہ کام پارٹی لیڈر کبھی اپنے ایماء پر اور کبھی پارٹی کی بنا پر کرتا ہے تو ان حالات میں ہمیں اس بات پر خدشہ ہے کہ الیکشن کمیشن کو manipulate یا influence کرنے کی کوششیں کی جائیں گی اور یہ چیز الیکشن کمیشن کی سالمیت، بقاء اور عوام کے اس پر اعتماد کو اور دوسری سیاسی پارٹیوں کے اس پر اعتماد کو مجروح کرے گا۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ الیکشن کمیشن کو involve نہ کیا جائے۔ جب کوئی ایسا مسئلہ پیدا ہو تو اسکو سپریم کورٹ میں ریفر کیا جائے۔ اور سپریم کورٹ investigate کر کے جس رائے پر پہنچے اس رائے کو نافذ کیا جائے اور اسی وجہ سے جو اپیل کا دوسرا حق کلاز نمبر ۳ کے اندر ہے اسکی بھی ضرورت باقی نہیں رہتی اور ہماری نگاہ میں وزیر عدل کی یہ سردردی تو نہیں ہے کہ جو clauses اس قانون کی ہوں وہ چاہتے ہیں کہ یہ تاریخی میوزیم بنتا رہے اور اس کے اندر خلاء موجود رہیں۔ الیکشن کمیشن کے بجائے سپریم کورٹ میں اسکو کر دیا گیا تو پھر نمبر ۳ کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : movers میں سے کوئی صاحب اظہار رائے کرنا چاہے۔ کوئی نہیں۔ جناب وزیر عدل وانصاف۔

جناب اقبال احمد خان : جناب چیئرمین! مجھے افسوس ہے کہ جس چیز کی تعریف کرنی چاہئے تھی اسکے بجائے اسکی مخالفت کی جا رہی ہے۔ ہم نے مجوزہ کلاز کے ذریعے سے یہ حق دیا ہے کہ الیکشن کمیشن بھی سنے گا اور اسکے فیصلے کی اپیل سپریم کورٹ میں جائیگی۔ اب اسطرح کی ترامیم سے کسی معزز رکن کا حق غصب کیا جا رہا ہے یا نہیں کہ صرف سپریم کورٹ کے پاس جاؤ کوئی اپیل نہیں ہے جبکہ یہ کہا جاتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ مواقع ملنے چاہیں۔ اگر ایک فورم سے

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

کسی کو انصاف نہیں ملتا تو دوسرے فورم میں جا سکے۔ تو یہ بات تو زیادہ قابل تعریف تھی۔ چونکہ یہ حق غصب کرنا چاہتے ہیں اسلیئے میں اسکی مخالفت کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہر شخص اپنے حق کیلیئے مختلف فورموں میں اپنے کیس کو اچھی طرح سے defend کر سکے۔ اسلیئے دونوں کی مخالفت کرتا ہوں' لہٰذا یہ ہاؤس میں پیش کی جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: الگ الگ پیش کی جائیں۔

جناب اقبال احمد خان: الگ الگ جناب چونکہ یہ لسٹ میں آچکی ہیں کل کہیں یہ نہ کوئی کہے' اسلیئے علیحدہ علیحدہ put کیجئے جناب' شکریہ۔

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B in sub-section (2), for the words 'the Election, Commission,' the words of 'Supreme Cour of Pakistan', be substituted".

(The motion was rejected)

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 27. The question before the House is:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8-B, sub-section (3) be deleted."

(The motion was rejected).

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 28.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, This is a new clause. As Clause No. 28, 29 & 31, Sir, are new clauses, therefore, as earlier decided by your honour, these are out of the scope of the Bill.

**Prof. Khurshid Ahmed :** Not at all.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Because they introduce new clauses.

**Mr. Deputy Chairman :** I think ۲۸ کو علیحدہ کر لیں تو کوئی حرج تو نہیں ہے۔ 29, 30 and 31 are out of the scope. Amendment No. 28 is in the names of Prof. Khurshid Ahmed, Qazi Hussain Ahmed, Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel, Qazi Abdul Latif, Mr. Ahmed Mian Soomro and Maulana Kausar Niazi.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, I beg to move:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, after sub-section (3) the following new sub-section (4) be added, namely:—
> "(4) The provisions of this section shall not apply to the present Majlis-e-Shoora (Parliament) and the Provincial Assemblies inducted in March 1985 and elected on a non-party basis."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is:

> "that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, after sub-section (3) the following new sub-section (4) be added, namely:—
> "(4) The provisions of this section shall not apply to the present Majlis-e-Shoora (Parliament) and the Provincial Assemblies inducted in March 1985 and elected on a non-party basis."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment and particularly in view of the Representation of the People's Act, this is absolutely unnecessary, I should oppose this amendment.

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** جناب احمد میاں سومرو!

**جناب احمد میاں سومرو:** جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سینٹ خودکشی کرنے

کے لئے تیار نہیں ہوگی۔ اس کلاز کے ذریعے میں یہ چاہتا ہوں کہ معزز اراکین یہ سمجھ سکیں کہ کیوں یہ خود اپنے گلے کو کاٹ رہے ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان کی جو disqualification وغیرہ کے بارے میں شق رکھی جا رہی ہے، یہ نہ ہو۔ کیونکہ اس وقت سب اسمبلیاں، چاہے وہ صوبائی اسمبلیاں ہوں یا نیشنل اسمبلی، یا پارلیمنٹ کے دونوں ایوان non-party basis پر معرض وجود میں آئے ہیں۔ اپنی شخصیتوں کی وجہ سے یہاں پہنچے ہیں۔ عوام نے ان کو بڑا پسند کیا اور پسند کر کے ان کو یہاں بھیجا ہے کہ آپ نان پارٹی بیسز پر اسمبلیوں میں جائیں۔ عوام نے تو ان کو یہ مینڈیٹ دیا ہے اب یہ خود کیوں اپنے ہاتھ باندھنا چاہتے ہیں، یہ کیوں کہتے ہیں کہ اس قانون کے تحت ہمارے گلے پر بھی کاٹ لگا دیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اتنا تو آپ اپنا خیال کریں۔ کیوں آپ خود کشی کرنا چاہتے ہیں۔ ہم آپ کو خود کشی سے بچانا چاہتے ہیں اور منسٹر صاحب آپ سے خود کشی کروانا چاہتے ہیں۔

(قہقہے)

اس لئے خدارا، کچھ سوچیں

(قہقہے)

میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خود کشی نہ کیجئے، خود کشی اسلام میں حرام ہے۔ آپ مہربانی کر کے خود کشی نہ کریں۔ اس کلاز کا اپنے اوپر اطلاق نہ ہونے دیں اس کا اطلاق، آئندہ پارٹی بیسز پر جو الیکشن ہونگے، اس وقت کیا جائے۔ اس لئے مہربانی کر کے اسے اپنے اوپر لاگو نہ کریں۔ اس امنڈمنٹ کے لانے کا ہمارا صرف یہی مقصد ہے۔ اگر پھر بھی ان کو خوش کرنے کے لئے اسے اپنے اوپر کرنا چاہتے ہیں تو پھر اللہ آپ لوگوں کو خوش رکھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین  جناب راحت سعید چھتاری صاحب، آپ موور نہیں ہیں لیکن پھر بھی آپ ارشاد فرمائیں۔

جناب راحت سعید چھتاری : جناب، گزارش یہ ہے کہ حدیث شریف میں مومن کی تعریف یہ ہے کہ جو اپنے لئے پسند کرتے ہو، وہی چیز اپنے بھائی کے لئے پسند کرو۔ اس لئے ہم نے جو اپنے لئے پسند کیا ہے وہی اپنے بھائیوں کے لئے پسند کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین  شکریہ جناب۔ عبدالرحیم میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل  میں جناب والا! گزارش یہی کروں گا کہ یہ جو انتخابات

[Mr. Wasim Sajjad]

ہوئے ہیں یہ غیر جماعتی بنیادوں پر ہوئے ہیں اور جو حالیہ ریفرنڈم بھی ہوا ہے وہ بھی اس بنیاد پر ہوا ہے۔

**Mr. Deputy Chairman :** The Motion moved is:

"that in clause 3 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 8B, after sub-section (3) the following new sub-section (4) be added, namely:—

"(4) The provisions of this section shall not apply to the present Majlis-e-Shoora (Parliament) and the Provincial Assemblies inducted in March 1985 and elected on a non-party basis."

(The motion was negatived).

**Mr. Deputy Chairman :** 29, 30 and 31, they are out of scope of the Bill.

The motion moved is:

"that clause 3 forms part of the Bill."

(The motion was adopted).

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 32. moved by three members, Mr. Javed Jabbar, Mr. Wasim Sajjad and Mr. Ahmed Mian Soomro.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I beg to move :

"that clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, this is a very important amendment and if the learned Minister fot Justice will kindly pay some attention to what I am going to say then I will predict that if not today then in the very near future, he will also be moving the same amendment. Sir, the Constitution of 1973 proceeds on a very scientific basis.As already pointed out by the learned Minister for Justice, the Chief Election Commissioner is a permanent office under the Constitution while the Election Commission is constituted for each general elections and as he rightly pointed out the Election Commission becomes functus officio after the general election while the Chief Election Commissioner continues in his office. Under Article 63 of the Constitution as it stands, question of disqualification of members is referred to the Chief Election Commissioner because he is in existence all the time under the Constitution. Because a departure was made from the Constitutional provisions, therefore, they felt the need to introduce a new meaning to the phrase "Election Commission" and to also say in this clause that at a time when the Election Commission is not constituted as provided for in Article 218 even then it will continue for certain purposes for the purpose of this Act. Now Sir, there is contradiction in terms straight away. If the Constitution does not provide for the continuance of the Election Commission, it cannot be continued under a subordinate legislation.

The Constitution provides as to when the Election Commission shall continue to remain constituted and when it will cease to remain as the Election Commission. This subordinate legislation can not let that Election Commission continue.

Secondly, Sir, I would draw your attention to Article 218 which provides for the functions of the Election Commission ; the functions of the Election Commission are very clear : to conduct elections to the National and the Provincial Assemblies and to the Senate. Now, you can't add to the functions of a constitutional body by a subordinate legislation, otherwise, Sir, tomorrow, we will say that the Public Service Commission, let us say, constituted under the constitution, should be given powers to run ginning factories in Pakistan, and it can't be done. When you create constitutional bodies, you vest them with constitutional functions and this is not a function of the Election Commission under the Constitution. If you now revert to Article 63 (2)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

SENATE DEBATES
SENATE OF PAKISTAN
ISLAMABAD.

*Monday, the 16th December, 1985.*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building). Islamabad, at 9.30 A.M. with Deputy Chairman Makhdoom Muhammad Sajjad Hussain Qureshi) in the chair.

## RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلرَّحْمٰنُ ۝١ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝٢ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝٣ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝٤
اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝٥ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۝٦ وَالسَّمَآءَ
رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝٧ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ۝٨ وَاَقِيْمُوا
الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝٩ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝١٠
فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝١١ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ
وَالرَّيْحَانُ ۝١٢ فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝١٣

ترجمہ۔ رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا۔ انسانیت کی جان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا۔ ما کان ما یکون کا بیان انہیں سکھایا۔ سورج اور چاند حساب سے ہیں۔ اور سبزے اور پیڑ سجدہ کرتے ہیں۔ اور آسمان کو اللہ نے بلند کیا۔ اور ترازو رکھی کہ ترازو میں بے اعتدالی نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن نہ گھٹاؤ۔ اور زمین رکھی مخلوق کے لئے۔ اس میں میوے اور غلاف والی کھجوریں اور بھس کے ساتھ اناج اور خوشبو کے پھول۔ تو اے جن و انس! تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت جھٹلاؤ گے۔ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلٰغُ ○

you will find Sir, that the power of the Chief Election Commissioner is granted to him to declare when a member will cease to be a member and, now, we are trying to extend that to the Election Commission by artificial extension in the meaning of the Election Commission.

Thirdly Sir, another anomoly is being created ; we already have an Election Commission under Article 218, a temporary Election Commission was created under PO 4 of 1977 and that Election Commission is also envisaged as a body to which questions of disqualification can be referred. I do not see Sir, how an Election Commission constituted under a Martial Law Order can be allowed to continue after the first of January 1986. The whole clause is full of contradictions. It is unconstitutional and, as I said, sooner or later this position will have to be accepted and an amendment will have to be moved by the Government itself. Let us perform our proper function as the Upper House. We are suggesting to you Sir, that these are mistakes, kindly correct them otherwise, when you go before a court of law these would be thrown out in no time : these are open violations of Article 218, and Article 63 of the Constitution of Pakistan. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** While fully endorsing what my honourable colleague Mr. Sajjad has said. I would like to add that the present amendment seeks to legitimise the discrepancy which is presently existing in the role and the composition of the Election Commission as defined by the Constitution on the one hand, and as imposed by an arbitrary regulation on the other. The net result Sir, I fear, will be that one talks of Governments rigging elections. Here we have a case where the Government will probably be able to rig the Election Commission which will possibly be an even graver constitutional offence. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Ahmed Mian Soomro.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, in addition to what my two learned friends have said, I would like to point out that under Article 218 when an Election Commission is constituted and its purpose is to

hold general elections and other functions, afterwards it becomes functus officio. It can not, by some legislation, be given powers when it does not have it under the Constitution. Secondly, Sir, by this one clause they are having two sections. For each section they should have a separate clause. Clause 4 also seeks to insert sections 11 and also section 12, if that was the purpose they should have had one clause in the Act and put all the sections into that. A new section is always put into a Bill by a separate clause, therefore, putting in these two sections for one clause is also *ultra vires*. Thank you, Sir.

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! معزز سینٹر اس بات کو بخوبی جانتے ہیں کہ اس قانون کے ذریعے سے الیکشن کمیشن کو کچھ اختیارات دیئے جا رہے ہیں۔ یہ درست ہے کہ آرٹیکل ۲۱۸ کے تحت یا پی۔ پی او ۴ کے تحت جو الیکشن کمیشن constitute ہو گا اس کے function ہوں گے الیکشن کروانا، لیکن کوئی بھی additional function کسی اتھارٹی کو دیا جا سکتا ہے۔ اس سیکشن کے ذریعے جو propose کیا جا رہا ہے اس ایکٹ کے تحت ایک الیکشن کمیشن ایک اتھارٹی create کی جا رہی ہے اور میرے معزز دوست اس بات کو جانتے ہیں کہ بہت سے Constitutional offices کو کچھ اور کام بھی سپرد کیئے جا سکتے ہیں۔ جیسے کہ جناب والا! آپ کے علم میں ہے کہ کئی دفعہ عدالت عالیہ اور عدالت عظمٰی کے جج صاحبان جن کو constitution میں خاص فرائض سونپے گئے ہیں کئی دفعہ یہ ہوتا ہے کہ جی فلاں انکوائری پر جج صاحبان کو لگا دیا جائے اور بیشتر دفعہ اس ملک کے اندر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے جج صاحبان نے کئی انکوائری کمیشن میں کام کیا حالانکہ آئین کے تحت ان کے فرائض کچھ اور دیئے ہوئے تھے۔ اسی طرح جناب والا! کئی، کمیشن کئی tribunal بنائے گئے جو Constitution میں نہیں تھے جس میں ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے ججوں کو شامل کیا گیا۔ اس لئے کسی طور پر بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس الیکشن کمیشن کو یہ اختیارات نہیں دیئے جا سکتے۔ یہ اختیارات ان کو سونپے جا سکتے ہیں اور ہم نے صرف یہ کیا ہے کہ اس الیکشن کمیشن کو ہم یہ بھی کہہ سکتے تھے کہ ایک الیکشن کمیشن بنایا جائے گا لیکن ہم نے اس خیال سے کہ اس Constitutional Election کمیشن کو کچھ Constitutional تحفظات بھی حاصل ہوں۔ اور اس کی independency کو قائم رکھنے کے لئے ہم نے یہ اختیارات اس کمیشن کو دیئے اور existing laws کے اندر یہ سیکشن ۱۳ اے اور ۱۳ بی میں الیکشن کمیشن کو کچھ اختیارات دیئے

گئے تھے اور اسی نقطہ نظر سے کہ اگر چیف الیکشن کمشنر کو رکھا جائے تو وہ ایک ممبر یا honourable جج سپریم کورٹ یا ہائیکورٹ کا ہو گا لیکن الیکشن کمیشن میں ایک سے زیادہ سپریم کورٹ یا ہائیکورٹ کے جج ہوں گے اور ان کو زیادہ وسیع اختیارات اور ان پر زیادہ وسیع اعتماد کیا جاسکتا ہے اور ان کی removal آسان نہیں ہو گی۔ اسلئے ان کی independence کو question بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اس بنا پر ہم نے یہ تجویز کیا ہے کہ اختیارات الیکشن کمیشن کو دیئے جائیں۔

And for that reason I oppose this amendment which is unnecessary and I request that it should be put before the House.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, be deleted.

(The motion was negatived).

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 33 is in the name of 8 Senators.

Mr. Javed Jabbar.
Mr. Wasim Sajjad.
Prof. Khurshid Ahmed.
Qazi Hussain Ahmed.
Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel.
Qazi Abdul Latif.
Mr. Ahmed Mian Soomro.
Maulana Kausar Niazi.

**Mr. Javed Jabbar :** sir, 33 and 34 should be clubbed. I move 33, first.

I beg to move :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 11 be deleted.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 11 be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** In deference to the House I shall not take your time. I think the arguments have, very amply, been spelt out in the previous discussion. Thank you, Sir. Mr. Chairman, now I beg to move my amendment No. 34.

I beg to move :

> "that in clause 4, of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 12 be deleted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

> "that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 12 be deleted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Ahmed Mian Soomro.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Since I think that there is no use of pointing out the defects because the Government seems very afraid of going back to the National Assembly with any Bill, therefore, we would not like to harass them unduly rather we will try to pat their back and not put them in a more tight position.

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 33. The motion moved is :

> "that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 11 be deleted."

(The motion was negatived).

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 34. The motion is :

> "that in clause 4, of the Bill, as passed by the National Assembly, the proposed section 12 be deleted."

(The motion was negatived)

**Mr. Deputy Chairman :** Next No. 35, 36, 37 and 38 are taken together.

Amendment No. 35 stands in the name of:

1. Mr. Javed Jabbar.
2. Mr.Wasim Sajjad.
3. Prof. Khurshid Ahmed.
4. Qazi Hussain Ahmed.
5. Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel.
6. Mr. Ahmed Mian Soomro.
7. Maulana Kausar Niazi.

Amendment No. 36 stands in the names of :

1. Mr. Javed Jabbar.
2. Mr. Wasim Sajjad.

Amendment No. 37 stands in the name of:

1. Prof. Khurshid Ahmed.
2. Qazi Hussain Ahmed.
3. Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel.
4. Qazi Abdul Latif.
5. Mr. Ahmed Mian Soomro.
6. Maulana Kausar Niazi.

Amendment No. 38 stands in the names of:

1. Prof. Khurshid Ahmed.
2. Qazi Hussain Ahmed.
3. Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel.
4. Qazi Abdul Latif.
5. Mr. Ahmed Mian Soomro.
6. Maulana Kausar Niazi.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, I beg to move :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words

"Federal Government" occurring in the first line, the words "Majlis-e-Shoora (Parliament) be submitted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion before the House is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Majlis-e-Shoora (Parliament) be substituted."

**Mr. Javed Jabbar :** Sir I beg to move ;

"that in Clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the poroposed section 12, for ther words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Election Commission" be substituted."

**Mr. Deputy Chairman :** The amendment before the House is :

"that in Clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Election Commission" be substituted."

Amendment No. 38, Professor Khurshid Ahmed. (Amendment No. 37 will be taken separately).

**Prof. Khurshid Ahmed :** Sir, I beg to move :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12 for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "with the approval of the Majlis-e-Shoora (Parliament)" be substituted."

**Mr. Deputy Chairman :** The amendment before the House is ;

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12 for the words "Federal Government" occurring in the first line, the

words "with the approval of the Majlis-e-Shoora (Parliament)" be substituted."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, I oppose this amendment.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, May I speak on these two amendments. Amendment No. 35 and 36, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes.

**Mr. Javed Jabbar :** One submission Sir, relates to what I submitted yesterday during the first reading that at this moment, it is very vital to curtail if not to reduce the power of the Federal Government. We live in times when the citizens of the country are subject to the whims and caprice as well as the brutal authority of the Government that is so often being misused. Therefore, Sir, these amendments seek, firstly, number 35, to create or to give power to Parliament rather than to the executive authority of the Government to frame the rules and if that is not so, then in amendment 36, we are willing to accept the role of the Election Commission as a substitute for Parliament if Parliament is found to be unacceptable. Thank you.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کی کمال عنایت سے امنڈمنٹ نمبر ۳۵، اور ۳۸ کے بارے میں کچھ گزارش کرنا چاہتا ہوں ۔ آپ دیکھیں گے کہ ان دونوں ترامیم میں ہم نے اس امر کی کوشش کی ہے کہ سیاسی جماعتوں کے سلسلے میں جو قواعد و ضوابط، رولز اینڈ ریگولیشنز بنائے جائیں گے ہم چاہتے ہیں کہ یہ کام حکومت کی بجائے مجلس شوریٰ کرے ۔ ہم بار بار یہ بات آپ کے توسط سے اس ایوان کی خدمت میں اور خصوصیت سے حکومت کو پیش کر رہے ہیں۔ خدارا سیاسی پارٹیوں کے معاملات کو پارٹی پالیٹکس سے بلند کرنے کی کوشش کیجئے آج آپ حکومت میں ہیں کل آپ اپوزیشن میں ہو سکتے ہیں اور اس میں یہ کیفیت بار بار ہو چکی ہے۔ وہی افراد جنہوں نے سکیورٹی کے قوانین بنائے تھے اس کے بعد سکیورٹی کے قوانین بنانے والے اس کے تحت خود گرفتار ہوئے اور انہیں عدالتوں کا دروازہ انہیں کھٹکھٹانا پڑا، جن عدالتوں کو وہ یہ اختیار دینے کے لئے تیار نہیں تھے۔ یہ بار بار ہو چکا ہے۔ ہمیں اس سے

کوئی سبق سیکھنا چاہیئے، ہم نے بھی سبق سیکھنے کی بات کی ہے اور محترم وزیر عدل نے بھی سبق سیکھنے کی بات کی ہے۔ بدقسمتی سے بات سب کرتے ہیں سیکھنے کی کوشش کوئی نہیں کرتا ہے۔ ہم پوری دلسوزی کے ساتھ اپیل کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا نازک کام ہے جسے آپ کسی بھی in power پارٹی کو نہ دیں۔ یہ کام پارلیمنٹ کرے۔

اگر فرض کیجئے کہ آپ حکومت کا انوالومنٹ چاہتے ہی ہیں تو دوسری ترمیم ۳۸ میں ہم نے اس کو کچھ نرم کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ گو فیڈرل گورنمنٹ ہی بنائے لیکن کم از کم وہ پارلیمنٹ سے approve کروائے۔ ان دونوں میں جو بھی آپ کو قبول ہو، لیکن خدارا اتنے step mother by attitude کا مظاہرہ نہ کیجئے کہ وہ چیزیں جن کے نتیجے کے طور پر ملک میں صحت مند سیاسی روایات قائم ہو سکیں اور سب کو انصاف مل سکے جس میں کل آپ بھی انصاف کے بھکاری بن کر آئیں گے۔ ان تمام امنڈمنٹ کو سامنے رکھ کر وہ راستہ اختیار کیجئے جس میں میرا اور آپ کا مفاد نہ ہو، بلکہ اس ادارے کا، اس قوم کا اور آنے والی نسلوں کا مفاد ہو۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپیل کرتا ہوں کہ اب تک جس راج ہٹ کا مظاہرہ کیا گیا ہے کم از کم اس سے ہٹ کر کچھ open heartedness شو کی جائے اور اس معاملے میں پارلیمنٹ پر اعتماد کیا جائے۔ اس ادارے پر اعتماد کیا جائے۔ جس میں ہم آج بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور جس کی عزت ہماری عزت ہے اور اگر اس کی عزت اور اس کے اختیارات میں اضافہ ہو گا تو اس کے نتیجے کے طور پر اس ملک میں پارلیمانی جمہوریت فروغ پائے گی۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپیل کرتا ہوں کہ محض ٹیکنیکل یا راج ہٹ کی بجائے substance کی بنیاد کے اوپر اس کو قبول کر لیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب وزیر عدل وانصاف!

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! دونوں طرف سے تقریباً ہر ترمیم پر ایک جیسے دلائل دیئے جا رہے ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ مزید اس ایوان کا وقت ضائع کروں۔ لہٰذا اس ضمن میں میں نے جو پہلے گذارشات کی ہیں اس پر اکتفا کرتا ہوں۔ صرف یہ عرض کرونگا کہ کوئی حکومت اس وقت تک برسر اقتدار نہیں رہ سکتی جب تک پارلیمنٹ میں اس کو اکثریت کی حمایت حاصل نہ ہو۔ اس لئے جو برسر اقتدار حکومت ہو گی وہ قواعد و ضوابط اگر پارلیمنٹ سے منظور کروانا چاہے یا خود بنانا چاہے یہ اختیار عملاً اس کو حاصل ہو گا۔ اس لئے کوئی contradiction نہیں ہے اور ماضی میں جتنے بھی قوانین بنتے رہے ہیں اس قسم کے رولز بنانے

کا اختیار ہمیشہ حکومت کو رہا۔ البتہ کوئی بھی قانون جو اس کی violation میں بنے گا وہ قانون جو سٹیچیوٹ بک پر نہیں رہ سکتا۔ یہ بات مجھ سے زیادہ بہتر اس معزز ایوان کے وہ سینیٹر جو ایڈووکیٹ ہیں جانتے ہیں اس لئے کوئی contradiction نہیں ہے اس لئے میں اس امنڈمنٹ کو اپوز کرتا ہوں۔

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Majlis-e-Shoora (Parliament) be substituted."

(The motion was rejected).

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Election Commission" be substituted."

(The motion was rejected)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12 for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "with the approval of the Majlis-e-Shoora (Parliament)" be substituted."

(The motion was rejected)

جناب ڈپٹی چیئرمین اب ہے ترمیم نمبر ۷۳۔

Movers Prof. Khurshid Ahmed, Qazi, Hussain Ahmed, Maulana Khausar Niazi, Abdul Rahim Mir Dad Khel, Qazi Abdul Latif & Ahmed Mian Soomro.

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میں آپکی اجازت سے یہ ترمیم پیش کر رہا ہوں۔

I beg to move ;

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Senate of Pakistan" be substituted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Senate of Pakistan" be substituted."

پروفیسر خورشید احمد : جتنی آہستہ سے oppose کیا ہے وزیر عدل نے اس سے تو ان کے اقرار کا اظہار ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین ! اپنی اس ترمیم کے حق میں ، میں صرف اتنی بات کہنا چاہتا ہوں کہ ہم نے فیڈرل گورنمنٹ سے کئی بار اپیل کی اور انہیں بڑا سنگدل پایا۔ کسی بھی اپیل کیلئے وہ تیار نہیں ہیں۔ ان سے مایوس ہو کر اب ہم اس سینیٹ کی طرف آ رہے ہیں۔ یہ وہ ترمیم ہے جس میں ہم فیڈرل گورنمنٹ سے لیکر کے یہ اختیار آپکو دینا چاہتے ہیں۔ اور اس سینیٹ کی کچھ خصوصیات ایسی ہیں جس بنا پر غالباً ملک میں سب سے زیادہ مؤثر ادارہ یہی ہے جو یہ کام انجام دے سکے۔ اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ اسمیں زیادہ Maturity ہے۔ یہ اپر ہاؤس ہے اس میں age limit آپ کو معلوم ہے کہ قومی اسمبلی سے بھی زیادہ ہے۔ اسکے اندر پروفیشنل ، ٹیکنو کریٹس اور علماء کی نمائندگی کی خصوصی arrangements ہیں جس کی بنا پر یہ ادارہ سب سے زیادہ مؤثر اور اونچا ادارہ ہے جس پر اعتماد ہونا چاہیئے اس کام کو انجام دینے کیلئے۔ ایک دوسری چیز یہ ہے کہ قومی اسمبلی بنیادی طور پر حکومت بناتی ہے اور اس پر عدم اعتماد کا اظہار کرتی ہے۔ اس بناء پر اگرچہ پرائم منسٹر سینیٹ کا بھی لیڈر آف دی ہاؤس ہوتا ہے لیکن اسے سینیٹ سے نہ ہی اعتماد کا ووٹ لینا ہوتا ہے اور نہ ہی عدم اعتماد کا ووٹ لینا ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں سینیٹ وہ غیر جانبدار ادارہ ہے جس میں خواہ حکومت کی اکثریت ہو لیکن چونکہ اعتماد اور عدم اعتماد

کے ووٹ کا تعلق سینیٹ سے نہیں ہے اور یہ معاملہ سیاسی پارٹیز کا ہے ملک میں سیاسی اختلاف آراء کی کثرت، تبدیلی اقتدار ان تمام کیلئے جو نظام بنایا گیا ہے اس نظام کیلئے کیا قواعد و ضوابط ہونگے عقل، تاریخ، اخلاق کی بنیاد پر سب سے زیادہ مستحق یہ ادارہ ہے۔

جناب والا! ہم حکومت سے مایوس ہو کر آپکے پاس آئے ہیں اور آپکو یہ اختیار دینا چاہتے ہیں۔ اب اگر آپ نہیں لینا چاہتے تو آپکی مرضی اور قسمت۔ لیکن ہماری کوشش یہ ہے کہ یہ ادارہ اس معاملے میں جتنا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے ادا کرے۔

ایک اور بات عرض ہے کہ سینیٹ میں پہلے دن سے اس بات پر غور ہوتا رہا ہے کہ کس طریقہ سے سینیٹ کو اس ملک میں زیادہ مؤثر اور با اختیار بنایا جا سکتا ہے۔ دستور میں کچھ معاملات کو محدود کر دیا گیا ہے لیکن کچھ معاملات ایسے ہیں جہاں اپنا اثر اور اپنے مفاد کی حفاظت کر کے آپ اپنے لئے زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہ وہ تاریخی موقع ہے۔ اگر آپ سینیٹ کے اختیارات کو سینیٹ کے کردار کو بڑھانا چاہتے ہیں تو دستور کے فریم ورک کے اندر رہتے ہوئے آپ اس ترمیم کو تسلیم کر کے سینیٹ کو ایک اہم اور نیا کردار دے سکتے ہیں۔ لیکن آپ تیار نہیں ہیں تو پھر کل آپ کسی اور کو اسکا ذمہ دار نہیں قرار دے سکتے۔

لٰہذا میں وزیر عدل کے بجائے اس معزز ایوان کے ارکان سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ اس تاریخی لمحہ کو loose نہ کریں آگے آپکی قسمت۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u> : جناب احمد میاں سومرو صاحب!

<u>جناب احمد میاں سومرو</u> : جناب چیئرمین! چونکہ سینیٹ کو ایوان بالا کہا جاتا ہے اور اسمیں ہر صوبے کی برابر نمائندگی ہے۔ اس میں پانچ پانچ ٹیکنو کریٹس چاروں صوبوں سے ہیں۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ اسے ایوان بالا کے ہاتھ میں ہونا چاہئے فیڈرل گورنمنٹ کی بجائے۔ تو میری عرض وزیر عدل و انصاف' سے بھی ہے 'گو کہ وہ اس ہاؤس کا ممبر نہیں ہے۔ اسکو جب وہ ایوان بالا سمجھتے ہیں تو اس کی کیوں مخالفت کرتے ہیں۔ اور اس ہاؤس کے پاس یہ اختیار بھی نہ ہو۔ آخر یہ کیا اختیار ہے محض رولز بنانے کا' اس ایوان بالا کو وہ صرف سیاسی پارٹی کے رولز بنانے کا اختیار بھی دینے کو تیار نہیں ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ سینیٹ کے ممبران اتنے بے بس نہیں بنیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u> جناب میرداد خیل صاحب!

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین ! میں اس پر کچھ گزارشات پیش کرونگا۔ اس کا بہت بڑا وقار ہونا چاہئے بلکہ اسکو پورے ملک کا باوقار ادارہ ہونا چاہئے اس کے زیادہ سے زیادہ اختیارات ہونے چاہئیں۔ اور اسکو قومی اسمبلی سے بالا ادارہ آپ ایک طرف تسلیم کرتے ہیں کیوں نہ ہم اپنے عقل و دانش اور عمل سے یہ کام سرانجام دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب وزیر عدل وانصاف صاحب!

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! معزز سینٹرز نے اس ترمیم کو پیش کرتے وقت اس معزز ایوان سے استدعا کی ہے کہ وہ کچھ اپنے Rights لے لے۔ اور پھر یہ بھی کہا کہ سینٹ کے پاس کچھ اختیارات ہونے چاہیں اور یہ ایوان بالا ہے اسکی ذمہ داریاں زیادہ ہیں۔ میں یہ گزارش کرونگا کہ اب آئین کے اندر سینٹ اور قومی اسمبلی کی تقریباً legislative power's برابر ہیں۔ اور یہ اسکا ثبوت ہے کہ اس دوران میں جو بھی ترامیم اور قانون سازی ہوئی ہے اس وقت تک وہ پاس نہیں ہو سکی جب تک دونوں Houses نے اس کو Adopt نہ کرلیا۔

پروفیسر خورشید احمد : سوائے Finance کے۔

جناب اقبال احمد خان : جناب 'میں نے تقریباً کا لفظ استعمال کیا ہے۔ یہاں یہ ایوان' ایوان بالا ہے۔ اسکی یہ ذمہ داری بھی ہے کہیں یہ دونوں ایوان آپس میں متحارب یا رقیب نہ بن جائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب معزز سینٹرز نے یہ تجویز پیش کی ہے اور اسکو علیحدہ کروانے کی بات کی ہے۔ انہوں نے غالباً جلدی میں اس بات کا احساس نہیں کیا کہ جہاں قومی اسمبلی کو اختیارات دینے کی بات تھی وہ اس معزز ایوان نے قبول نہیں کی اور اب یہ کیا چاہتے ہیں کہ یہ اختیارات خود حاصل کر کے کل کو قومی اسمبلی کو یہ بات کہنے کا موقع دیا جائے ...........

(مداخت)

پروفیسر خورشید احمد : ہم نے صرف قومی اسمبلی کو اختیارات کا انکار نہیں کیا ہم نے پارلیمنٹ کا کیا ہے جس کا سینٹ بھی حصہ ہے۔

جناب اقبال احمد خان : اور اس معزز ایوان نے یہ reject کی ہے اور یہ معزز ایوان یقیناً نہیں چاہے گا کہ دونوں ایوانوں کا آپس میں تفرقہ ہو کیونکہ اگر اس ترمیم کو Reject کرنے کے بعد accept کیا جائے گا تو یہ صورت حال کہ جب کبھی ہم یہاں

---

Expunged as ordered by the Dy. Chairman

سے بل initiate کریں گے جیسا آپ کے علم میں ہے کہ انشاء اللہ نواں ترمیمی بل یہاں سے initiate ہو گا جو ایک میجر بل ہے آئین کی ترمیم کا۔ ۔ ۔

پروفیسر خورشید احمد : نیشنل اسمبلی میں یہ تجویز آئی تھی کہ سینٹ کو یہ حق دے دیا جائے۔ کوئی تفرقہ نہیں ہے دونوں میں۔

جناب اقبال احمد خان : انہوں نے اکٹھا ہی فیصلہ کیا تھا آپ کی طرح علیحدہ کر کے فیصل نہیں کروایا تھا۔

پروفیسر خورشید احمد : نہیں، ایک ترمیم الگ آئی تھی۔

جناب اقبال احمد خان : میں نے عرض کیا ہے کہ ریکارڈ موجود ہے کہ تمام ترامیم بعینہ وہی ہیں جو نیشنل اسمبلی میں پیش ہوئی تھیں اور ان ترامیم کا club کر کے فیصلہ کیا تھا۔ اور آپ نے ان کو خصوصی طور پر علیحدہ کر کے line light میں لانے کی کوشش کی تاکہ کل جب ہم نیشنل اسمبلی کے پاس جائیں تو یہ کہیں کہ سینٹرز نے ہماری اشک شوئی کے لئے ہمارا نام بھی تو استعمال کیا ہے۔ لیکن آپ نے اپنی ترمیم کو علیحدہ کروا کے اس پر علیحدہ فیصلہ کروانے کی کوشش کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کبھی بھی لیجسلیٹو بزنس کے لئے، دونوں ایوان کے باہمی اشتراک کے لئے اور ملک کے وسیع تر مفاد کے تحت مفید نہیں ہو گا۔ اس ایوان کے معزز اراکین اس ملک کی ضرورت کو بھی سمجھتے ہیں اور اپنی ذمہ داریوں کو بھی سمجھتے ہیں۔ انشاء اللہ وہ جو فیصلہ کریں گے وہ ملکی یکجہتی کا باعث بھی ہو گا اور دونوں کی عزت میں اضافہ کا بھی باعث ہو گا اس لئے میں بھی سمجھتا ہوں کہ اس کو علیحدہ کر کے پیش کرنا مناسب نہیں تھا۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اس لئے اسے ایوان کے سامنے پیش کیا جائے۔

It should be put before the House now. Thank you Sir.

جناب احمد میاں سومرو : سینیٹ میں کچھ زیادہ جوشیلا بولتا ہے ہمارا وزیر صاحب،

(قہقہے)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

> "that in clause 4 of the Bill, as passed by the National Assembly, in the proposed section, 12, for the words "Federal Government" occurring in the first line, the words "Senate of Pakistan" be substituted."

(The motion was negatived.)

**Mr. Deputy Chairman :** Now, amendment No. 39, 40 and 41.

پروفیسر خورشید احمد : No'es اتنی بار آیا ہے اس کے بارے میں ایک شعر آپ کو سنانا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ارشاد فرمائیے'

پروفیسر خورشید احمد : کسی شاعر نے کہا تھا کہ

"تم نے دو بار جو کہا ہے" نہیں ہنس ہنس کر
تم ہی انصاف سے کہہ دو کہ یہ "ہاں" ہے کہ نہیں

(قہقہے)

جناب اقبال احمد خان : میں عرض کرتا ہوں کہ اب جب جناب چیئرمین ! کلاز put کریں تو وہ منہ کے اپنے ذائقہ کو بدلنے کے لئے "ہاں" کہیں۔

**Mr. Deputy Chairman :** Amendment No. 39, 40 and 41 are outside the scope of the Bill and hence cannot be admitted. Now, the motion is :

"that clause 4 forms part of the Bill."

The motion was adopted.

Now we take up the next amendment.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** I beg to move :

"that in clause 1, in sub-clause (2) of the Bill, as passed by the National Assembly, after the words "at once" at the end, the words and figures "except section 8B" be inserted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"that in clause 1, in sub-clause (2) of the Bill, as passed by the National Assembly, after the words "at once" at the end, the words and figures "except section 8B" be inserted".

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, I oppose this amendment.

جناب احمد میاں سومرو : جناب چیئرمین! یہ وہی کلاز ہے جس کے بارے میں' میں سینٹ کے معزز اراکین سے کہہ رہا ہوں کہ وہ خودکشی نہ کریں۔ میں پھر یہ عرض کرتا ہوں کہ وہ خدارا خودکشی نہ کریں۔ میری امنڈمنٹ جو "۸ بی" ہے' اس کا اطلاق' اگلے الیکشن پر جو کہ پارٹی بیسز پر ہوں گے' پر ہونے دیا جائے اور ابھی اپنے گلے پر چھرا نہ چلائیں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب چیئرمین' یہ ویسے ہی abmiguous ہے کہ یہاں انفورسمنٹ کی کلاز ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اسکو split کر لیا جائے تو میں عرض کرتا ہوں کہ پھر enforcement کی کوئی پرویژن ہی نہیں رہے گی۔ ایک تو ویسے ہی یہ آوٹ آف دی سکوپ آف دی بل ہے اور ایمبیگوئس بھی ہے۔ لیکن چونکہ پیش ہوئی ہے اس کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اسے منظور کرنے کا مقصد یہ ہو گا کہ ایک کلاز جو اس معزز ایوان نے منظور کی ہے' اسے محض لٹکایا جائے۔ یہ کوشش کی گئی ہے۔ رولز کے مطابق ان کی امنڈمنٹ منظور نہیں کی جا سکتی اس لئے میں اس کو اپوز کرتا ہوں۔

جناب احمد میاں سومرو اس آئین کے اب تک کئی آرٹیکلز لٹک رہے ہیں۔

جناب اقبال احمد خان ان کے لئے طریقہ کار موجود ہے کہ یہ کیسے انفورس ہوں گے کسی لیجیسلیشن میں یہ نہیں دیا جاتا کہ کسی کلاز کو یا کسی قانون کو معطل رکھنا ہے یا enforcement delay کرنی ہے تو اس کے لئے پھر mechanism بھی ہوتا ہے کہ وہ انفورس کب ہو گی' اور کون کرے گا کیونکہ یہاں یہ چیز نہیں دی ہوئی ہے اس لئے یہ آوٹ آف آرڈر ہے۔ میں اسے اپوز کرتا ہوں۔

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is :

> "that in clause 1, in sub-clause (2) of the Bill, as passed by the National Assembly, after the words "at once" at the end, the words and figures "except section 8B" be inserted".

(The motion was rejected).

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

> "that the short title preamble and clause 1 form part of the Bill."

(The motion was adopted).

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** Sir, with your kind permission, I beg to move:

> "that the Bill further to amend the Political Parties Act of 1962 (the Political Parties Amendment Bill 1985) as passed by the National Assembly, be passed."

جناب وسیم سجاد : پوائنٹ آف آرڈر ' میں جناب ' وزیر انصاف کی توجہ رولز ۹۹ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔

> "The member-in-charge of a Bill may, at any stage of the Bill, move for leave to withdraw the Bill, and if such leave is granted, no further motion shall be made with reference to the Bill."

تو اگر یہ withdraw کرنے کے لئے موشن پیش کریں تو یہ عین رولز کے مطابق ہو گا ۔ اگر اس کے لئے وقت چاہتے ہیں تو میرے خیال میں یہ بھی ایوان دینے کے لئے تیار ہو گا ۔ یہ کوئی غیر قانونی بات نہیں ہوگی ۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اس پر ذرا توجہ دیں ۔ اگر یہ محسوس کرتے ہیں کہ واقعی کچھ غلطیاں ہو گئی ہیں تو ابھی بھی موقع ہے کہ ان کی تلافی کر لیں کیونکہ عنقریب وقت آنے والا ہے کہ یہ حق بھی ان سے چھن جائے گا ۔

جناب حسن اے شیخ : انہوں نے رول ۹۷ ' بڑے غور سے پڑھا ' اس لئے وہ آگے نہیں بڑھے ۔

(مداخلت)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion before the House is :

> "that the Bill further to amend the Political Parties Act 1962, [the Political Parties (Amendment) Bill 1985], as passed by the National Assembly, be passed."

**Mr. Javed Jabbar :** Opposed Sir, and at this stage if I am not mistaken one is to sum up certain thoughts on the Bill. Each member who has participated in the debate. . . . .

جناب ڈپٹی چیئرمین : فرمائیں۔

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, I shall try to be as concise as possible.

*(Interruptions)*

جناب احمد میاں سومرو : اب جناب، اجلاس کو ختم کر دیں اور کل پر رکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں، میرے خیال میں اسے آج ہی ختم کرتے ہیں۔

جناب احمد میاں سومرو : جناب، ابھی اس پر دو تین گھنٹے لگیں گے۔ یہ جناب آپ کیسے ختم کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کل میری معیاد بھی ختم ہو جائے گی اور جو محنت ہم نے کی ہے............

(مداخلت)

جناب احمد میاں سومرو : جناب آپ کی معیاد اس بل کے ساتھ ختم نہیں ہو جاتی ہے۔

(قہقہے)

پروفیسر خورشید احمد : جناب صبح بھی آپ کی معیاد ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں اسے ختم ہی کر لیں۔ میں ایوان سے گزارش کروں گا کہ اب اسے ختم ہی کر لیں۔

**Mr. Javed Jabbar :** Can we ask whether there is going to be a Session tomorrow ?

**Mr. Deputy Chairman :** There has to be because of 9th amendment and other business...*(interruption)*.

**Haji Akram Sultan :** You have already given the ruling, let us proceed.

**Mr. Javed Jabbar :** The first is Sir, that the strong traditional influences that have always been at work in our society which have promoted either dictatorship or a concept of consensus politics it is necessary to note that the strong traditional, almost tribal influences of

Pakistani society have promoted consensus or dictatorship whereas the reality is Sir, that due to the rapid urbanisation that has taken place in Pakistan during the past 20 years, due to the rapid economic changes, due to the creation of large classes of people who are dispossessed, who are disadvantaged, who belong to the low income group, who are illiterate; this reality is in conflict with those very forces which have promoted authoritarianism in this country. The Bill unfortunately does not take note of the reality which is reflected in the nature of the political parties that exist in Pakistan.

The second point is that one single major negative experience with democracy as we witnessed in the 1970's between 1972 and 1977, even though it had many evils, does not mean that the nation should be asked to reject the natural vitality of the deomcratic process. The natural inherent spontaniety of the democratic process, simply because of one doubtful experience does not mean that the people of Pakistan have rejected or wish to reject or impose such harsh regulations, on political parties.

Thirdly Sir, I believe that perhaps due to our colonial experience with the British and also due to the very great preponderance of the armed forces in our country which take up a major part of our budget, which play such a visible role in our life, due to the visibility of the police and all other forms of regimentation the people of Pakistan Sir, I suggest to you, are in danger of becoming apathetic to the imposition of any new laws. I do not give up hope or faith in the people of Pakistan, but I seriously suspect that the law-making processes, the decision-making processes of this country have now taken for granted that any law, any regulation; either imposed by force or by simple majority on Parliament is going to be acceptable to the people of Pakistan. We must pause at such a moment and realise that we must reject these traditions of the past and be truly prepared for a genuinely democratic process which this Bill unfortunately rejects.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! جناب والا میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ اس تیسری خواندگی کے موقع پر آپ نے ہمیں ایک موقع پھر فراہم کیا کہ ہم ایک بار پھر اختصار کے ساتھ اپنے نقطہ نظر کو آپ کے اس ایوان کے اور پوری قوم کے سامنے رکھیں۔ جناب والا! ' احتساب اور اپوزیشن کی آواز کمزور ہو اقتدار کی مخالفت کرنے والے تعداد میں کم ہوں لیکن

[Prof. Khurshid Ahmad.]

تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ کوئی معاشرہ کوئی سیاسی نظام ان آراء کو نظر انداز کر کے جو خواہ تعداد میں کم ہوں لیکن تاریخ پر جن کی نگاہ ہو اور مستقبل میں جو خطرات درپیش ہیں ان کا انہیں شعور ہو ان کو نظر انداز کر کے محض اکثریت کے بل پر آگے بڑھنے کی جو بھی کوششیں ہوئی ہیں وہ کبھی بھی دیرپا ثابت نہیں ہوئیں۔ اس ملک میں ایک وقت وہ بھی تھا کہ جب صرف دو افراد قومی اسمبلی میں اپوزیشن کا کردار ادا کر رہے تھے لیکن ان دو افراد نے بھی اپنے طور پر ایک تاریخی کردار ادا کیا اور behind the sight ہم دیکھتے آئے ہیں کہ تعداد میں کم ہونے کے باوجود انہوں نے پارلیمانی نظام کو پروان چڑھانے میں بڑی اہم خدمات انجام دیں۔ آج میں نے اس طرف اشارہ صرف اس لئے کیا کہ یہ قانون اور اس نوعیت کے اور دوسرے قوانین اگر اکثریت کی بنیاد پر منوا لئے جاتے ہیں تو وہ قوانین تو بن جائیں گے لیکن دلوں میں جو زخم لگیں گے سیاسی روایات کو جو نقصان پہنچے گا شاید اس کی کوئی تلافی آپ کبھی نہ کر سکیں۔ آپ کے پاس اس وقت اتنی تعداد ہے آپ یہ بل پاس کرا سکتے ہیں۔ آپ یہ بل پاس کرا لیں گے اور شاید اس بات پر آپ کو مبارکباد دینے والے بھی مل جائیں لیکن یاد رکھیئے آپ کو اس قوم کو منہ دکھانا ہے۔ آپ کو پھر جا کر کے انتخابات میں شریک ہونا ہے۔ آپ کو سیاسی پارٹیوں کو منظّم کرنا ہے اور سیاسی پارٹیاں اس قسم کے مصنوعی قوانین سے مضبوط نہیں ہوا کرتیں۔ جب تک کہ آپ لوگوں میں نہیں جائیں گے ' بنیادی ممبر شپ نہیں کریں گے ' گھر گھر دعوت نہیں پہنچائیں گے ' محلے محلے میں اپنے آپ کو منظّم نہیں کریں گے اور نیچے سے اوپر تک ایک نظام نہیں بنائیں گے آپ نہ سیاسی پارٹیوں کو منظّم کر سکتے ہیں نہ ملک میں سیاسی استحکام لا سکتے ہیں۔ یہ جو شارٹ کٹس ہیں یہ ماضی میں بھی بڑے مہنگے پڑے ہیں اور آج بھی یہ بڑے مہنگے پڑیں گے۔ اس لئے ' جناب والا! میں سب سے پہلے یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ تلخ حقائق ہمارے سامنے رہیں۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں گذشتہ تین دن میں دلائل کے جو انبار لگائے گئے ہیں جو سوالات اٹھائے گئے ہیں مجھے افسوس ہے کہ ان سوالات کا جواب دینے میں حکومت اور ان کے ہمنوا ناکام رہے ہیں۔ بہت سے سوالات ایسے ہیں کہ جن کو انہوں نے ٹچ بھی نہیں کیا اور بیشتر ایسے ہیں جن کے بارے میں انہوں نے یہ بات کہی ہے کہ ہاں بات تو ٹھیک ہے ہم آئندہ کر لیں گے۔ سوال یہ ہے کہ جب آپ کو آج نظر آ رہا ہے کہ یہ صحیح بات ہے آپ کو یہ موقع بھی حاصل ہے کہ آپ اس غلطی کی اصلاح آج کر سکتے ہیں۔ تو مجھے بتائیے کہ یہ کون سی دانشمندی ہے یہ جانتے ہوئے بھی کہ یہ بات غلط ہے اور برملا ہم سب

کے سامنے آپ اس بات کا اظہار کر رہے ہیں کہ ہاں کل ہم ان خرابیوں کی صلاح کر دیں گے۔ لیکن جب آپ کو یہ موقع حاصل ہے ان کی اصلاح کا تو آپ یہ اصلاح نہیں کرتے۔ کیا یہ عقلمندی ہے یا دانشمندی کی روش ہے۔ اس طرح آپ سیاسی بلوغت کا اظہار کریں گے۔ جناب والا! میں اس کے بعد یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ گو یہ چار شقیں آپ نے منظور کی ہیں یہ چار کلاز آپ نے منظور کی ہیں لیکن فی الحقیقت ان کے ساتھ ساتھ سیاسی جماعتوں کے قانون میں جو بھی چیزیں موجود ہیں اور ان میں چند چیزیں بڑی پریشان کن اور جمہوریت کش ہیں جو اس چور دروازے سے سب داخل ہو گئیں۔ آپ نے صرف دروازہ کھولا ہے لیکن اس دروازے سے وہ تمام ہم پر ابھی مسلط ہیں۔ ہم جو خواب دیکھ رہے ہیں کہ مارشل لاء اٹھے اور صحیح سیاسی انداز میں سیاسی جماعتیں یہاں پر کام کریں۔ مجھے دکھ کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ اس سیاسی جماعتوں کے قانون کی وجہ سے اس دور کو تاریک کرنے اور مشکل بنانے کا کام کیا گیا ہے اور جو موقع آپ کو حاصل تھا کہ اس دور کے لئے آپ ایک صحیح ضابطہ اور صحیح طریقہ مرتب کر دیں۔ اس تاریخی موقع کو ہم نے ضائع کر دیا ہے۔ اور یہ بھی ایک سانحہ ہے کہ ۱۶ دسمبر ہی کو ہم سقوط سیاست کا بھی کام انجام دے رہے ہیں۔

جناب والا! ان چند الفاظ کے ساتھ میں ایک آخری اپیل آپ سے کرتا ہوں کہ یہ ایک موقع ہے کہ اب بھی آپ اس بل کو قبول نہ کریں اور ایک صحیح بل لائیں جس میں دونوں کے تقاضے موجود ہوں استحکام کے جو تقاضے ہیں اور آزادی کی جو ضروریات ہیں جمہوریت کی جو ضروریات ہیں ان دونوں کو آپ پورا کریں۔ اسے آپ کیجئے تو ایک صحیح روایت قائم ہو گی۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, While winding up in the 3rd reading of this Bill I would ask the Government that they should coolly think over the facts, whether this Bill does serve the objective for which it has been brought before Parliament. I am convinced Sir, in my mind that the authorities in the Government are concerned and convinced that their objective of bringing about discipline in the Government Parliamentary Party which they proposed to set up will not be served by this Bill. We are all anxious to have political discipline in this country, but the way this Bill has been brought before us does not achieve that objective. I can forecast from my little political and Parliamentary experience that Government will have to come back to

Parliament with another amendment in this Political Parties Act. They are not accepting our suggestions which we have bonafidely made. We know, we are a very small minority. But inspite of that we thought it is our duty. However, as a small minority we have to do our duty as members of this Senate to point out to the Government the mistakes it has made in this Bill. But as I earlier said they are afraid of going back to the National Assembly. Why they are afraid of, they know better. It would have been much better if the flaws that we have pointed out to them in this Bill had been removed by them and if the House had accepted those amendments. The National Assembly also, I don't think, would have delayed the passage of the Bill alongwith those amendments. Why did the British in their Parliamentary system, have three readings of a Bill ? We have the first reading, then we have the second reading, clause by clause reading after that we have the third reading which we had now. What is the object of that ? That full thought should be given before passing a law and the law should be passed as perfect as possible. It is going to be on the statute book. Those amendments if accepted and the Bill sent back with those corrections, it would have been much better for the country. After all what are the functions of the Senate ? What is the Senate meant for ? It is meant to scrutinize the Bills which may have been passed by the National Assembly. Certain things may not have occurred to them and may occure to any member of the Senate, so such improvement can be brought about, but if the Senate is going to be reduced merely to a rubber stamp and it is just to put stamp on the mistakes then it is a separate thing. Sir, I think, then we are not serving the purpose for which we are supposed to function. It is not a question of anybody's ego. We are making a law, if we amend the law and remove the mistakes, it does not cast any aspersion to the Government. It is not a motion of no confidence. It in no way affects the confidence that the Government has got from the House. It does not affect the prestige or ego. They can not deny that the object of bringing this Bill which has been passed by honourable members of the National Assembly was to bring about political stability through having a disciplined political party behind them. The Bill, in its present form, with all due respect to the Government and the Ministers concerned, does not serve that purpose. If a person joins the party which they propose or which they may have already set up, God knows, but if they have not already set up one and they propose to set up one, whoever joins that party, whether by conviction or by coercion, will in no way be bound by the law which they have now sought to get passed.

Finally Section 8B of the Bill says that if anyone defects or withdraws from a party which he has joined then on a reference by the leader of the parliamentary party concerned the Election Commission would decide the issue. If they had accepted the recommendations of the Special Committee on the Political Parties Act, I think, it will have taken them to their goal, because all of us want political stability. We want that we should frame a law which serves the purpose as well as does justice to every one. Basically, we have come here against the principle of party elections. That is the mandate of the people and even politically it is not right to go against that mandate and form a party or join a party. Sir, I, therefore, hope it is not too late yet for the Minister for Justice and Parliamentary Affairs if he is conscientiously convinced that there are mistakes. I do not say that all the amendments should be accepted, no. We thought by saying no, no, no, sometime he might say yes. So, I would request him to think over it, it is not yet too late, pass the Bill to serve the purpose for which it has been brought. No matter if he has to go back to the National Assembly, which is to meet on the 22nd instant. I am sure, they would not take more than a day or two to accept these amendments. At least before we enter the era of democracy which we are looking forward and the days of which are being counted down we should start with something which really brings us political stability. I thank you, Sir, for giving me this opportunity.

**Mr. Wasim Sajjad :** Mr. Chairman, first of all, Sir, let me thank you for giving us ample time to express our views at various stages of the Bill. It was also during your tenure that the first adjournment motion was admitted in the House. I do not know whether it is a last one. But in either case, you again made history, and you conducted the House on truely democratic lines. At this stage Sir, we are expressing our point of view under Rule 98 very briefly, just summing up the discussion, and as I pointed out earlier, the most damaging provisions of the Bill are those which are not even brought to the House. These are those provisions by which the Political Parties' Act was amended in 1979 and by which provisions for registration of parties was introduced for the first time. In the original Political Parties' Act of 1962 this was not done, and even the few restrictions which were placed on the Bill, against those provisions protection was granted under the Constitution against fundamental rights. Because every body knows

that any restriction which is placed on the freedom of assembly, freedom of association, are contrary to the fundamental rights and therefore, protection was granted. In the 1973 Constitution, Sir, no such protection has been granted and, therefore, we pointed out that this Bill which is now before the House, is contrary to the fundamental rights; it is contrary to Article 63; it is contrary to Article 218. We also pointed out all the possible technical flaws and I feel satisfied, Sir, that as the second framework we have fulfilled our duty. Unfortunately either it is the pressure of work or whether it is true commitment to the date of Martial Law although I do not see any connection between the Bill and Martial Law and at this stage. I fail to see any connection between the withdrawal of Martial Law and this Bill, nevertheless, Sir, we have seen this attitude that the Government is not willing to make any change although we have pointed out very clearly the Constitutional violations that this Bill introduces. So, Sir, these were briefly my submissions and I feel Sir, that this Bill has been wrongly introduced. It is violating the Constitution and it should not be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب وزیر عدل وانصاف!

جناب اقبال احمد خان: شکریہ' جناب چیئرمین! میں اس مرحلے پر معزز سینٹرز کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے کھل کر صحیح طریقے سے اس بل کی تینوں ریڈنگز میں بھرپور حصہ لیا اور بھرپور انداز سے بحث کی۔ میں نے پہلے بھی ذکر کیا کہ یہاں پر کچھ آئینی مسائل پر اظہار کیا گیا۔ میری ناقص رائے میں محض Interpretation کا اختلاف ہے جو اس مرحلے پہ کم از کم میں دعویٰ سے کہنے کو تیار نہیں کہ میری انٹرپریٹیشن درست ہے یا کسی دوسرے معزز سینٹر کی درست ہے۔ یہ تو عدالتوں کا کام ہے اور وہ عدالتیں جنکے پاس کوئی نہ کوئی قانون جاتے رہتے ہیں اسکا فیصلہ کریں گی۔ لیکن ہر معزز سینیٹر کو اس بات کا حق ہے کہ وہ کسی قانون کی تشریح جسے وہ اپنے خیال کے مطابق درست سمجھتا ہے وہ بیان کرے۔ اس لئے اس مرحلے پہ یہی کہنے پہ اکتفاء کرونگا کہ میری رائے میں اس بل کے اندر کوئی آئینی تنازعہ نہیں ہے۔

جناب والا! یہاں ایک معزز سینیٹر نے کہا کہ شاید ہماری طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ اگر کچھ غلطیاں ہیں تو بعد میں درست کرلیں گے۔ میں ریکارڈ کی تصیح کے لئے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ کسی مرحلے پر میں نے یہ گزارش نہیں کی کہ اس بل میں کچھ غلطیاں ہیں جو بعد میں ٹھیک کرلیں گے۔ البتہ یہ بات یہاں میں کہنا چاہتا ہوں کہ قانون ایک جاری عمل ہے جس میں

حالات کے مطابق اور قومی ضروریات کے مطابق ہر ملک کی پارلیمینٹ ردو بدل کرتی رہتی ہیں اس ملک کے اندر بھی یہ ہوا آئین میں بھی یہ ہوتا ہے اور آئندہ بھی یہ ہوتا رہے گا۔ ان دونوں معزز ایوانوں نے اس بات کو سوچنا ہے اور اگر وہ کسی مرحلے پر محسوس کریں کہ کوئی قانون اس ملک کے مفاد کے خلاف ہے عوام کی ضروریات کے مطابق نہیں ہے تو یہ ایوان اس میں ترمیم کر سکتا ہے اس میں کوئی قید نہیں۔ چونکہ مقننہ کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ لگاتار حالات پر نگاہ رکھے اور جب بھی کسی قانون میں ترمیم کی ضرورت محسوس کرے وہ بلا جھجک اسکو زیر غور لاکر اسکا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اسلئے میری گزارش یہ تھی کہ اگر مارشل لاء اٹھنے کے بعد ہمارے پولیٹکل پروسیس کے اندر مقننّہ محسوس کرے کہ سیاسی پارٹیوں کے بل کے اندر کچھ تبدیلیوں کی ضرورت ہے تو یہ مکمل آزاد ہیں۔ اور اس بات کا بین ثبوت یہ ہے کہ ہم نے آٹھویں ترمیمی بل کو منظور کرتے ہی نویں ترمیمی بل کے بارے میں باہمی فیصلے و مشورے کے ساتھ فیصلہ کیا اور یہ انشاءاللہ عنقریب اس معزز ایوان میں پیش کیا جائیگا۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ آٹھویں ترمیمی بل کے بعد یہ نواں ترمیمی بل کیوں آیا۔

جناب والا! اس معزز ایوان کے اراکین اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ اس آئین کی مکمل scrutiny کی جائے گی اور اسکی بنیاد پر دسویں ترمیم بھی لائی جائے میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ قانون ایک متواتر عمل ہے اور یہ چلتا رہتا ہے اور کے اندر جب بھی ضرورت محسوس کی گئی تو بلا جھجک ترمیم لائی جائیگی۔ لیکن یہ کہنا غلط ہو گا کہ موجودہ قانون غلط طور پر پیش کیا گیا ہے۔ بہر طور تمام اراکین نے تحمل و بردباری سے اپنے حق کو استعمال کر کے میری رہنمائی فرمائی اور اچھی روایت قائم کی، جو ہمارے لئے قابل فخر و باعث تقلید ہو سکتی ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عنقریب جب ملک سے مارشل لاء ختم ہو گا تو یہ ایوان جمہوریت کی اعلیٰ روایت قائم کرے گا اور کم از کم ان جماعتوں اور افراد کے لئے مثال قائم کرے گا جو انتخابات کا بائیکاٹ کرتے تھے۔ جب مارشل لاء ختم ہو گا تو قوم کے سامنے یہ فخر سے جائیں گے اور کہہ سکیں گے کہ ہمارا انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ درست تھا۔ ملک سے مارشل لاء ختم کرایا اور صحیح جمہوری روایت قائم کیں۔ سیاسی عمل جاری کروایا۔ اور وہ طریقہ جو دوسروں نے بائیکاٹ کا اپنایا تھا اسکے بجائے یہ طریقہ درست تھا۔

جناب والا! میں اس مرحلے پہ آپکا بھی انتہائی شکر گزار ہوں ۔ آپ نے نہایت تدبر کے ساتھ اس ایوان کو چلایا اور بڑے مشکل مواقع پر بھی آپ نے خندہ پیشانی سے ہماری غلطی سے بھی کمال شفقت سے در گزر کیا اور اس ایوان میں اچھی روایت قائم کی اور ہر رکن کے ساتھ غیر جانبداری سے سلوک کیا' اور ہر ایک کو اس کا حق دیا۔ ہمیں آپکی قیادت پر فخر ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ آپکی اور جناب چیئرمین صاحب کی قیادت میں یہ ایوان انشاءاللہ تعالیٰ آنے والوں سالوں میں اعلیٰ جمہوری روایات قائم کرے گا۔ آپ تمام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آپ سے گزارش ہے کہ میری موشن کو ہاؤس کے سامنے put کیا جائے شکریہ۔

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is:

> "that the Bill further to amend the Political Parties Act 1962, [the Political parties (Amendment) Bill 1985], as passed by the National Assembly, be passed".

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** We claim a division, Sir.

جناب اقبال احمد خان جس حسن سلوک کے ساتھ ہم نے سارا کام نپٹایا ہے' یہ بہت احسن ہے ۔ اگر معزز اراکین کی یہ خواہش ہے کہ ڈویژن کا یہ بھی طریقہ ہو سکتا ہے کہ by standing counting ' ہو اس میں مجھے کوئی اعتراض نہیں کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ یہاں ہم اچھی روایات قائم کریں۔ یہ کوئی جذبہ نہیں کہ اگر کسی بات کا اظہار کیا جائے تو اسے نہ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین اگر آپ اسرار کرتے ہیں تو اس صورت میں..........

جناب میاں احمد سومرو صاحب ارشاد فرمائیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** We would like to insist on it. We will request for a division.

**Mr. Deputy Chairman :** Those in favour of it may stand up.

| | |
|---|---|
| Ayes ........................................................ | 38 |
| Noes ........................................................ | 06 |
| Abstention ................................................ | 01 |

The Bill stands passed.

**مولانا کوثر نیازی** ہمارے مخدوم جناب چیئرمین صاحب کل آپ نے ازراہ کرم ایک تحریک التوا ایڈمٹ کی تھی۔ اس وقت چھوٹے وزیر داخلہ موجود تھے۔ اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ جب خان صاحب تشریف لائیں گے تو آپ ان سے مشورہ کر کے بحث کی تاریخ مقرر کریں گے۔ اب آپ اپنے عہد حکمرانی کا آخری فیصلہ بھی صادر فرماتے جائیں کہ آپ ہمیں ان سے بحث کی تاریخ لے کر دے دیں کہ اس ایڈجرنمنٹ موشن پر بحث کب ہو گی۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**: بالکل آپ نے درست فرمایا' اس کے متعلق جب آپ دوسری دفعہ.................

**مولانا کوثر نیازی**: جناب' میری وزیر داخلہ صاحب سے بات ہو گئی ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**: تو پھر آپ ارشاد فرمائیں۔

**مولانا کوثر نیازی**: وہ تیار ہیں' وہ کہتے ہیں کہ آپ کل ٹیک اپ کر لیں' پرسوں کر لیں' مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**: میں سارے معزز ایوان کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**مولانا کوثر نیازی**: جناب' کوئی فیصلہ تو پہلے صادر فرمالیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**: میں ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ۔

*[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Monday, December 23, 1985.]*

**مولانا کوثر نیازی**: یہ کیا ہوا جناب۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** آپ نے شکریہ بھی ادا نہیں کرنے دیا۔

[The House adjourned to meet again at 5 O'clock in the evening on Monday, December, 23, 1985]